★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 25 ذیقعد 1446ھ، 23 مئی 2025ء، 10 جیٹھ 2082 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 194
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

مودی سرکار پاکستان پر دوبارہ حملے کیلئے سو بار سوچے گی، وزیراعظم

ہم نے پوری دنیا کو باور کرایا کہ یہ جھوٹا الزام ہے اور سازش کا حصہ ہے جو خطے کے امن کو برباد کر سکتا ہے، چنانچہ ہم نے واقعے کی عالمی تحقیقات کا مطالبہ اور تعاون کی پیشکش کی مگر ہندوستان کو یہ ہضم نہ ہوا، خطاب

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان نے 1971 کی جنگ کا بدلہ لے لیا، مودی سرکار دوبارہ حملہ کیلئے 100 بار سوچے گی۔ آزاد کشمیر میں بھارتی جارحیت سے شہید ہونے والوں کے ورثا میں امداد رقوم کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف گیس سیکٹر کے وفد سے میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، رینجرز اور سی ٹی ڈی کی خفیہ کارروائی، فتنۃ الخوارج کے 3 انتہائی مطلوب دہشتگرد گرفتار

کراچی (این این آئی) سندھ رینجرز اور سی ٹی ڈی نے خفیہ اطلاعات پر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے 3 انتہائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

علی پرویز ملک سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی ملاقات

توانائی کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے اور معاشی شراکت داری پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے ملاقات کی جس میں توانائی کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے اور معاشی شراکت داری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ بھارت کے ساتھ حالیہ تنازعے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پہلگام حملہ، سابق بھارتی وزیر خارجہ یشونت سنہا نے پاکستان کو کلین چٹ دیدی

یشونت سنہا نے 65، 71 اور کارگل کی جنگوں میں بھی بھارت کے نقصانات کا اعتراف کرلیا، مودی نے قومی سلامتی کے مسئلے کو سیاست کیلئے استعمال کیا: سابق بھارتی وزیر خارجہ

یہ حملہ بہار کا الیکشن جیتنے کیلئے کروایا گیا، اس سے پہلے پلوامہ میں بھی انتخابات سے پہلے دہشتگردی ہوئی تھی، تب مودی نے اس کا پورا فائدہ اٹھایا تھا: انٹرویو

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی وزیر خارجہ یشونت سنہا نے پہلگام حملے میں پاکستان کو کلین چٹ دے دی۔ سابق بھارتی وزیر خارجہ یشونت سنہا نے ایک انٹرویو میں پہلگام ڈرامے کو مودی کی سازش قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ بہار کا الیکشن جیتنے کیلئے کروایا گیا، اس سے پہلے پلوامہ میں بھی انتخابات سے پہلے دہشتگردی ہوئی تھی، تب مودی نے اس کا پورا فائدہ اٹھایا تھا، قومی سلامتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

سینیٹ اجلاس، خضدار حملہ ناقابل برداشت، بھارتی پراکسیز باز آجائیں اسحاق ڈار

بھارت کی فضا اور زمین پر جو حالت ہوئی اس پر ان کو سبق سیکھنا چاہیے، ہمیں دہشتگردی کے مسئلے پر بیٹھ کر لائحہ عمل متعین کرنا ہے، نائب وزیراعظم، وزیر خارجہ

بھارت دہشتگردوں کو پیسہ اور ٹریننگ دے رہا ہے' عرفان صدیقی' دہشتگردوں کے خلاف بے رحم آپریشن کی ضرورت ہے' شیری رحمان' سینٹ اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خضدار حملہ ناقابل برداشت ہے، بھارتی پراکسیز باز آجائیں۔ چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس جاری ہے۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ خضدار میں سکول بس پر حملہ قابل مذمت ہے، بھارتی پراکسیز کو باز آجانا چاہیے، بھارت کی فضا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا

عوام کا تحفظ اولین ترجیح رہے گا

کور کمانڈرز کانفرنس

ہم بیرونی جارحیت، دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف جاری اپنی مشترکہ جدوجہد میں عوام کے اعتماد اور امیدوں پر پورا اترنے کے لیے پُرعزم ہیں، پاکستان کے عوام ہماری طاقت کا سرچشمہ ہیں۔ کانفرنس کا آغاز آپریشن بنیان مرصوص اور بلوچستان کے ضلع خضدار میں دہشت گردانہ حملے کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی سے ہوا

راولپنڈی: (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، چیف آف آرمی سٹاف کی زیر صدارت 270 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی جس میں اندرونی اور بیرونی سلامتی کے درپیش چیلنجز اور مجموعی سکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، چیف آف آرمی سٹاف کور کمانڈرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جو 9 مئی کو ہوا اور جو کچھ بھارت نے کیا اس میں زیادہ فرق نہیں، مریم نواز

9 مئی کو جن تنصیبات کو آگ لگائی گئی تھی اسی فضائیہ نے دشمن کے 5 جہازوں کو مار گرایا، وزیراعلیٰ

سرگودھا (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ جو کچھ 9 مئی کو ہوا اور جو کچھ بھارت نے کیا اس میں زیادہ فرق نہیں۔ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ جس طرح لیپ ٹاپ کو بچا کر رکھتے ہیں کہ اس میں کوئی وائرس نہ آجائے، اس طرح ذہن کو بھی بچا کر رکھنا ہے کہ اس میں کوئی پولیٹیکل وائرس نہ آجائے۔ تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، طلال چوہدری

تمام صوبوں میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کی ضرورت ہے، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تمام صوبوں میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کی ضرورت ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

آٹو انڈسٹری کی بہتری کے لیے وزیراعظم پر اعتماد کریں، ہارون اختر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے خصوصی معاون ہارون اختر خان کی زیر صدارت میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب و دیگر رہنما مسلم لیگ (ن) آپریشن بنیان مرصوص اور سانحہ خضدار کے شہداء کیلئے دعا کر رہے ہیں

بھارتی ہائی کمیشن کا اہلکار ناپسندیدہ شخصیت قرار، پاکستان چھوڑنے کا حکم

بھارتی ناظم الامور کو سفارتی اہلکاروں کو سفارتی آداب کے منافی سرگرمیوں سے روکنے کی ہدایت کی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں بھارتی ہائی کمیشن کے اہلکار کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے کر 24 گھنٹے میں پاکستان چھوڑنے کا حکم دے دیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے بتایا ہے کہ بھارتی اہلکار کو سفارتی آداب کے منافی سرگرمیوں میں ملوث پایا گیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

مظفرآباد: وزیراعظم شہباز شریف معرکہ حق میں شہید ہونیوالوں کے لواحقین کو امدادی چیک دے رہے ہیں

خضدار میں اسکول بس حملے کی ایک زخمی طالبہ دم توڑ گئی، شہداء کی تعداد 6 ہوگئی

خضدار (این این آئی) خضدار میں اسکول بس پر دہشت گرد حملے کی ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

پاکستان میں عیدالاضحیٰ 7 جون کو ہونے کا قوی امکان

لاہور (این این آئی) ماہرین فلکیات نے کہا ہے کہ پاکستان میں ممکنہ طور پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

اپنی تکمیل کے آخری مراحل کے منصوبوں پر توجہ دیں، احسن اقبال

آئندہ مالی سال کیلئے ایک ہزار ارب روپے پی ایس ڈی پی بجٹ کی حد کے تحت بجٹ تجاویز کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کا کہنا ہے کہ وزارتیں نہایت اہم اور اپنی تکمیل کے آخری مراحل کے منصوبوں پر توجہ دیں۔ وزیر منصوبہ بندی کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں آئندہ مالی سال کیلئے ایک ہزار ارب روپے پی ایس ڈی پی بجٹ کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور چین کی دوستی ہر دن مزید مستحکم ہو رہی ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

پاک چین شراکت داری استحکام، ترقی اور علاقائی سلامتی کا مظہر بن چکی ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے پاک۔چین دوستی کو لازوال قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور بھائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

سینیٹر فیصل واوڈا کی ترقیاتی بجٹ کم کر کے دفاعی بجٹ بڑھانے کی تجویز

دفاعی بجٹ کو بڑھانا پڑے گا، افواج پاکستان کی تنخواہوں کو دوگنا کرنا وقت کی ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر فیصل واوڈا نے ترقیاتی بجٹ کم کر کے دفاعی بجٹ بڑھانے کی تجویز دے دی۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر فیصل واوڈا کا کہنا تھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام روبینہ خالد ملاقات کر رہی ہیں

خضدار واقعے پر ہم ٹھوس ثبوت دیں گے، وزیر دفاع

کالعدم بی ایل اے بھارتی پراکسی کے طور پر کام کر رہی ہے، بھارت پیسا دیتا ہے، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے یہاں خونریزی کرتی ہے

مقبوضہ کشمیر میں بھارت نے 9 لاکھ فوج رکھی ہوئی ہے، ہم کہہ رہے ہیں کہ پہلگام واقعے کی تحقیقات کرائی جائے: خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ خضدار واقعے پر ہم جو کہہ رہے ہیں، اُس کا ثبوت دیں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا کہ کالعدم بی ایل اے بھارتی پراکسی کے طور پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خضدار واقعے پر ہم جو کہہ رہے ہیں اس کا ثبوت دیں گے، بھارت پیسا دیتا ہے، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے یہاں خونریزی کرتی ہے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت نے 9 لاکھ فوج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

سپریم کورٹ، مخصوص نشستوں کا کیس، 3 درخواستیں مسترد

سنی اتحاد کونسل کے بینچ پر اعتراض کی درخواست بھی مسترد، کیس کی سماعت براہ راست نشر کرنے سے متعلق درخواست منظور

آئین کے آرٹیکل 191 اے اور پریکٹس پروسیجر ایکٹ کے ہوتے ہوئے اس بینچ پر 1980 کے رولز کا اطلاق نہیں ہوتا، مخدوم علی خان

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے 11 رکنی آئینی بینچ نے مخصوص نشستوں کے کیس میں سنی اتحاد کونسل کے بینچ پر اعتراض سمیت 3 درخواستیں مسترد کر دیں جبکہ کیس کی سماعت براہ راست نشر کرنے سے متعلق درخواست منظور کر لی۔ جمعرات کو جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 11 رکنی لارجر بینچ نے سنی اتحاد کونسل کے بینچ پر اعتراض سمیت 3 درخواستیں متفقہ طور پر مسترد کر دیں۔ آئینی بینچ نے سنی اتحاد کونسل کی 26 ویں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پشاور: اسد قیصر کو 20 دن کی راہداری ضمانت مل گئی

قائم مقام چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے اسد قیصر کی درخواستوں پر سماعت کی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے اسد قیصر کو 20 دن کی راہداری ضمانت دے دی۔ قائم مقام چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے پشاور ہائیکورٹ میں راہداری ضمانت کیلئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

شکست کے بعد بھارت پاکستان میں دہشتگردی کا نیٹ ورک فعال کر چکا ہے، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

گجرات' ایف آئی اے نے انسانی اسمگلر سعید سنیارا کو گرفتار کر لیا

گجرات (این این آئی) ایف آئی اے نے گجرات میں کارروائی کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

برطانیہ کی سیاسی تاریخ کا منفرد اعزاز ڈاکٹر زاہد چوہان نے اپنے نام کر لیا

لندن (این این آئی) پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کے لیے فخر کا لمحہ، پہلی مرتبہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

یوم تشکر
پاکستان ہمیشہ زندہ باد
لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن اظہار تشکر کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کو ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی دہشتگردی کا سامنا ہے، شیری رحمان

بلوچستان کے سیاسی حل پر گفتگو ایک الگ موضوع ہے، لیکن یہ سیاسی لوگ نہیں ہیں۔ ان لوگوں سے ماضی میں انسانی حقوق فورم پر مل چکی ہوں

ہم نے دوسرا اے پی ایس دیکھا ہے، ٹی ٹی پی کو افغانستان سے اور بی ایل اے کو بھارت سے معاونت حاصل ہے، سینٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی دہشت گردی کا سامنا کر رہا ہے۔ سینیٹ اجلاس کے دوران شیری رحمان نے کہا کہ ہم نے دوسرا اے پی ایس دیکھا ہے۔ ٹی ٹی پی کو افغانستان سے اور بی ایل اے کو بھارت سے معاونت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سیاسی حل پر گفتگو ایک الگ موضوع ہے، لیکن یہ سیاسی لوگ نہیں ہیں۔ ان لوگوں سے ماضی میں انسانی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

پی پی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی وفد کے ہمراہ گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کر رہے ہیں

اسرائیل کی ظالمانہ کارروائیاں ناقابل برداشت ہیں، ملالہ

اسرائیل پر دباؤ ڈالا جائے تاکہ غزہ کے معصوم شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جاسکے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) نوبیل انعام یافتہ انسانی حقوق کی کارکن ملالہ یوسفزئی نے عالمی برادری سے فوری اقدام کی اپیل کرتے ہوئے زور دیا ہے کہ اسرائیل پر دباؤ ڈالا جائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

اسرائیلی فوج نے یمن سے داغا گیا میزائل فضا میں تباہ کر دیا

حوثیوں نے صعدہ شہر کے اطراف سے اسرائیل کی طرف میزائل فائر کیا تھا، عسکری ترجمان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ یمن سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

واشنگٹن میں فائرنگ، اسرائیلی سفارتخانے کے دو اہلکار ہلاک

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے دار الحکومت واشنگٹن میں فائرنگ سے اسرائیلی سفارتی عملے کے دو ارکان ہلاک ہو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احد چیمہ ورلڈ بینک کی منیجنگ ڈائریکٹر کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

محکمہ داخلہ پنجاب نے کمسن بچوں کی حفاظت کیلئے آگاہی مہم لانچ کر دی

گڈ ٹچ بیڈ ٹچ آگاہی کے لئے خصوصی اینیمیشن سیریز کی پہلی قسط جاری کر دی گئی' ترجمان

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ پنجاب نے کمسن بچوں کی حفاظت کیلئے آگاہی مہم لانچ کر دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کا کہنا تھا کہ گڈ ٹچ بیڈ ٹچ آگاہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

بھارتی آبی جارحیت میں مزید شدت آگئی، دریائے نیلم کا پانی روک لیا

بھارت نے دریائے چناب کو بیاس اور راوی کے نظام سے جوڑنے کے منصوبے پر کام تیز کر دیا

نیلم (این این آئی) بھارت کی آبی جارحیت ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، جہاں حالیہ اقدامات کے تحت کشن گنگا ڈیم سے دریائے نیلم کا پانی روک دیا گیا ہے، جس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

اسلام کا لبادہ اوڑھے فتنۃ الخوارج کا اصل چہرہ سب پر عیاں

کان کنی اور معدنیات کے ٹھیکیداروں کو فتنۃ الخوارج کی جانب سے دھمکی آمیز خط موصول

اسلام آباد (این این آئی) اسلام کا لبادہ اوڑھے شر انگیز فتنہ الخوارج نے اپنا اصلی مکروہ چہرہ سب پر عیاں کر دیا، بھارتی آقاؤں کی مکمل مالی امداد اور سہولت کاری کے باوجود فتنہ الخوارج مکمل طور پر ناکام ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق نام نہاد شریعت کے علمبردار فتنہ الخوارج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک محمد علی تابہ کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

شام کی تعمیر نو کی بنیاد ریاض ملاقات میں رکھی گئی، نائب سفیر

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں شام کے نائب سفیر ریاض خدور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

یتن یاہو سے متعلق ٹرمپ کا رویہ ہمارے غیر ملکی تعلقات کو نقصان پہنچا رہا، اسرائیلی اپوزیشن

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی اپوزیشن کے رہنما یائر لاپڈ نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا اسرائیلی وزیر اعظم نیتن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

مسجد الحرام میں اے آئی سے چلنے والا روبوٹ متعارف کرا دیا گیا

مکہ مکرمہ (این این آئی) جیسا کہ سعودی عرب میں حج کے آغاز کے لیے تیاریاں جاری ہیں تو اس سال عازمین ایک نئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی کی یورپ میں چاول کے بڑے امپورٹرز و ٹریڈرز جین پال شپینز سے ملاقات

لکسمبرگ (این این آئی) یورپین یونین بیلجیئم اور لکسمبرگ میں پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی نے یورپ میں چاول کے بڑے امپورٹر و ٹریڈر شپینز اینڈ کمپنی کے سی ای او مسٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

پاکستان دشمنی میں اہم کردار آر ایس ایس کا ہے، انوار الحق کاکڑ

بی جے پی نے آر ایس ایس کا فلسفہ اپنایا، یہ فکری اساس اداروں اور سیاسی جماعتوں میں پھیلا رہے' خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ بھارت کی عوام پاکستان کی دشمن نہیں، پاکستان دشمنی میں اہم کردار آر ایس ایس کا ہے۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ ہمارے معصوم بچوں کی شہادت کی صورت میں انتہائی دلخراش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

Education Department
لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

غیر ملکی کاروبار عالمی تجارتی میلوں سے چینی منڈی میں اپنی جڑیں مضبوط کررہے ہیں

ہاربن (شنہوا) 34ویں ہاربن عالمی اقتصادی وتجارتی میلے کے دوران ہوکائیڈو کے سٹال پر ہجوم اکٹھا ہوگیا جہاں ہاتھ سے بنے چاول کے گولوں کے براہ راست مظاہرے اور شمالی جاپانی پریفیکچر کی علاقائی لذیذ اشیاء کی نمائش نے لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کررکھی تھی۔ ہوکائیڈو کے نائب گورنر تاکایوکی کانو نے کہا کہ رواں سال ہوکائیڈو کے 14 کاروباری ادارے 36 خاص مصنوعات کی نمائش کر رہے ہیں جن میں سے 12 کمپنیاں اور 34 مصنوعات پہلی بار اس میلے میں شرکت کررہی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ تقریب ہوکائیڈو کے کاروبار کو مقامی تقسیم کار حاصل کرنے اور پورے چین میں اپنے قدم جمانے میں مدد دے گی۔ چین کے شمال مشرقی صوبے حئی لونگ جیانگ کے صدر مقام ہاربن میں بدھ کو ختم ہونے والے اس سالانہ میلے میں امریکہ، جاپان اور سوئٹزرلینڈ سمیت 38 ممالک اور خطوں سے ایک ہزار 500 سے زائد کاروباری ادارے شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ 23 چینی صوبوں، خودمختار علاقوں اور بلدیات سے بھی شرکاء نے شرکت کی۔ میلے کے دوران غیر ملکی حکام اور کاروباری نمائندوں نے سرمایہ کاری کی منزل کے طور پر حئی لونگ جیانگ کی بڑھتی ہوئی کشش کو اجاگر کیا اور چینی منڈی سے اپنی وابستگی کو مزید گہرا کرنے کا عہد کیا۔

چین میں کاروباروں کو آن لائن بدنام کرنے اور بھتہ خوری کے خلاف کریک ڈاؤن شروع

بیجنگ (شنہوا) چین کے اعلیٰ انٹرنیٹ ضابطہ کار نے کاروبار اور کاروباری افراد کو نقصان پہنچانے والی آن لائن بدنامی، بھتہ خوری اور بدنیتی پر مبنی تشہیر سے نمٹنے کے لئے 2 ماہ کی طویل ملک گیر مہم شروع کردی ہے۔ جمعرات کے روز مرکزی سائبر سپیس امور کمیشن کے دفتر کی اعلان کردہ اس مہم کا مقصد ملک کی اعلیٰ معیار کی ترقی کے تناظر میں ڈیجیٹل ماحول کو صاف کرنا اور ایک مثبت کاروباری ماحول کا فروغ ہے۔ اس اقدام میں نام نہاد بلیک ماؤتھس، آن لائن اکاؤنٹس یا ایسے بااثر افراد کو ہدف بنایا گیا ہے جو منافع یا فائدہ اٹھانے کے لئے اداروں سے متعلق غلط یا نقصان دہ مواد پھیلاتے ہیں۔ اہم مسائل میں مصنوعات کے معیار یا قیمت سے متعلق منفی دعوے گھڑنا اور نقصان دہ پوسٹس کو ہٹانے کے عوض رقم کا مطالبہ شامل ہے۔ حکام نے خاص طور پر مصنوعات کے آغاز یا سٹاک لسٹنگ جیسے حساس کاروباری مواقع کے دوران عوامی نگرانی کے بھیس میں آن لائن اثر و رسوخ کے غلط استعمال کی بھی نشاندہی کی ہے۔ یہ مہم عوامی اعداد وشمار کی بدنیتی پر مبنی ہیرا پھیری، آن لائن دھوکہ دہی، غلط حوالہ دینے اور کاروباری رہنماؤں کی پرائیویسی کی خلاف ورزیوں کے مسائل کو بھی حل کرے گی۔

شہر میں دندناتے ہوئے ڈاکو اور چور شہریوں کے لیے عذاب بن گئے، پولیس کاغذی کاروائی میں مصروف

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں دندناتے ہوئے ڈاکو اور چور شہریوں کے لیے عذاب بن گئے، پولیس کاغذی کاروائی میں مصروف، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لاہور میں مختلف جرائم کی 332 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 7 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 8 افراد سے لاکھوں روپے، 3 شہریوں سے موٹرسائیکلیں اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 15 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 40 موٹرسائیکلیں،، 1 کار 3 دیگر وہیکل۔ 2 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 253 وارداتیں رپورٹ ہوئیں،

نامعلوم چور مارکیٹ کے چوکیدار کو باندھ کر تیز دھار آلے سے قتل دکانیں لوٹ کر فرار

لاہور (کرائم رپورٹر) نولکھا میں واردات کے دوران نامعلوم چور پارکیٹ کے چوکیدار کو باندھ کر تیز دھار آلے سے قتل کر کے دو دکانوں کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے کا سامان چوری کر کے فرار ہو گئے، اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے فرانزک ٹیم کی مدد سے شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا تفصیلات کے مطابق نولکھا کے علاقے میں نقب زنی کی واردات کے دوران چور چوکیدار کو چارپائی سے باندھ کر تیز دھار آلے سے قتل کر کے دو دکانوں کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کے سپیئر پارٹس چوری کر کے فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے فرانزک ٹیم کی مدد سے شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول لال خان مانسہرہ کا رہائشی تھا شبہ ہے کہ چور واردات کے لیے آئے اور چوکیدار کو قتل کیا تاہم اس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے

سی سی ڈی کے زیر حراست ایک اور ملزم مبینہ پولیس مقابلے کے دوران اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی ڈی کے زیر حراست ایک اور ملزم مبینہ پولیس مقابلے کے دوران اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا جبکہ فائرنگ کرنے والے ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، پولیس نے مرنے والے ڈاکو کی لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے فرار ہونے والے ساتھیوں کی تلاش کے لیے ناکہ بندی کر دی، سی سی ڈی حکام کے مطابق CCD سول لائن بر ریمانڈ ملزم طاہر شاہ عرف حسن رضا ولد نصیر حیدر سکنہ شادیوال سبزہ زار لاہور کو مقدمہ نمبر 100/25 بجرم 392 پ تھانہ ریس کورس میں لے کر برائے برآمدگی اسلحہ و گرفتاری ہمراہی ملزمان عابد گارڈن کنال روڈ نزد خیرابل پہنچی تو نامعلوم ملزمان نے اندھادھند فائرنگ کی جس پر ملزم طاہر شاہ زخمی ہو گیا جسے فوری طبی امداد کے لیے سروسز ہسپتال کا روانہ کیا گیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں دم توڑ گیا۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق گلبرگ سکیم کے دورے کے دوران افسران کو ضروری ہدایت دے رہے ہیں

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا گلبرگ سکیم کے مختلف بلاکس کا دورہ، جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

گلبرگ سکیم کے کمرشل کوریڈورز میں سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ کے تحت کام جاری ہے، واسا اور ایل ڈی اے ٹیمیں انٹیگریشن سے کام کررہی ہیں۔ بریفنگ

پارکنگ ایریا، فٹ پاتھ، پیدل چلنے والوں کے لیے سہولیات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ فٹ پاتھ پر دیدہ زیب اور پائیدار ٹف ٹائلز اور پیور لگائے جارہے ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے پراجیکٹ ڈائریکٹر اور کنٹریکٹر کو کام کی سپیڈ بڑھانے کی ہدایت کی

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز گلبرگ سکیم کے مختلف بلاکس کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے فیشن ایونیو، سرسید روڈ، غالب روڈ کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے حالی روڈ، قصوری روڈ اور دیگر بلاکس کا بھی دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے گلبرگ سکیم میں سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ ماڈل کے تحت جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید اور پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بریفنگ دی۔ گلبرگ سکیم کے کمرشل کوریڈورز میں سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ کے تحت کام جاری ہے۔ واسا اور ایل ڈی اے ٹیمیں گلبرگ سکیم میں انٹیگریشن سے کام کر رہی ہیں۔ پارکنگ ایریا، فٹ پاتھ، پیدل چلنے والوں کے لیے سہولیات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ فٹ پاتھ پر دیدہ زیب اور پائیدار ٹف ٹائلز اور پیور لگائے جا رہے ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کام کے معیار کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے پراجیکٹ ڈائریکٹر اور کنٹریکٹر کو کام کی سپیڈ بڑھانے کی ہدایت کی۔

غیرقانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے ٹاؤن پلاننگ ونگ متحرک، مختلف سکیموں میں 126 املاک سربمہر کردیں

سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، کلینک، گراسری سٹور، فارمیسی، ریسٹوران، فوڈ پوائنٹ، ورکشاپ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں

غیرقانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹاؤن پلاننگ ونگ غیرقانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف متحرک ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف سکیموں اور ایل ڈی اے کنٹرولڈ ایریا میں آپریشن کر کے 126 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گلبرگ، نیوگارڈن ٹاؤن، شادمان، نیومسلم ٹاؤن، آزادی چوک تا ٹمبر مارکیٹ، وحدت روڈ، علامہ اقبال ٹاؤن میں آپریشن کیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے غیرقانونی کمرشل استعمال، کمرشل فیس کی عدم ادائیگی پر گلبرگ، نیوگارڈن ٹاؤن میں 29 املاک، شادمان، نیومسلم ٹاؤن،، وحدت روڈ، آزادی چوک تا ٹمبر مارکیٹ میں 75 املاک سربمہر کر دیں۔ ٹیموں نے ریکوری آپریشن کے دوران علامہ اقبال ٹاؤن میں 22 املاک سیل کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، کلینک، گراسری سٹور، فارمیسی، ریسٹوران، فوڈ پوائنٹ، ورکشاپ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت پر غیرقانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

محکمہ تحفظ ماحولیات کے زیراہتمام تقریب وریلی کا اہتمام کیا گیا

ریلی میں محکمہ ماحولیات کے افسران وملازمین کے علاوہ فرقان شہید ہائی سکول شیخوپورہ کے سکاؤٹس اور شہریوں نے شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) عالمی یوم حیاتیاتی تنوع کے موقع پر ہرن مینار میں محکمہ تحفظ ماحولیات کے زیراہتمام تقریب وریلی کا اہتمام کیا گیا جس میں محکمہ ماحولیات کے افسران وملازمین کے علاوہ فرقان شہید ہائی سکول شیخوپورہ کے سکاؤٹس اور شہریوں نے شرکت کی، ریلی کی قیادت ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ ماحولیات چوہدری عبدالقیوم نے کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری عبدالقیوم نے کہا کہ محکمہ ماحولیات حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ہر قسم کی آلودگی کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ عوام میں شعور وآگاہی پیدا کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کررہا ہے اس سلسلہ میں ضلع بھر میں پودے لگانے کی مہم جاری ہے جبکہ پولی تھن کے تدارک کیلئے بھی اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور 75 میکرون سے کم گیج کا استعمال بند کیا گیا ہے اور اس پر عملدرآمد کیلئے ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر وزٹ کررہی ہیں دوسری طرف علاقائی جنگلات کی حفاظت کیلئے بھی محکمہ کام کررہا ہے انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں، تقریب کے اختتام پر پودے لگائے گئے اور ملکی سلامتی وخوشحالی کی خصوصی دعا کی گئی جبکہ ریلی میں شریک اساتذہ وطلبہ نے افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے سیاسی وعسکری قیادت کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:50
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

سوئی ناردرن گیس کے حصص داران نے مالی سال 24-2023 کے لیے تاریخ کا بلندترین 75 فیصد نقد مقسوم منظور کرلیا

سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کا 60واں سالانہ اجلاس عام (AGM) جمعرات، 22 مئی 2025 کو ہوٹل آواری، لاہور میں منعقد ہوا

60TH ANNUAL GENERAL MEETING
HISTORIC PROFITS, SHARED SUCCESS:
A YEAR OF COLLECTIVE ACHIEVEMENT...
سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ
60واں سالانہ اجلاس عام

لاہور (صدف الطاف چوہدری سے) سوئی ناردرن گیس کے حصص داران نے مالی سال 24-2023 کے لیے تاریخ کا بلندترین 75 فیصد نقد مقسوم منظور کرلیا سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کا 60واں سالانہ اجلاس عام (AGM) جمعرات، 22 مئی 2025 کو ہوٹل آواری، لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں حصص داران نے مالی سال مختتمہ 30 جون 2024 کے لیے کمپنی کے سالانہ پڑتال شدہ مالیاتی گوشوارہ جات منظور کیے۔ کمپنی نے اپنی تاریخ کا سب سے زیادہ منافع حاصل کیا، جس میں قبل از محاصل منافع 843,29 ملین روپے اور بعداز محاصل منافع 977,18 ملین روپے رہا، جو فی حصہ آمدنی (EPS) 29.92 روپے بنتی ہے۔ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں یہ ایک نمایاں اضافہ ہے جب کمپنی کا بعداز محاصل منافع 564,10 ملین روپے اور 16.66 روپے فی حصہ رہا تھا۔ حصص داران نے بورڈ کی سفارش پر مالی سال مختتمہ 30 جون 2024 کے لیے فی حصہ 50.7 روپے (یعنی 75 فیصد) کا تاریخ کا بلندترین نقد مقسوم بھی منظور کیا۔ اس کے علاوہ، اگلے مالی سال 25-2024 کے لیے بیرونی پڑتال کنندگان کی حیثیت سے میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کی دوبارہ تقرری کی منظوری بھی دی گئی۔ دوران سال، کمپنی کی ایک نمایاں کامیابی 'غیر محسوب برائے گیس' (UFG) میں قابل ذکر کمی رہی۔ مجموعی طور پر UFG کا نقصان 15.5 فیصد سے کم ہوکر 93.4 فیصد پر آگیا، جو گزشتہ 18 برسوں میں سب سے کم سطح ہے۔ فیلڈ میں بروقت اقدامات، ٹیکنالوجی کے استعمال اور سخت نگرانی کے ذریعے کمپنی نے 269,1 MMCF گیس کی بچت کی، جو اس کی عملی کارکردگی اور ماحولیاتی ذمہ داری سے وابستگی کا ثبوت ہے۔ اجلاس میں حصص داران سے ایک تفصیلی سوال و جواب کا سیشن بھی رکھا گیا، جس میں متعدد تجاویز نوٹ کی گئیں اور شرکاء کو مکمل اطمینان بخش جوابات دیے گئے۔ اجلاس کی صدارت جناب سعادت علی خان نے کی۔ اجلاس میں محترمہ فاریہ رحمٰن صلاح الدین، جناب احمد چنائے (ڈائریکٹرز)، جناب فیصل اقبال (ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر - سروسز)، جناب ثاقب ارباب (ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر - آپریشنز)، جناب کامران اکرم (چیف فنانشل آفیسر)، اور جناب امتیاز محمود (سینئر جنرل منیجر کارپوریٹ افیئرز/کمپنی سیکریٹری) بنفس نفیس شریک ہوئے، جبکہ جناب طارق اقبال خان، جناب محمد رمضان، محترمہ سائرہ نجیب احمد، جناب ظفر عباس اور مینیجنگ ڈائریکٹر جناب عامر طفیل نے بصری رابطے کے ذریعے شرکت کی۔ کمپنی کی سینئر انتظامیہ کے اراکین بھی اجلاس میں موجود تھے۔

بیکری اور کریانہ سٹور واقع نزد والا روڈ امین پور بنگلہ پر بااثر ملزمان کا جان لیوا حملہ

حملہ آوروں میں شہزاد، ناصر، محمد کاشف، احمد، محمد عثمان، علی، محمد خالد سمیت دیگر شامل تھے: انصاف دلایا جائے: رہائشی محمد افتخار

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) چک نمبر 59 ج ب فیصل آباد کے رہائشی محمد افتخار نے اپنے وکیل کے ہمراہ فیصل آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ مورخہ 11 مئی 2025 کو ان کی بیکری اور کریانہ سٹور واقع نزد والا روڈ امین پور بنگلہ پر بااثر ملزمان نے جان لیوا حملہ کیا، اندھا دھند فائرنگ سے علاقہ میں خوف و ہراس پھیلایا اور دکان کا مکمل انفراسٹرکچر، فریجز، کاؤنٹر، شیشے اور دیگر سامان تباہ کرکے تقریبا 20 لاکھ روپے کا نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ حملہ آوروں میں شہزاد، ناصر، محمد کاشف، احمد، محمد عثمان، علی، محمد خالد سمیت دیگر شامل تھے، جو مین روڈ پر بھی اندھادھند فائرنگ کرتے رہے۔ پولیس نے واقعے کے بعد مقدمہ نمبر 478/25 درج کیا لیکن دہشتگردی کی دفعات شامل نہیں کی گئیں، صرف 149، 148، 337H2440 ت پ لگائی گئیں اور ملزمان کو فرار ہونے کا موقع دیا گیا۔ افتخار کا کہنا تھا کہ انہوں نے سی پی او فیصل آباد کو دہشتگردی کی دفعات شامل کرنے کی درخواست دی، لیکن نہ کسی نے بلایا، نہ موقع کا معائنہ کیا گیا۔ ملزمان مسلسل گواہان کو دھمکیاں دے رہے ہیں اور صلح سے انکار پر جھوٹے مقدمات میں پھنسوانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے وزیراعظم، وزیراعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کسی دیانت دار آفیسر کے ذریعے شفاف انکوائری کروا کر دہشتگردی کی دفعات شامل کی جائیں اور ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

FAISALABAD PRESS C

شمسی انرجی پاکستان میں تیسری بڑی توانائی کا ذریعہ بن گیا ہے

لاہور (خبرنگار) سولر توانائی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے باعث شمسی انرجی پاکستان میں تیسری بڑی توانائی کا ذریعہ بن گیا ہے، جس نے کوئلے سے ماحولیاتی آلودگی کا سبب بننے والی توانائی کو پیچھے چھوڑ دیا ہے، ان خیالات کا اظہار ٹرینا سولر کے چیئرمین گاؤ جیفان نے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا، گرین انرجی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں بتایا گیا کہ پاکستان دنیا کی چھٹی سب سے بڑی شمسی توانائی کی مارکیٹ بن گیا ہے، جو ملک میں تیزی سے قابل تجدید توانائی کی جانب بڑھنے کا ثبوت ہے، پاکستان میں چائینیز ٹرینا سولر نے 2025 کی نمائش کے دوران کئی معاہدے کیے ہیں، جس سے 2030 تک 10 ہزار میگاواٹ سے زائد بجلی سولر سے پیدا کی جائے گی۔ جس سے پاکستان میں سستی توانائی کا حصول بڑھنے سے جہاں عوام کو فائدہ ہوگا۔ وہاں صنعتی پیداوار میں غیر معمولی اضافہ سے پاکستان ترقی کرے گا۔

ڈاکٹر محمد قاسم محمود کو HEC Best Young Researcher Award سے نوازا گیا

یہ ایوارڈ ایسے نوجوان محققین کو دیا جاتا ہے جن کی عمر 40 سال سے کم ہو

لاہور (خبرنگار) انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹی (ITU) پنجاب کے لیے یہ ایک غیر معمولی اعزاز ہے کہ اس کے قابل فخر فیکلٹی رکن، ڈاکٹر محمد قاسم محمود، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور چیئرمین شعبہ الیکٹریکل انجینئرنگ، نے ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے دسویں ریسرچ ایوارڈز میں HEC Best Young Researcher Award حاصل کرلیا ہے۔ یہ ایوارڈ ایسے نوجوان محققین کو دیا جاتا ہے جن کی عمر 40 سال سے کم ہو اور جن کی تحقیق نہ صرف سائنسی ترقی کو آگے بڑھانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہو بلکہ وہ پاکستان کو درپیش سماجی چیلنجز کے حل میں بھی مؤثر کردار ادا کر رہے ہوں۔ اس ایوارڈ کے ذریعے ان محققین کی موجودہ کارکردگی اور مستقبل کی تحقیقی صلاحیتوں کو تسلیم کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر قاسم محمود کی تحقیقی خدمات عالمی سطح پر تسلیم شدہ ہیں۔ انہوں نے نینو فوٹونکس، میٹا میٹیریلز، اور اپلائیڈ الیکٹرومیگنیٹکس جیسے پیچیدہ سائنسی شعبوں میں نمایاں کام کیا ہے، جس کے نتیجے میں 90 سے زائد تحقیقی مضامین بین الاقوامی جرائد میں شائع ہوچکے ہیں۔ ان کی تحقیق کو نہ صرف تعلیمی حلقوں میں سراہا جارہا ہے بلکہ یہ صنعتی اور تکنیکی میدانوں میں بھی نئے در وا کرنے میں مددمعاون ثابت ہورہی ہے۔ ڈاکٹر قاسم محمود کو اس سے قبل 2023 میں ICO/ICTP Gallieno Denardo Award سے بھی نوازا گیا تھا۔ انہیں اسٹینفورڈ یونیورسٹی کی عالمی سطح پر ممتاز ترین 2 فیصد سائنسدانوں کی فہرست میں بھی دو سال مسلسل شامل کیا گیا (2021 اور 2022)، جو ان کی تحقیق کی بین الاقوامی اہمیت کا ثبوت ہے۔ ITU میں بطور چیئرپرسن، ڈاکٹر قاسم نے نہ صرف تحقیقی ماحول کو فروغ دیا۔

مختلف صنعتی یونٹس میں فائر ڈرلز واویکوایشن ڈرلز کی عملی مشقیں کروائی گئیں

صنعتی مزدوروں کو ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کے عوامل کی تربیت دی گئی: چوہدری محمد حنیف

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت ہوم سیکرٹری پنجاب نورالامین، ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، اے ڈی سی جنرل نعمان ڈوگر اور ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس شیخوپورہ خالد شہزاد اعوان کی خصوصی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کے چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے مختلف صنعتی یونٹس میں فائر ڈرلز و اویکوایشن ڈرلز کی عملی مشقیں کروائی اور صنعتی مزدوروں کو ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کے عوامل کی تربیت دی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد حنیف ورک نے کہا کہ شہری دفاع کی تربیت ہر نوجوان کیلئے ضروری ہے تاکہ زمانہ امن و جنگ میں ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کے قابل بنا جا سکے محکمہ سول ڈیفنس صنعتی مزدوروں اور طلبہ کو شہری دفاع کی تربیت دینے پر خصوصی توجہ دے رہا ہے جس کے مثبت وتعمیری نتائج برآمد ہو رہے ہیں شہری دفاع کی تربیت کے حصول کا بڑھتا رجحان خوش آئند ہے جس کیلئے پنجاب حکومت کی طرف سے موثر لائحہ عمل اختیار کیا گیا ہے اور ضلعی انتظامیہ کے افسران کی نگرانی میں محکمہ سول ڈیفنس صوبائی حکومت کے محفوظ پنجاب پروگرام کی تکمیل میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔

صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد کی ترک سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر وغلو سے اہم ملاقات

تعلیم، ثقافت اور نوجوانوں کی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے صدر ابراہیم حسن مراد کی پاکستان میں ترکی کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر وغلو سے اہم ملاقات ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان تعلیمی، اقتصادی، نوجوانوں کی ترقی سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے دوران پاک ترک برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا اور دونوں فریقین نے تعلیم اور ثقافت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ سابق صوبائی وزیر اور صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے مشترکہ تعلیمی اقدار اور پلیٹ فارمز پر کام کیا جائے گا جو کہ دونوں ممالک کے روشن مستقبل کے لیے ایک مثبت قدم ہوگا۔ انکا کہنا تھا کہ ہمیں نوجوان نسل کو بااختیار بنانا ہوگا کیونکہ نوجوانوں کی ترقی دراصل ملکی معیشت کی ترقی ہے۔ ابراہیم مراد نے مزید کہا کہ یو ایم ٹی میں ترک طلباء سکالرشپ پر اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ پاکستان اور ترکی دو ملک ایک جان کی مانند ہیں، جن کے درمیان رشتہ صرف سفارتی نہیں بلکہ دلوں کا ہے۔ ترک سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر وغلو نے یو ایم ٹی کی تعلیمی خدمات کو سراہا اور کہا کہ وہ یونیورسٹی میں ترک طلباء کو دی جانے والی سکالرشپس پر صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے یو ایم ٹی اور پاکستان کو اپنا دوسرا گھر قرار دیتے ہوئے کہا کہ میں یہاں بغیر کسی تکلف کے آتا ہوں، اور ہر بار خوشی محسوس کرتا ہوں۔

فیلڈ مارشل کا منصب جلیلہ حاصل کرنے پر سپہ سالار پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں: عائشہ خان

افواج پاکستان نے بھارتی ناپاک عزائم اور غرور وتکبر کو خاک میں ملایا اور بھارت کو ناقابل یقین شکست دے کر پوری دنیا میں افواج پاکستان کا سکہ جمایا

اسلام اباد (شہروز میاں سے) پاک یوکے ٹریڈ فورم شعبہ خواتین کی نائب صدر وویمن بزنس انٹرپرنیور عائشہ خان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے کر پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر بنانے اور فیلڈ مارشل کا منصب جلیلہ حاصل کرنے پر سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کے سربراہ کی بہادری پر پوری قوم کو فخر ہے جنہوں نے بھارتی ناپاک عزائم اور غرور وتکبر کو خاک میں ملایا اور بھارت کو ناقابل یقین شکست دے کر پوری دنیا میں افواج پاکستان کا سکہ جمایا۔ انہوں نے کہا کہ ازادی کی قدر و قیمت وہی قومیں جانتی ہیں جو اس سے محروم ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور اس کی سالمیت اور خود مختاری کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو منہ کی کھانی پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ ملکی معیشت کے استحکام کی بھی اشد ضرورت ہے اور پاک یوکے ٹریڈ فورم کے پلیٹ فارم سے دونوں ملکوں میں ٹریڈنگ کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے عائشہ خان نے کہا کہ اس سلسلے میں وومن انٹرپرنیورز کی بھی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے اور عنقریب خواتین انٹرپرنیورز کی ایک نمائش کا اہتمام کیا جائے گا تاکہ انہیں ٹریڈنگ کے حوالے سے بھی پاکستان اور برطانیہ میں دستیاب مواقعوں سے اگاہ کیا جا سکے اور وہ بزنس ڈیولپمنٹ کے ذریعے قومی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کر سکیں

چھوٹے کاروباری افراد کو زیادہ سے زیادہ Facilitate کرنے کی ضرورت ہے: وقاص کاشف باجوہ

سمال میڈیم انٹرپرائزز ہمارے بزنس کا ایک اہم جزو ہے اور بڑی صنعتوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ چھوٹی صنعتوں کی بھی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے زیراہتمام اسٹیٹ بنک آف پاکستان کے اشتراک سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے چیف منیجر اسٹیٹ بنک وقاص کاشف باجوہ نے کہا کہا کہ میرا اور میری ٹیم کا یہ ویژن ہے کہ حکومت نے سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز کے لیے جتنی بھی پالیسیز بنائی ہیں ان کے متعلق زیادہ سے زیادہ کاروباری طبقے کو آگاہی فراہم کی جائے انھوں نے کہا کہ مس قراۃ العین نے اپنی Presentation میں جتنی بھی لون اسکیمز آپ کو بتائی ہیں ان میں کم سے کم مارک اپ اور کم سے کم ڈاکومنٹیشن رکھی گئی ہے اور اس میں چھوٹے کاروباری افراد کو زیادہ سے زیادہ Facilitate کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور میں آپ کو یہاں ترغیب کروں گا کہ آپ کمرشل بنکوں سے ہائی مارک اپ پر لون لینے کی بجائے اسٹیٹ بنک سے جاری کردہ ان ان لون اسکیمز سے فائدہ اٹھائیں اور میں آپ کو اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرواتا ہوں قائمقام صدر فیصل آباد ڈائز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن حافظ ناصر بشیر نے سیمینار میں کہا سمال میڈیم انٹر پرائزز ہمارے بزنس کا ایک اہم جزو ہے اور بڑی صنعتوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ چھوٹی صنعتوں کی بھی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے اور اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے آج ہم نے اپنے ممبران کے لیے یہ سیمینار منعقد کیا ہے ہماری خوش قسمتی ہے کہ آج چیف منیجر اسٹیٹ بنک اور ان کی ٹیم یہاں موجود ہے اور میں چیف منیجر کے اس تعاون کا مشکور ہوں ڈپٹی چیف منیجر اسٹیٹ بنک مس قراۃ العین نے ملٹی میڈیا کے ذریعے اسٹیٹ بنک آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ مختلف اسکیمز بارے ملٹی میڈیا پر ہاؤس کو بریف کیا سیمینار کے اختتام پر سابق صدر بلال وحید شیخ نے معزز مہمانان گرامی چیف منیجر وقاص کاشف باجوہ اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ حکومت پاکستان اور اسٹیٹ بنک کا ایک انتہائی اہم موثر اقدام ہے اور اس میں وقاص کاشف باجوہ کی خدمات قابل تحسین ہیں جس طرح وہ خود ٹریڈ ایسوسی ایشنز میں جاکر کاروباری طبقے کو لون اسکیم بارے Aware کررہے ہیں یہ True Spirt ہے اللہ ان اس کا اجر دے سیمینار سے نائب صدر نوید الحسن چوہان، جنرل سیکرٹری محمود الہی، جوائنٹ سیکرٹری علی رضا کمال، فنانس سیکرٹری، غفار احمد ڈپٹی چیف منیجر مس قراۃ العین نے بھی خطاب کیا

ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے لاہور محمد عمر شیر نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

ایڈیشنل ڈی جی ذیشان رانجھا نے ہیڈ کوارٹر آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا

لاہور (صابر غوری) نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے لاہور محمد عمر شیر نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ایڈیشنل ڈی جی ذیشان رانجھا نے ہیڈکوارٹر آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ڈی جی محمد عمر شیر کی زیرصدارت تعارفی اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری منصوبوں، انتظامی امور اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی۔ ڈی جی پی ایچ اے نے افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کو موثر انداز میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے لاہور کو مزید سرسبز اور خوبصورت بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

شیخوپورہ: مختلف پوائنٹس پر موجود سروس میں موجود شاپس ہوٹلز اور ٹائر شاپ کی سرپرائز چیکنگ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی ہدایت پر اور سیکٹر کمانڈر رائیم ٹو ساوتھ کی زیرنگرانی ڈی ایس پی موٹروے پولیس شیخوپورہ خرم شاد خان نے فوڈ سیفٹی آفیسر پنجاب فوڈ اتھارٹی محسن علی کے ہمراہ موٹروے کے مختلف پوائنٹس پر موجود سروس میں موجود شاپس ہوٹلز اور ٹائر شاپ کی سرپرائز چیکنگ کی گئی اور اشیاء خوردونوش اور کوالٹی کا باریک بینی سے جائزہ لیا فوڈ سیفٹی آفیسر نے صفائی کا معیار بہتر نہ ہونے اور پرائس لسٹ آویزاں نہ کرنے پر بعض دکانداروں کو مجموعی طور پر 25000 روپے جرمانہ کیا اور آئندہ صفائی اور اوور چارجنگ نہ کرنے کی ہدایت دی بلکہ کچھ شاپس کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے۔

جامعہ ہجویریہ داتا دربار میں سالانہ تقریب آغاز اسباق کا انعقاد

پُروقار تقریب میں سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی خصوصی شرکت، حکومت نے مدرسہ ایجوکیشن کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کردیا۔ ڈاکٹر طاہر رضا بخاری



لاہور (صابر غوری) محکمہ اوقاف ومذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام حضرت داتا گنج بخشؒ کے آستاں پر قائم، عظیم دینی درسگاہ جامعہ ہجویریہ کی تقریب سعید "آغاز اسباق تقسیم اسناد و اسکالرشپ" سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے کہا کہ دینی مدارس اسلام کا قلعہ ہیں۔ حکومت نے مدرسہ ایجوکیشن کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کردیا۔ دینی مدارس مسلمانوں کی علمی روایت کے علمبردار اور دین کے حصار ہیں۔ صوفیاءؒ نے دینی اور علمی روایات کو فروغ بخشا۔ جامعہ ہجویریہ گورنمنٹ سیکٹر میں واحد اور منفرد ادارہ ہے، جو "ماڈل مدرسہ" کے اعزاز کا حامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انتہاپسندی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ صوفیاء کے اسلوب دعوت وتبلیغ کو عام کیا جائے۔ اسلام امن، رواداری، محبت اور انسان دوستی کا دین ہے، جس کی تعلیمات کا ابلاغ ہماری ذمہ داری ہے۔ آغاز اسباق کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خطیب داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی، شیخ الحدیث مفتی محمد صدیق ہزاروی اور دیگر علماء نے کہا کہ قوموں کا عروج علم کی ترقی میں مضمر ہے، مساجد اور مدرسہ وخانقاہ نے ملت کو ہمیشہ علم وحکمت سے آراستہ کیا۔ دینی مدارس علمی روایت کے امین اور دینداری کے علمبردار ہیں۔ ریاست محراب ومنبر اور مدارس کے تقدس کی پاسبان ہے، دینی مدارس عصری تقاضوں سے آگاہ اور اسلوب تدریس کو اس سے روشناس رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں نے دنیا میں ہمیشہ علم کی آبیاری کی اور اقوام عالم نے علوم وفنون کو مسلمانوں ہی سے سیکھا۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے مون سون بارشوں کے نتیجے میں ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کیلئے موک ایکسرسائز کا معائنہ کیا

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اسامہ مجید چیمہ، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر خالد عبداللہ، لائیوسٹاک، محکمہ صحت، پولیس اور سول ڈیفنس کے افسران بھی موجود تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے مون سون بارشوں کے نتیجے میں ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کیلئے نہر لوئر باری دوآب پر متعلقہ محکموں کی جانب سے منعقدہ موک ایکسرسائز (Mock Exercise) کا معائنہ کیا جس کا مقصد قدرتی آفات خصوصاً سیلاب کے دوران ہنگامی صورت حال سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے انتظامات، باہمی رابطہ اور تعاون کو یقینی بنانا تھا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اسامہ مجید چیمہ، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر خالد عبداللہ، لائیوسٹاک، محکمہ صحت، پولیس اور سول ڈیفنس کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے مشق کے مختلف مراحل اور مختلف محکموں کی طرف سے لگائے سٹالز کا بغور مشاہدہ کیا اور افسران سے بریفنگ لی۔ انہوں نے کہا کہ مون سون سیزن میں ممکنہ سیلاب سے نمٹنے کیلئے تمام متعلقہ اداروں کو چوکس رہنا ہوگا اور ضروری ہے کہ ہر ادارہ اپنی تیاری مکمل رکھے اور مشینری کو فنکشنل حالت میں رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ موک ایکسرسائز جیسے اقدامات زمینی حقائق کا ادراک حاصل کرنے اور عملی تیاریوں کو جانچنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور محکمہ جاتی مربوط روابط اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے کسی بھی ہنگامی صورتحال کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر خالد عبداللہ نے ریسکیو 1122 کی تیاریوں اور دستیاب وسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ عملہ ہر وقت الرٹ ہے اور تمام ضروری آلات وسہولیات دستیاب ہیں۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 23 مئی 2025ء

پاکستان میں رومانیہ کے سفیر کی کمشنر گوجرانوالہ سے ملاقات

اس موقع پر ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد ڈپٹی ہیڈ آف مشن ایچ ای ایڈورڈ پریڈا، قونصل مسٹر کرسٹین کوروما، مسٹر کلاڈیو کوکو، چیئرمین، جی بی سی احمد اکرام لون، چیئرمین انڈسٹری اکیڈمیا لنکیجز، جی بی سی سید واجد علی نقوی، انور ڈار، سہیل فرپو، عاطف فاروقی، شارق کلیم، عمر محمود و دیگر بھی موجود تھے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پاکستان میں رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین اسٹوونیسکو نے آج یہاں کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد ڈپٹی ہیڈ آف مشن ایچ ای ایڈورڈ پریڈا، قونصل مسٹر کرسٹین کوروما، مسٹر کلاڈیو کوکو، چیئرمین جی بی سی احمد اکرام لون، چیئرمین انڈسٹری اکیڈمیا لنکیجز، جی بی سی سید واجد علی نقوی، انور ڈار، سہیل فرپو، عاطف فاروقی، شارق کلیم، عمر محمود و دیگر بھی موجود تھے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے رومانیہ کے سفیر سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان اور رومانیہ کے درمیان تجارت، ثقافت اور تعلیم و آئی ٹی کے شعبوں میں دیرینہ تعلقات اور باہمی تعاون پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور رومانیہ کے درمیان حکومتی سطح پر نہایت خوشگوار روابط موجود ہیں۔ دونوں ممالک میں باہمی تجارت خصوصاً گولڈن ٹرائی اینگل پر مشتمل تین شہروں سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور وزیرآباد سے سرجیکل سپورٹس اور کٹلری کے شعبوں میں برآمدات پر مزید فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ رومانیہ کے سفیر ڈاکٹر ڈین اسٹوونیسکو نے اس موقع پر کہا کہ رومانیہ میں تعلیم کے شعبے خصوصاً آئی ٹی سیکٹر میں پاکستان کے طالبعلموں اور ایکسپرٹس کیلئے تعلیم و تربیت اور روزگار کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے گوجرانوالہ ڈویژن میں عوام کا معیار زندگی بلند کرنے اور انفراسٹرکچر بہتر بنانے کے حکومتی منصوبوں کی تعریف کی۔ رومانیہ کے سفیر نے اس موقع پر مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے نیپا مڈکیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء سے بھی ملاقات کی اور وفد کے ارکان سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وفد کے ارکان نے سفیر کو اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ بعد ازاں سفیر اور ان کے رفقاء نے بزنس فسیلی ٹیشن سنٹر کا بھی دورہ کیا اور وہاں موجود سہولیات کے بارے معلومات حاصل کیں۔

زین اعظم کو حج کا سفر مبارک، حسن سرفراز بھلی کیجانب سے ظہرانہ دیا گیا

حزب اللہ میس میں معزز وکلاء بار کیجانب سے عازم حج کو مبارکباد دی گئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ارشد بگو لاء چیمبرز کے معزز وکیل زین اعظم ایڈووکیٹ ادائیگی حج کیلئے کچھ روز میں روانہ ہونگے۔ ان کے اعزاز میں امیدوار برائے پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن سرفراز بھلی کیجانب سے حزب اللہ میس میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا جس میں معروف وکلاء رہنماؤں ملک شہباز احمد اعوان، حارث میر بگو، ملک نواز اعوان، سعد بگو، فیصل محمود سیٹھ سمیت دیگر معزز وکلاء ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے زین اعظم ایڈووکیٹ کیساتھ نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پریزن ہیلتھ کونسل کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پریزن ہیلتھ کونسل کا اجلاس، اجلاس میں سپرنٹنڈنٹ جیل محمد جہانگیر سمیت محکمہ ہیلتھ کے حکام نے بھی شرکت کی، اجلاس کو جیل ہسپتال میں ڈاکٹرز، ڈسپنسر اور لیب اسسٹنٹ کی تعیناتی، شدید موسم کے پیش نظر ایئر کنڈیشنر اور میڈیکل آفیسر کی فراہمی سمیت دیگر امور بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ ڈسٹرکٹ جیل میں اسیران کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے باہمی ربط و روابط کو فروغ دیا جائے اور اس سلسلہ میں جامع حکمت عملی کے تحت تمام تر اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

سول ڈیفنس آفیسر سمیت دفتری عملہ سیالکوٹ کی عدم دستیابی سے مسائل درپیش

کوئی ضمانتیں کرانے کوئی آفیسر منظر سے غائب ہونے سے تنظیم میں ہیجانی کیفیت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ سرکل آفیسر سیالکوٹ کی جانب سے سول ڈیفنس آفیسر سیالکوٹ وعملہ کیخلاف مقدمہ کا اندراج کرانے کے بعد دفتر سول ڈیفنس میں کوئی آفیسر موجود نہیں دفتر میں موجود چوکیدار کے کہنا ہے کہ انسٹرکٹر سول ڈیفنس ابوبکر وغیرہ گرفتار جبکہ سول ڈیفنس آفیسر شاہد پرویز وچیف انسپیکٹنگ آفیسر عبداللہ شاکر بھی کرپشن کیس مقدمہ میں نام ہونے کی وجہ سے اپنی ضمانتیں کرانے کیوجہ سے غائب ہیں جبکہ دوسری جانب تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے رضاکاران میں تشویش پائی جاری ہے کیونکہ وارڈن پوسٹس کی ریکوری سمیت دیگر دفتری امور اس وقت عملاً رک چکے ہیں۔ سول ڈیفنس سیالکوٹ رضاکاران کا ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے فوری نئے سول ڈیفنس آفیسر سیالکوٹ کی تعیناتی کی اپیل کی جا رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کا احسن اقدام رجسٹری برانچ میں ایماندار آفیسر کی تعیناتی

محمد افضل سکھیرا کو سب رجسٹرار اربن رورل کا اضافی چارج دے دیا، ڈی سی صاحبہ کے اعتماد پر پورا اترنے کی سعی کرونگا۔ محمد افضل سکھیرا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سب رجسٹرار آفس اربن وسب رجسٹرار آفس رورل میں کرپشن شکایات کے بعد ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محترمہ صباء اصغر علی نے انتہائی ایماندار و فرض شناس سرکاری آفیسر محمد افضل سکھیرا کو ڈیول چارج سونپ دیا جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فوری طور پر ہر دو سب رجسٹرار آفس کے عملہ کیساتھ ہنگامی میٹنگ کے دوران رجسٹری برانچز کی موجودہ صورتحال بارے بریفنگ لینے کے بعد اہم ضروری احکامات صادر کئے۔ چند دنوں میں رجسٹری برانچ رورل واربن میں بہتری کے آثار نمایاں دکھائی دے رہے ہیں صحافیوں کے ساتھ مختصر نشست کے دوران سب رجسٹرار آفیسر محمد افضل سکھیرا نے کہا کہ عملہ رجسٹری برانچز کو واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ رجسٹری کے عمل کو متعدی کیساتھ بائی لاز پر عملدرآمد یقینی بناتے میرٹ کیا جائے۔ شہریوں کو جائز کام کے دوران کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صاحبہ کے اعتماد کی ایک وجہ میری کرپشن بارے زیرو ٹالرنس پالیسی ہے جس کو بطور سرکاری آفیسر مختلف تعیناتیوں کے دوران ہمیشہ مقدم رکھا۔ دوسری جانب سب رجسٹرار آفس میں اپنی رجسٹریوں کیلئے آئے بزرگ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہمیں علم نہیں کہ مینجمنٹ بدلی ہے کہ نہیں یہ ضرور ہے کہ پہلے سے حالات بہتر ہوئے ہیں۔ لمبے انتظار کی بجائے کمپیوٹرائزڈ نمبرز کے مطابق اپنی باری پر بنا ایجنٹس ہو رہا ہے اور دفتر میں ٹھنڈے پانی کی دستیابی کیساتھ عملہ بھی خوش اخلاقی سے پیش آرہا ہے جبکہ کچھ ایک ماہ قبل جب آئے تو یہاں ایجنٹ مافیا کا راج تھا۔

جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں: اہلحدیث یوتھ فورس

جنرل سید عاصم منیر کی جرات و بہادری، جنگی حکمت عملی پر ترقی قابل تحسین ہے

وزیرآباد (نامہ نگار) اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان نعمت اللہ ظفر نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کابینہ کے اس فیصلے سے افواج پاکستان کا مورال مزید بلند ہوگا، ملک وملت کے لئے افواج پاکستان کی سنہری خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائینگی، جنرل سید عاصم منیر کے لئے نیک تمنائیں ہیں جنہوں نے بنیان المرصوص آپریشن کے ذریعے دشمن کو تھوک چاٹنے پر مجبور کردیا، جنرل سید عاصم منیر کی جرات وبہادری، جنگی حکمت عملی پر ترقی قابل تحسین ہے، افواج پاکستان اور تمام قومی اداروں کی خدمات پر سلام پیش کرتے ہیں اور ہر قسم کے تعاون کا یقین دلاتے ہیں، شہداء وغازی ہمارے دین وملک کے اصل ہیرو ہیں پوری قوم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے، پاکستان کی افواج نے آپریشن بنیا المرصوص میں اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی بدولت پوری دنیا میں لوہا منوایا لیا ہے، آج دنیا افواج پاکستان کی صلاحیتوں کو تسلیم کررہی ہے پاکستان کی افواج نے ملک کا نام پوری دنیا میں بلند کردیا ہے قوم کو فخر ہے کہ افواج پاکستان بہادری اور پیشاوارانہ مہارت سے دنیا کی صف اول کی افواج میں شامل ہے۔

جہلم پنجاب حکومت کی ضلعی کارکردگی رپورٹ، جہلم چوتھے نمبر پر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب حکومت کی ضلعی کارکردگی رپورٹ، جہلم چوتھے نمبر پر۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حکومت پنجاب نے پنجاب پرفارمنس مانیٹرنگ فریم ورک کے تحت مجموعی KPI رینکنگ کی بنیاد پر 18 اضلاع کی فہرست جاری کی جس میں ضلع جہلم نے 5.93 کے فائنل سکور کے ساتھ چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ کارکردگی کے اہم اشاریوں کی بنیاد پر جہلم نے 18 اضلاع میں چوتھی پوزیشن حاصل کی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کی زیر صدارت کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کی زیر صدارت کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس، اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ سمیت محکمہ ہیلتھ کے افسران، ڈرگ انسپیکٹرز اور بورڈ کے دیگر ممبران بھی موجود تھے، اجلاس کو ڈرگ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے متعدد میڈیکل سٹورز کے کیسز پیش کیے گئے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے قواعد وضوابط کے تحت مختلف خلاف ورزیوں کے مرتکب میڈیکل سٹور مالکان پر کاروائیوں کے احکامات جاری کیے، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع بھر کے میڈیکل سٹور مالکان ادویات کی فروخت کے دوران ڈرگ ایکٹ پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

گرینڈ یوس ہوٹل کینٹ میں ریگولر سافٹ ڈرنک 210 روپے، انتظامیہ خاموش تماشائی

گرانفروشوں کیخلاف آپریشن ہر جگہ ہونا چاہیے۔ رانا محمد عرفان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ضلع کونسل سیالکوٹ کے آفیسرز و ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سیالکوٹ بھر میں عام دوکانداروں وہوٹلز وسوئیٹس اینڈ بیکرز پر ٹھنڈا ریگولر سافٹ ڈرنک 20 روپے اوپر بیچنے پر 10 سے 20 ہزار جرمانہ کر دیتے ہیں جبکہ گرینڈ یوس ہوٹل عزیز شہید روڈ کینٹ سیالکوٹ میں ریگولر سافٹ ڈرنک 210 روپے اور عام پانی کی بوتل 190 روپے کی فروخت ہورہی ہے جس کا بل بھی دیا جاتا ہے اس کے باوجود اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ، چیف آفیسر ضلع کونسل کے چالان کرنے والے ٹھیکیداروں سمیت پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ناگزیر وجوہات پر خاموش رہتے ہیں جو سمجھ سے بالاتر ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف کاروباری شخصیت رانا محمد عرفان آف سیالکوٹ سوئیٹس اینڈ بیکرز نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ قانون ہر ایک کیلئے برابر ہونا چاہیے اور گرانفروشوں کیخلاف کارروائی میں بلاتفریق قانونی کاروائیاں عمل میں لائی جائیں۔

واپڈا اور رینجرز کی مشترکہ کارروائیاں، 10 لاکھ روپے کی ریکوری

بجلی چوری پر 3 مقدمات درج، بجلی چوری ایک سنگین جرم ہے، جس کے مرتکب افراد کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی

میاں چنوں (اشعر نعمان سے) واپڈا اور رینجرز کی مشترکہ کارروائیاں، 10 لاکھ روپے کی ریکوری، بجلی چوری پر 3 مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین واپڈا ثاقب سلمان کی زیرنگرانی ایس ڈی او سکینڈ واپڈا عمران خان نے رینجرز اور متعلقہ عملے کے ہمراہ بستی اوود، 68/15-ایل، 126/15-ایل، 115/15-ایل اور 120/15-ایل میں بجلی چوری کے خلاف موثر کارروائیاں کیں، دوران کارروائی تین افراد کے خلاف بجلی چوری کے تحت مقدمات درج کیے گئے، جبکہ موقع پر ہی ٹرانسفارمرز اور بجلی کے میٹرز کو قبضے میں لے لیا گیا، ایس ڈی او عمران خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوری ایک سنگین جرم ہے، جس کے مرتکب افراد کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی، ان کا مزید کہنا تھا کہ بجلی چوری روکنے کے لئے آئندہ بھی سخت اقدامات کیے جائیں گے۔

ائیر سیال نے دبئی کیلئے ہفتہ وار 9 پروازوں کا اعلان کردیا۔ محمد یوسف

نئی سروس سے پاکستان دبئی فضائی روابط کو فروغ ملے گا۔ ڈائریکٹر ائیر سیال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ائیر سیال نے دبئی کیلئے ہفتہ وار 9 پروازوں کا اعلان کیا ہے جو سیالکوٹ وملک کے دیگر دیگر شہروں کی عوام کے لئے ایک خوشخبری ہے۔ ایئر سیال نے 2 جون 2025 سے پاکستان کے مختلف شہروں سے دبئی کے لیے ہفتہ وار 9 پروازوں کا باقاعدہ آغاز کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈائریکٹر ائیر سیال محمد یوسف نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نئی سروس کے ذریعے اب مسافر زیادہ سہولت، آسانی اور تسلسل کے ساتھ دبئی کا سفر کرسکیں گے یہ اعلان ائیر سیال کی جانب سے اپنے معزز مسافروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی کوششوں کا تسلسل ہے، جس کا مقصد پاکستان اور دبئی کے درمیان فضائی روابط کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ ایئر سیال کی یہ پروازیں پاکستان کے شہروں جیسے لاہور اور اسلام آباد سے روانہ ہوں گی، اور دبئی کے لیے براہ راست سفر کی سہولت فراہم کریں گی سیالکوٹ سے فلائٹس کا آغاز اگست سے شروع کرنے کا امکان ہے۔

گرین پنجاب پروگرام کے تحت شجرکاری مہم کا آغاز کردیا گیا

تحصیل شرقپور شریف کی پرانی ڈمپ سائٹ سمیت تحصیل بھر میں ہزاروں پودے لگائے جائیں گے

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف میں وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق گرین پنجاب پروگرام کے تحت شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق شرقپور شریف میں اسسٹنٹ کمشنر شرقپور انعم اکرم نے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے عملہ کے ہمراہ اپر چناب نہر کے کنارے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر شرقپور انعم اکرم کا کہنا تھا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن گرین اور ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل شرقپور شریف کی پرانی ڈمپ سائٹ سمیت تحصیل بھر میں ہزاروں پودے لگائے جائیں گے تاکہ علاقہ سرسبز وشاداب ہوسکے۔

نارنگ موڑ پر قبضہ مافیا کے خلاف میونسپل ریگولیشن آفیسر کی زیرنگرانی آپریشن

دوکانوں کے آگے بنائے گئے پختہ تھڑے اور دیواریں مسمار کردی گئیں جو شاہراہ پر قبضہ کرکے بنائے گئے تھے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مریدکے نارووال روڈ نارنگ موڑ پر قبضہ مافیا کے خلاف میونسپل ریگولیشن آفیسر بشریٰ نفیسہ کا آپریشن عرصہ دراز سے قبضہ مافیا نے شاہراہ پر دوکانوں کے آگے تھڑے بنا رکھے تھے سرکاری جگہ کو واگزار کروالیا گیا آپریشن جاری رہے گا بازاروں شاہراہوں پر قبضہ کرنے والے قانونی کارروائی کے لئے تیار رہیں بشریٰ نفیسہ کی گفتگو تفصیل کے مطابق مریدکے نارووال پر نارنگ موڑ پر عرصہ دراز سے قائم ناجائز تجاوزات کے خاتمہ کیلئے میونسپل ریگولیشن آفیسر بشریٰ نفیسہ کی زیرنگرانی سیکورٹی اداروں بلدیہ ملازمین نے بھاری مشینری کے ہمراہ گرینڈ آپریشن کیا جس میں دوکانوں کے آگے بنائے گئے پختہ تھڑے اور دیواریں مسمار کر دی گئیں جو شاہراہ پر قبضہ کرکے بنائے گئے تھے بشریٰ نفیسہ نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان ناجائز تجاوزات سے شاہراہ پر ٹریفک کی روانی میں شدید مشکلات پیدا ہورہی تھیں اور عرصہ دراز سے شاہراہ پر قبضہ مافیا نے قبضہ کررکھا تھا متعدد باران کو وارننگ جاری کی گئی مگر انھوں نے ہٹ دھرمی نہیں چھوڑی آج قبضہ مافیا سے سرکاری جگہ واگزار کروائی گئی ہے جو بھی بازاروں گلیوں شاہراہوں پر حدود سے تجاوز کرے گا قانون حرکت میں آئے گا دوکانداروں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ کاروبار پہلے ہی ٹھپ پڑے ہیں اور اوپر سے ناجائز تجاوزات کا ڈرامہ کیا جارہا ہے پیمائش کے مطابق اپنی جگہ پر بیٹھے ہیں مگر مقامی انتظامیہ ماننے کو تیار ہی نہیں ہٹ دھرمی ہماری نہیں انتظامیہ کی ہے ہماری اپنی ملکیتی جگہوں سے بے دخل کیا جارہا ہے جو سراسر زیادتی کے مترادف ہے ہم شدید احتجاج کا حق رکھتے ہیں۔

شہر کی خوبصورتی تزین وآرائش اور شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے

اجلاس میں جہلم شہر اور دیگر تحصیلوں میں جاری بیوٹیفیکیشن پروجیکٹس پر بریفنگ دی گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کی خوبصورتی تزین و آرائش اور شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم عباس نے اس حوالے سے منعقدہ اجلاس میں کہی۔ اجلاس میں جہلم شہر اور دیگر تحصیلوں میں جاری بیوٹیفیکیشن پروجیکٹس پر بریفنگ دی گئی جبکہ شہر میں چلنے والے 167 فلٹریشن پلانٹس کی موجودہ صورتحال اور ان سے دستیاب شہریوں کو صاف پانی بارے تبادلہ خیال کیا گیا ڈی سی جہلم میثم عباس نے کہا کہ جہلم شہر میں خوبصورتی اور تزین و آرائش کے لیے متعدد جگہوں پر کام جاری ہے شہر کی اہم سڑکوں کنارے خوبصورت ترین بیلٹس اور کیاریاں بنائے جارہی ہیں جبکہ کئی مقامات پر سڑکوں کے درمیان پودے لگا کر نہ صرف شجرکاری میں اضافہ کیا جارہا ہے بلکہ شہریوں کو ایک صاف ستھرا ماحول بھی فراہم کیا گیا ہے ریلوے روڈ تا بلال ٹاؤن اور شاندار چوک سے زیادہ چوک تک لائٹس لگانے کا کام بھی مکمل ہوچکا ہے ریلوے روڈ سے بلال ٹاؤن کی تمام لائٹس کو فنکشنل کر دیا گیا ہے بہت جلد اولڈ جی ٹی روڈ سے جادہ تک لائٹس کو ایکٹو کردیا جائے گا جبکہ ضلعی حکومت شہر کے تمام فلٹریشن پلانٹس کے پانی کی مسلسل چیکنگ کرکے اس بات کو یقینی بنارہی ہے کہ شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریٹو کے زیراہتمام مڈکیریئر مینجمنٹ کورس (ان لینڈ سٹڈی ٹور) کے مس سمیرا ابتول کی قیادت میں 17 رکنی افسران کے وفد نے ملاقات کی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی سے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریٹو کے زیر اہتمام مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس (ان لینڈ سٹڈی ٹور) کے مس سمیرا ابتول کی قیادت میں 17 رکنی افسران کے وفد نے ملاقات کی۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے وفد کے شرکاء کو گوجرانوالہ اور دیگر اضلاع میں جاری انفراسٹرکچر کے پراجیکٹس، ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، ہیلتھ سیکٹر ڈویلپمنٹ پراجیکٹس سمیت مختلف شعبہ جات میں بارے تفصیلاً آگاہ کیا اور وزیراعلی مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق مختلف شعبوں میں مستقبل کی منصوبہ بندی بارے بھی آگاہ کیا۔

چیف آف آرمی اسٹاف جنرل حافظ منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد

تاریخی پیش رفت نہ صرف پاکستان کی عسکری تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہے

لالیاں پریس کلب
0342-7542752

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل حافظ منیر صاحب کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی ملنے پر مبارکباد تفصیلات کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے رینک پر ترقی دینے پر لالیاں پریس کلب کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے۔ لالیاں پریس کلب کے سرپرست اعلی حافظ محمد کفایت اللہ اور صدر لالیاں پریس کلب رانا محمد اکرام اللہ نے اپنے بیان میں کہا کہ جنرل عاصم منیر کی جرأت مندانہ قیادت اور عسکری حکمت عملی نے آپریشن بنیان المرصوص میں وطن عزیز کو ایک عظیم کامیابی سے ہمکنار کیا۔ اس موقع پر لالیاں پریس کلب میں آئے مہمان اوورسیز پاکستانی ملک آصف اکرام نے کہا آپکی قیادت میں پاک فوج نے قومی سلامتی کو درپیش چیلنجز کا نہایت دانشمندی اور عزم کے ساتھ مقابلہ کیا۔ یہ تاریخی پیش رفت نہ صرف پاکستان کی عسکری تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہے بلکہ یہ قومی وقار اور استحکام کی علامت بھی ہے۔

چیف آف آرمی اسٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی ملنے پر دلی مبارکباد دیتے ہیں، چوہدری عامر اقبال سندھو

آپریشن بنیان مرصوص میں اپنی قائدانہ اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر چوہدری عامر اقبال سندھو آف جودو دھیر نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے تہنیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ جنرل سید عاصم منیر نے معرکہ حق کے دوران آپریشن ** بنیان مرصوص ** میں اپنی قائدانہ اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا ان کی قیادت، دلیری اور تدبر نے ملک وقوم کو ناقابل فراموش کامیابیاں عطا کیں چوہدری عامر اقبال سندھو نے مزید کہا کہ اللہ تعالی نے جنرل سید عاصم منیر کو بے مثال خوبیوں سے نوازا ہے، اور ان کی استقامت وحکمت عملی نے بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کا بھرپور جواب دے کر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا انہوں نے کہا کہ جنرل سید عاصم منیر قوم کے سچے محسن ہیں، اور زندہ قومیں ہمیشہ اپنے محسنوں کی عزت وتکریم کرتی ہیں ان جیسے سپاہی قوم کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں اور ان کا نام تا ابد زندہ و پائندہ رہے گا۔

ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے افسران کی غیرقانونی ایل پی جی فٹڈ گاڑیوں کے خلاف کاروائیاں

30 ہزار جرمانہ عائد، 6 گاڑیاں بند سیکرٹری ڈی آر ٹی اے وآصف یاسین کے احکامات پر افسران نے مختلف مقامات پر پبلک ٹرانسپورٹ کی چیکنگ کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے افسران کی غیر قانونی ایل پی جی فٹڈ گاڑیوں کے خلاف کاروائیاں، 30 ہزار جرمانہ عائد، 6 گاڑیاں بند سیکرٹری ڈی آر ٹی اے وآصف یاسین کے احکامات پر افسران نے مختلف مقامات پر پبلک ٹرانسپورٹ کی چیکنگ کی اور ایل پی جی پر چلنے والی 6 غیر قانونی گاڑیوں کو بند کروا دیا، گاڑیوں کی ایل پی جی سلنڈر اتار دیے گئے اور گاڑیوں کے مالکان کو 30 ہزار پہ جرمانہ عائد کر دیا گیا، اس موقع پر سیکرٹری ڈی آر ٹی اے وآصف یاسین نے کہا ہے کہ ایل پی جی فٹڈ گاڑیاں جان لیوا حادثات کا باعث بن سکتی ہیں اس لیے ٹرانسپورٹرز ذمہ داری سے کام لیں اور پبلک ٹرانسپورٹ کو ہرگز ایل پی جی پر نہ چلائیں بصورت دیگر انہیں بھاری جرمانے کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی گاڑیوں کو بند کردیا جائے گا

دفتر ضلعی الیکشن کمشنر ننکانہ صاحب کے زیراہتمام خواتین میں ووٹ کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد

جمہوریت کا حصول ایک لمبا عمل ہے جس کے لیے مسلسل محنت کرنے کی ضرورت ہے: مینیجر صنعت زار محمد ناصر چدھڑ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) دفتر ضلعی الیکشن کمشنر ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام خواتین میں ووٹ کے حوالے سے آگاہی سیمینار صنعت زار، ننکانہ صاحب کے دفتر میں منعقد کیا گیا۔ جس میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، ننکانہ صاحب رائے سلطان بھٹی، مینیجر صنعت زار محمد ناصر چدھڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) خواتین مہوش امانت، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (سوشل ویلفیئر) رائے فیض احمد، معروف سماجی رہنماؤں چوہدری محمد ندیم گجر ڈاکٹر عابد علی عابد اور حاجی محمد زاہد جوئیہ، رائے روبینہ آصف کھرل، ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کے ممبران، نادرا کی نمائندہ صائمہ ناہید، اور خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار کا مقصد خواتین کو ووٹ کے حق، اہمیت، اور طریقہ کار کے بارے میں مکمل آگاہی فراہم کرنا تھا تاکہ وہ انتخابی عمل میں موثر شمولیت اختیار کرسکیں۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (سوشل ویلفیئر) رائے فیض احمد نے کہا کہ جمہوریت کا حصول ایک لمبا عمل ہے جس کے لیے مسلسل محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ مینیجر صنعت زار محمد ناصر چدھڑ نے بھی سیمینار سے خطاب کیا، انہوں نے تعلیم صرف ڈگری کا نام نہیں بلکہ شعور، آگاہی اور ذمہ داری کا نام ہے۔ جب ایک تعلیم یافتہ عورت ووٹ نہیں ڈالتی تو وہ اپنی تعلیم کی روح کو نظر انداز کرتی ہے۔ خواتین کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ان کا ووٹ ہی وہ طاقت ہے جو پالیسی سازی، قانون سازی اور ملک کی تقدیر کا فیصلہ کرتی ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) خواتین مہوش امانت نے کہا کہ آج کا سیمینار صرف ووٹ کے حق کی نہیں، بلکہ عورت کے شعور، اس کی شناخت اور خودمختاری کی موثر ترجمانی کررہا ہے۔ تعلیم کا اصل مقصد باشعور اور با اختیار شہری پیدا کرنا ہے۔ ایک باشعور شہری کبھی بھی اپنے حق رائے دہی کو نظر انداز نہیں کرتا۔ نادرا کی نمائندہ صائمہ ناہید نے کہا کہ خواتین کی ووٹر رجسٹریشن کا سب سے پہلا اور بنیادی قدم ان کا قومی شناختی حاصل کرنا ہے اور یہی وہ مقام ہے جہاں نادرا کا کردار سب سے زیادہ اہم ہے۔ نادرا نے حالیہ برسوں میں خواتین کی رجسٹریشن بڑھانے کے لئے متعدد اقدامات کیے ہیں۔ جس میں موبائل رجسٹریشن وین اور گھریلو سطح پر رجسٹریشن کی سہولیات شامل ہیں تاکہ ان خواتین تک رسائی حاصل کی جاسکے۔

رائیونڈ اور گردونواح میں گرمی کی شدت ائرکولر کی مانگ میں غیر معمولی اضافہ

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ اور اس کے مضافاتی علاقوں میں گرمی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جس کے باعث شہریوں نے گرمی سے بچاؤ کے لیے ائرکولر اور دیگر ٹھنڈک فراہم کرنے والے آلات کی خریداری میں دلچسپی لینا شروع کردی ہے۔ مقامی دکانداروں کے مطابق پچھلے چند دنوں سے ائرکولر، پنکھوں اور ریفریجریٹرز کی فروخت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ گرمی اتنی بڑھ گئی ہے کہ روزانہ درجنوں گاہک ائرکولر خریدنے آرہے ہیں، ایک دکاندار نے بتایا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور لوڈشیڈنگ کے باعث ائرکولر نسبتاً سستا اور موثر حل ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز میں درجہ حرارت مزید بڑھنے کا امکان ہے، جس کے پیش نظر مانگ میں مزید اضافے کی توقع ہے۔

بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری رہے گا: منیجر لیسکو ساوتھ احمر خان شیروانی

جس فیڈر میں جتنی زیادہ بجلی چوری ہوگی بجلی بندش زیادہ ہوگی صارفین براہ راست تشریف لائیں ان کے مسائل کے حل کے لئے ہمہ وقت موجود ہوں

لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری رہے گا جس فیڈر میں جتنی زیادہ بجلی چوری ہوگی بجلی بندش زیادہ ہوگی صارفین براہ راست تشریف لائیں ان کے مسائل کے حل کے لئے ہمہ وقت موجود ہوں شہر میں 4 نئے ٹرانسفارمر نصب کردیئے گے تاکہ بجلی بلاتعطل فراہم کی جاسکے وہ صارفین جو اپنے بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں وہ ہمارے لئے سب سے زیادہ معزز ہیں اسسٹنٹ منیجر لیسکو ساوتھ احمر خان شیروانی کی سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو ان کا کہنا تھا بجلی چوری کی وجہ سے لائن لاسز میں اضافہ ہوتا ہے جس وجہ سے زیادہ بجلی چوری والے علاقوں بجلی بندش کی جاتی ہے اس لئے معززین علاقہ شہری میڈیا نمائندگان تعاون کریں تاکہ بجلی چوری کا خاتمہ ممکن بنایا جاسکے بجلی چور ملک وقوم کے مجرم ہیں ان سے رعایت کسی صورت ممکن نہیں اب تک سینکڑوں بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کروا کر کروڑوں روپے جرمانے کئے گے ہیں نارنگ شہر کے جس علاقہ میں لوڈ زیادہ تھا وہاں پر 4 نئے ٹرانسفارمر نصب کردیئے گئے ہیں تاکہ فنی خرابی کی وجہ سے بجلی کی فراہمی متاثر نہ ہو صارفین ہمارے لئے قابل احترام ہیں براہ راست تشریف لائیں عوام کی خدمت کے لئے ہمہ وقت موجود ہوں ملازمین کے متعلق کوئی شکایت ہو تو فوری آگاہ کیا جائے صارفین کے ساتھ زیادتی کسی صورت برداشت نہیں ہوگی۔

ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کا ضلع سیالکوٹ اور نارووال کا وزٹ

دوران وزٹ تھانہ سٹی پسرور، صدر پسرور، احمد آباد اور ظفروال کی انسپکشن کی، بعدازاں آر پی او نے تھانہ صدر پسرور، احمد آباد اور ظفروال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے گزشتہ روز ضلع سیالکوٹ اور ضلع نارووال کے وزٹ کے دوران تھانہ صدر پسرور، تھانہ احمد آباد اور تھانہ ظفروال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کے مسائل سنے اور کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کرکے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے بلکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بھی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری پولیس کی آنکھ اور کان کا کردار ادا کریں اور منشیات فروشی، ناجائز اسلحہ و دیگر جرائم کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے پولیس کا ساتھ دیں۔ آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے شہریوں کے مسائل سنے اور انکے حل کے لیے فوری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو حق حاصل ہے کہ اپنی شکایت درج کروانے کے لئے جس وقت چاہے ہمارے دفاتر میں آسکے، عوام الناس کے لیے ہمارے دفاتر کے دروازے دن، رات کھلے ہیں۔ سیالکوٹ اور نارووال شہر امن پسند لوگوں کا شہر ہے جہاں پر تمام مکاتب فکر کے لوگ آپس میں رواداری اور پیار محبت سے زندگی بسر کررہے ہیں۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

تمام شان وشوکت

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سعودی عرب اور خلیجی ریاستوں کا چار روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد واشنگٹن واپس پہنچ چکے ہیں۔ اس دورہ کے دوران تینوں عرب ممالک نے امریکہ میں کئی سو ارب ڈالر سرمایہ کاری کرنے کے علاوہ مہنگا امریکی اسلحہ اور عسکری سروسز خریدنے کے معاہدے کیے ہیں۔ اس دوران تمام شان وشوکت اور ایک دوسرے کی توصیف میں کہے گئے کلمات کے باوجود غزہ کے حوالے سے کوئی پیش رفت دیکھنے میں نہیں آئی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک تقریر میں غزہ کے باشندوں کی صورت حال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ضرور یہ کہا کہ جب تک وہاں سے اسرائیل پر حملے کرنے اور لوگوں کو اغوا کرنے کا سلسلہ بند نہیں ہوتا، اس وقت تک اس مسئلہ کا کوئی مناسب حل تلاش کرنا ممکن نہیں ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ان کے عرب میزبان مہر بہ لب رہے۔ اس دوران غزہ کے بارے میں امریکی منصوبے اور اس کے متبادل عرب منصوبے کے حوالے سے بھی کوئی مباحث سامنے نہیں آئے۔ حیرت انگیز طور پر اسرائیل جیسی بڑی عسکری قوت غزہ کے چوبیس لاکھ باشندوں کو ہلاک کرنے کے لیے دن رات فوجی کارروائی کر رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر درجنوں افراد جاں بحق ہو رہے ہیں۔ صورت حال اس حد تک سنگین ہو چکی ہے کہ چھوٹے بچے یہ کہنے لگے ہیں کہ ہماری دعا ہے کہ کوئی اسرائیلی بم انہیں ہلاک کر دے تاکہ وہ اس تکلیف دہ زندگی سے نجات پا سکیں۔ لیکن عرب ممالک ہی کیا، دنیا بھر کا ضمیر خاموش ہے۔ 13 مئی کو صدر ٹرمپ کے عرب ملکوں کا دورہ شروع ہونے سے ایک روز پہلے امریکہ نے حماس کے ساتھ براہ راست ڈیل کرتے ہوئے 21 سالہ اسرائیلی امریکی ایدان الیگزنڈر کو رہا کرایا تھا۔ وہ ٹرمپ کے ریاض پہنچنے سے ایک دن پہلے رہا ہو کر تل ابیب پہنچا۔ اس طرح امریکہ نے پہلی بار حماس کے ساتھ براہ راست بات چیت کے ذریعے کوئی رعایت حاصل کی ہے۔ مبصرین اسے ایک ایسا امریکی اقدام قرار دے رہے ہیں جو نیتن یاہو کی حکومت سے بالا ہی بالا کیا گیا ہے۔ یوں اس تنازعہ میں پہلی بار یہ اشارہ سامنے آیا ہے کہ کسی معاملہ پر امریکہ نے اسرائیل کی پالیسی کو نظر انداز بھی کیا ہے لیکن فلسطینی مسئلے کے بارے میں اس کی عملی اہمیت نہ ہونے کے برابر رہی ہے۔ تین عرب ملکوں کے دورہ کے دوران صدر ٹرمپ اسرائیل بھی نہیں گئے۔ اسے بھی اسرائیلی وزیر اعظم کی حکومت کے لیے سخت امریکی اشارہ سمجھا جا رہا ہے۔ دوسری طرف اسرائیلی حکومت نے باقی ماندہ یرغمالیوں کی رہائی کے لیے غزہ پر ایک وسیع حملہ کا پروگرام بنایا تھا۔ وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے ٹرمپ کے مشرق وسطی آنے سے پہلے ہی اس عسکری منصوبے کا اعلان کیا تھا لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا گیا تھا کہ اسرائیلی فوج امریکی صدر کی مشرق وسطی سے واپسی کے بعد غزہ میں پیش قدمی کرے گی۔ آج یہ فوجی آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ اس دوران دوحہ میں حماس کے ساتھ اسرائیل کے بالواسطہ مذاکرات شروع ہوئے تھے تاکہ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی پر کوئی اتفاق رائے ہو سکے لیکن فریقین کسی معاہدے پر پہنچنے میں ناکام رہے۔ نئے اسرائیلی فوجی آپریشن کے نتیجے میں بظاہر اسرائیل باقی ماندہ یرغمالیوں کو رہا کرانا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ حماس کے سب جنگ جوؤں کو ہلاک کر دیا جائے۔

ملتان شریف کی ممتاز شخصیت

ازقلم اظہر اقبال مغل

غازی جعفری ایک ایسا نام ہے جو شعبہ میرج کنسلٹنسی میں نہ صرف اپنی قابلیت اور تجربے کی وجہ سے جانا جاتا ہے بلکہ اپنی بصیرت، فلاحی جذبے اور عملی کاوشوں کے باعث بھی ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ وہ نہ صرف ایک ممتاز میرج کنسلٹنٹ ہیں بلکہ ایک باشعور اور دردمند انسان بھی ہیں جنہوں نے ہمیشہ اس شعبے کی بہتری اور ترقی کی بات کی ہے۔ ان کی سوچ صرف کاروباری فوائد تک محدود نہیں بلکہ وہ اسے ایک سماجی خدمت کا درجہ دیتے ہیں۔ جب بھی ان سے گفتگو ہوئی، انہوں نے میرج بیورو کے شعبے کو باضابطہ طور پر تسلیم کروانے، اسے حکومتی سطح پر رجسٹرڈ کروانے، اور اس سے وابستہ افراد خاص کر میچ میکرز کمیونٹی کے حقوق اور تحفظ کی بات کی۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اس پیشے سے وابستہ ہزاروں افراد خاص کر خواتین، جن میں اکثریت معاشی طور پر کمزور طبقے سے تعلق رکھتی ہے، ایک باقاعدہ نظام اور تحفظ کی مستحق ہیں۔ اسی مقصد کے تحت وہ مسلسل اپنی کوششوں میں مصروف عمل ہیں۔ غازی جعفری صاحب کی کوششیں صرف باتوں تک محدود نہیں رہتیں، وہ عملی میدان میں بھی سرگرم ہیں۔ ملتان جیسے اہم اور تاریخی شہر میں وہ باقاعدگی سے میچ میکرز کی میٹنگز کا انعقاد کرتے ہیں، جن میں اس شعبے سے جڑے مسائل، چیلنجز، اور بہتری کے امکانات پر تفصیلی گفتگو ہوتی ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ میچ میکرز کو ایک منظم پلیٹ فارم میسر ہو جہاں وہ اپنی خدمات بہتر طریقے سے انجام دے سکیں اور معاشرتی سطح پر اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ ان کی شخصیت کی سب سے نمایاں خوبی ان کی خواتین سے ہمدردی اور فلاحی جذبہ ہے۔ وہ خاص طور پر ان خواتین کی مدد کرتے ہیں جو کم وسائل کے باوجود اس شعبے میں کام کر رہی ہیں۔ ان کے لیے مالی معاونت، تربیتی نشستیں اور اخلاقی سپورٹ فراہم کرنا ان کا مشن بن چکا ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اگر ان خواتین کو مضبوط کیا جائے تو نہ صرف وہ خود معاشی طور پر مستحکم ہوں گی بلکہ ہزاروں خاندانوں کو جوڑنے کا ذریعہ بھی بنیں گی۔ غازی جعفری کی سوچ ہمیشہ مثبت رہی ہے۔ وہ مایوسی، تنقید اور مخالفت کے ماحول میں بھی امید، ترقی اور خدمت کی بات کرتے ہیں۔ ان کی یہی خصوصیات ہیں جن کی بدولت نہ صرف ملتان بلکہ دیگر شہروں کے میچ میکرز بھی ان کو اپنا قائد مانتے ہیں، ان کی عزت کرتے ہیں اور ان کی قیادت میں ایک بہتر اور باوقار مستقبل کے خواب دیکھتے ہیں۔ غازی جعفری واقعی "ملتان شریف کی شان" کہلانے کے لائق ہیں۔ ان کی سوچ، خدمات اور محنت اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر نیت نیک ہو، جذبہ خالص ہو اور مقصد عوامی فلاح ہو تو کوئی بھی شعبہ پستی سے بلندی کی طرف جا سکتا ہے۔ ان کی خدمات ایک مشعل راہ ہیں ان تمام لوگوں کے لیے جو اس شعبے سے وابستہ ہیں یا وابستہ ہونا چاہتے

ہماری فصل گل اور پس جنگ دانش

تحریر: وجاہت مسعود

برادرم سہیل وڑائچ نے حالیہ تحریر میں خود کو چراغ آخر شب سے تشبیہ کیا دی، اک تیر میرے سینے میں مارا کہ ہائے ہائے۔ احتجاج کرنا چاہا مگر یہ سوچ کر خاموش رہا کہ ابھی تو عزیزم یاسر پیرزادہ سے چونچ لڑائی ہے۔ ہر وقت دوستوں سے جھگڑنا، اپنے ہی سینہ چاک سے دست وگریباں ہونا کہاں کی شرافت ہے۔ سہیل صاحب اس نیاز مند سے کوئی دو تین برس بڑے ہیں اور حالیہ چار عشروں کے جاں گسل سیاسی اتار چڑھا میں بامعنی صحافت کے ہراول میں رہے ہیں۔ اس بیان میں کوئی مبالغہ نہیں مگر اقبال نے کار جہاں کی درازی کا مضمون کس بلند نگاہی سے باندھا۔ گماں مبر کہ بپایاں رسید کار مغاں / ہزار بادہ ناخوردہ دررگ تاک است۔ (مے خانے کے سردار کا کام ابھی ختم نہیں ہوا کیونکہ ابھی انگور کی شاخوں میں ہزاروں پیالے باقی ہیں)۔ چراغ کا منصب محفل میں روشنی کرنا ہے۔ اگر چراغ ہی ایسی مایوسی کی بات کرے گا تو ہم ایسے دالان کے طاق پر رکھے دیے کیا کریں گے۔ چراغ اور دیے کی قدر پیمائی میں احمد فراز نے حتمی حکم لگا رکھا ہے۔ کون طاقوں پہ رہا، کون سر راہ گزر / شہر کے سارے چراغوں کو ہوا جانتی ہے۔ تاریخ اپنا فیصلہ ضرور دیتی ہے۔ آیئے 82 برس پیچھے چلتے ہیں۔

نومبر 1943 میں نیویارک ٹائمز نے آرتھر کوسلر کا ایک مضمون شائع کیا۔ عنوان تھا The Fraternity of Pessimists۔ تب دوسری عالمی جنگ ابھی جاری تھی لیکن نتیجہ کم و بیش واضح ہو رہا تھا۔ اس مضمون کے ایک حسب حال ٹکڑے کا خلاصہ عرض کرتا ہوں۔ جنگ کے ابتدائی دن اضطراب سے معمور تھے۔ روس اور امریکا سانس روکے یورپ کی پٹائی دیکھ رہے تھے۔ رودبار انگلستان کے پار برطانیہ کا چھوٹا سا جزیرہ فسطائیت کی قاہرانہ افواج سے نبرد آزما تھا اور ہم میں سے ہر ایک دل میں سوچتا تھا

غزل

کہیں مدتوں میں جا کر جو سراغ تیرا پایا
یہ فضائیں گنگنائیں یہ جہان مسکرایا
مری چار سمت اس نے یہ حصار کیا بنایا!
کہ نکل سکوں طلب سے کوئی راستہ نہ پایا
بسی سانس سانس خوشبو، ہوا لمحہ لمحہ روشن
کسی لمس نے سلایا، کسی خواب نے جگایا
ملی مفت میں کہاں ہے یہ متاعِ درد دل بھی
سبھی نقدِ جاں لٹایا تو یہ بارِ غم اٹھایا
نہ رفاقتوں کے وعدے نہ نوید منزلوں کی
کوئی راستہ کہاں سے کہاں ہم کو کھینچ لایا
بخدا عزیز جاں سے تھی انا مگر ہمیشہ
کسی واسطے کو مانا کسی مان کو بڑھایا
سبھی راحتوں سے پیارا اسے عنبرین سمجھا
سر مژگاں اس کے غم کا جو ستارا جگمگایا

عنبرین خان (لاہور)

غزہ کے حوالے سے کوئی پیش رفت



حرف رواں

تحریر

ڈاکٹر محمد عمران

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سعودی عرب اور خلیجی ریاستوں کا چار روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد واشنگٹن واپس پہنچ چکے ہیں۔ اس دورہ کے دوران تینوں عرب ممالک نے امریکہ میں کئی سو ارب ڈالر سرمایہ کاری کرنے کے علاوہ مہنگا امریکی اسلحہ اور عسکری سروسز خریدنے کے معاہدے کیے ہیں۔ اس دوران تمام شان و شوکت اور ایک دوسرے کی توصیف میں کہے گئے کلمات کے باوجود غزہ کے حوالے سے کوئی پیش رفت دیکھنے میں نہیں آئی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک تقریر میں غزہ کے باشندوں کی صورت حال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ضرور یہ کہا کہ جب تک وہاں سے اسرائیل پر حملے کرنے اور لوگوں کو اغوا کرنے کا سلسلہ بند نہیں ہوتا، اس وقت تک اس مسئلہ کا کوئی مناسب حل تلاش کرنا ممکن نہیں ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ان کے عرب میزبان مہر بہ لب رہے۔ اس دوران غزہ کے بارے میں امریکی منصوبے اور اس کے متبادل عرب منصوبے کے حوالے سے بھی کوئی مباحث سامنے نہیں آئے۔ حیرت انگیز طور پر اسرائیل جیسی بڑی عسکری قوت غزہ کے چوبیس لاکھ باشندوں کو ہلاک کرنے کے لیے دن رات فوجی کارروائی کر رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر درجنوں افراد جاں بحق ہو رہے ہیں۔ صورت حال اس حد تک سنگین ہو چکی ہے کہ چھوٹے بچے یہ کہنے لگے ہیں کہ ہماری دعا ہے کہ کوئی اسرائیلی بم انہیں ہلاک کر دے تاکہ وہ اس تکلیف دہ زندگی سے نجات پا سکیں۔ لیکن عرب ممالک ہی کیا، دنیا بھر کا ضمیر خاموش ہے۔ 13 مئی کو صدر ٹرمپ کے عرب ملکوں کا دورہ شروع ہونے سے ایک روز پہلے امریکہ نے حماس کے ساتھ براہ راست ڈیل کرتے ہوئے 21 سالہ اسرائیلی امریکی ایدان الیگزنڈر کو رہا کرایا تھا۔ وہ ٹرمپ کے ریاض پہنچنے سے ایک دن پہلے رہا ہو کر تل ابیب پہنچا۔ اس طرح امریکہ نے پہلی بار حماس کے ساتھ براہ راست بات چیت کے ذریعے کوئی رعایت حاصل کی ہے۔ مبصرین اسے ایک ایسا امریکی اقدام قرار دے رہے ہیں جو نیتن یاہو کی حکومت سے بالا ہی بالا کیا گیا ہے۔ یوں اس تنازعہ میں پہلی بار یہ اشارہ سامنے آیا ہے کہ کسی معاملہ پر امریکہ نے اسرائیل کی پالیسی کو نظر انداز بھی کیا ہے لیکن فلسطینی مسئلے کے بارے میں اس کی عملی اہمیت نہ ہونے کے برابر رہی ہے۔ تین عرب ملکوں کے دورہ کے دوران صدر ٹرمپ اسرائیل بھی نہیں گئے۔ اسے بھی اسرائیلی وزیر اعظم کی حکومت کے لیے سخت امریکی اشارہ سمجھا جا رہا ہے۔ دوسری طرف اسرائیلی حکومت نے باقی ماندہ یرغمالیوں کی رہائی کے لیے غزہ پر ایک وسیع حملہ کا پروگرام بنایا تھا۔ وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے ٹرمپ کے مشرق وسطی آنے سے پہلے ہی اس عسکری منصوبے کا اعلان کیا تھا لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا گیا تھا کہ اسرائیلی فوج امریکی صدر کی مشرق وسطی سے واپسی کے بعد غزہ میں پیش قدمی کرے گی۔ آج یہ فوجی آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ اس دوران دوحہ میں حماس کے ساتھ اسرائیل کے بالواسطہ مذاکرات شروع ہوئے تھے تاکہ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی پر کوئی اتفاق رائے ہو سکے لیکن فریقین کسی معاہدے پر پہنچنے میں ناکام رہے۔ نئے اسرائیلی فوجی آپریشن کے نتیجے میں بظاہر اسرائیل باقی ماندہ یرغمالیوں کو رہا کرانا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ حماس کے سب جنگ جوؤں کو ہلاک کر دیا جائے۔

لیکن ان دعووں کے درپردہ اسرائیل غزہ کے وسیع علاقے پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے اور اسے سکیورٹی اقدام کا نام دیا جا رہا ہے۔ اس منصوبہ کے تحت فلسطینیوں کو جنوب میں مصری سرحدی علاقے رفح کی طرف دھکیلا جائے گا اور باقی ماندہ خطے پر اسرائیل قابض ہو جائے گا۔ اس دوران وزیر اعظم نیتن یاہو یہ اعلان کر چکے ہیں کہ فلسطینیوں کو خود ان کی حفاظت کے نقطہ نظر سے غزہ سے منتقل کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی غزہ کے لوگوں کو ہمسایہ عرب ملکوں میں بھیج کر غزہ کو امریکی ملکیت میں لینے کا اعلان کرتے رہے ہیں۔ دو ماہ پہلے امریکہ و اسرائیل نے مشترکہ طور پر سوڈان، صومالیہ اور صومالی لینڈ سے غزہ کے فلسطینی شہریوں کو اپنے ملکوں میں منتقل کرنے کا معاہدہ کرنے کی کوشش کی تھی۔ لیکن ان میں سے کسی ملک نے اس تجویز کو قبول نہیں کیا۔ البتہ اب غزہ کے چوبیس لاکھ باشندوں کو جنوبی غزہ کے مختصر علاقے میں جمع کرنے کے منصوبے پر عمل شروع کیا گیا ہے۔ کوئی نہیں جانتا کہ اس کے بعد ان بے بس ولاچار فلسطینیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا۔

غزہ کے لیے خوراک و دیگر امدادی سامان کی فراہمی گزشتہ دس ہفتوں سے بند ہے۔ غزہ میں اس وقت قحط کی صورت حال ہے اور اقوام متحدہ بار بار کہہ چکی ہے کہ ان ہتھکنڈوں سے غزہ کے شہریوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔ غزہ کے بارے میں تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سعودی حکمران ولی عہد محمد بن سلطان اور قطر کی حکومت بھی اسرائیلی ہتھکنڈوں کے بارے میں نسل کشی کے الفاظ استعمال کر چکی ہے۔ حیرت ہے کہ ان ملکوں کے حکمرانوں نے صدر ٹرمپ کا استقبال کرتے ہوئے اس سنگین اور افسوسناک انسانی المیہ کا کوئی ذکر کرنا ضروری نہیں سمجھا۔ عین ممکن ہے کہ درپردہ ہونے والی بات چیت میں کوئی اتفاق رائے ہوا ہو لیکن جب تک غزہ کے باشندوں کی مشکلات ختم نہیں ہوتیں، اسرائیل جنگ بندی پر آمادہ نہیں ہوتا اور فلسطینی ریاست کے حوالے سے پیش رفت نہیں ہوتی، اس وقت تک غزہ اور کی صورت حال عالمی ضمیر اور عرب لیڈروں کی سیاست پر بدنما داغ کے طور پر موجود رہے گی۔

اس وقت اسرائیل روزانہ کی بنیاد پر انسانوں کو ہلاک کرنے کے طریقے پر عمل کر رہا ہے اور دنیا بھر کے ممالک خاموش تماشائی بنے، اس ہلاک خیزی کو دیکھ رہے ہیں اور خاموش ہیں۔ اس لاتعلقی کو تاریخ میں دنیا کے انسانوں کے بے حسی اور سفاکی کے طور یاد رکھا جائے گا۔ عرب ممالک جب تک امریکہ کے حوالے سے اپنی پالیسی تبدیل نہیں کریں گے اور ٹرمپ کی نام نہاد ڈیل کرنے کی پالیسی کے تحت اپنی کثیر سرمایہ کاری کو غزہ کے انسانوں اور دیگر فلسطینیوں کی حفاظت سے مشروط نہیں کریں گے، اس وقت عرب لیگ یا اسلامی تعاون تنظیم کے اجلاس بے مقصد و بے نتیجہ رہیں گے۔

غزہ میں اس وقت قحط کی صورت حال ہے اور اقوام متحدہ بار بار کہہ چکی ہے کہ ان ہتھکنڈوں سے غزہ کے شہریوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔

آرائیں برادری، تاریخ ساز کردار، قومی یکجہتی کی علامت

تحریر: محمد مظہر رشید چودھری

آرائیں برادری برصغیر کی ان عظیم اقوام میں شمار ہوتی ہے جنہوں نے نہ صرف زراعت، تعلیم، معیشت اور سیاست میں تاریخی کردار ادا کیا بلکہ قیامِ پاکستان اور استحکامِ وطن کے سفر میں بھی گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ آج بھی آرائیں برادری کا ہر فرد حب الوطنی، اتحاد اور قربانی کا مظہر ہے۔

سانچ کے قارئین کرام! گزشتہ روز جم خانہ اوکاڑہ میں 'آرائیں کمیونٹی ٹرسٹ پاکستان' کے زیرِ اہتمام ایک بیٹھک کا انتظام کیا گیا، راقم الحروف (محمد مظہر رشید چودھری) کو ممبر ایگزیکٹو کمیٹی جم خانہ /صدر پنجاب محمد عمار اجمل چودھری نے خصوصی طور پر مدعو کیا، بانی ٹرسٹ چودھری شاہد عباس آرائیں کی زیرِ قیادت "آرائیں کمیونٹی ٹرسٹ پاکستان" نہایت منظم انداز میں کام کر رہا ہے، جس کا نصب العین برادری کی تعلیمی، سماجی، فلاحی اور اقتصادی ترقی ہے۔ پنجاب میں اس کارواں کی قیادت صدر پنجاب محمد عمار اجمل چودھری آرائیں کے ہاتھوں میں ہے، جن کی متحرک قیادت برادری میں نئی روح پھونک رہی ہے۔ آپ سیاسی، سماجی حوالوں سے اپنی ایک الگ پہچان رکھتے ہیں، آپ سابق چیئرمین یونین کونسل بھی ہیں، حالیہ بھارتی جارحیت کے تناظر میں آرائیں برادری نے 'تشکر' کے حوالہ سے خوب صورت گفتگو کی، جس میں پاک فوج کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ اس تقریب میں شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور دشمن کی کسی بھی سازش کے خلاف سینہ سپر ہونے کا عہد کیا گیا۔ اس تقریب میں ضلع اوکاڑہ میں تنظیمی ڈھانچہ مکمل ہونے پر باہمی مشاورت سے عہدیداران کا اعلان کیا گیا، اس تقریب میں ضلع اوکاڑہ میں تنظیمی ڈھانچہ مکمل ہونے پر باہمی مشاورت سے عہدیداران کا اعلان کیا گیا

سانچ کے قارئین کرام! آرائیں کمیونٹی ٹرسٹ پاکستان نے ضلع اوکاڑہ میں اپنی تنظیم مکمل کر لی ہے۔ صدر کی ذمہ داریاں چودھری ظہیر بابر آرائیں کے سپرد کی گئی ہیں۔ سینئر نائب صدر چودھری طاہر حسین آرائیں، چودھری علی شیر آرائیں، نائب صدور چودھری اختر حمید آرائیں، چودھری عمیر خادم آرائیں، چودھری اظہر فاروق آرائیں، ڈاکٹر تجمل حسین آرائیں، ماسٹر احمد علی آرائیں، چودھری منور آرائیں، سیکرٹری جنرل چودھری اخلاق احمد آرائیں، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری چودھری محمد عابد آرائیں، سیکرٹری قانون چودھری شکیل اسلم ایڈووکیٹ، جوائنٹ سیکرٹری چودھری محمد اشفاق آرائیں، سیکرٹری نشرو اشاعت چودھری ابوسفیان آرائیں، 'آرائیں کمیونٹی ٹرسٹ پاکستان' کا خواب ہے کہ ہر آرائیں بچہ تعلیم یافتہ ہو، ہر گھر خوشحال ہو، اور برادری قومی سطح پر ایک مربوط طاقت بن کر ابھرے۔ اس مقصد کے لیے روزگار، وظائف، شادی فنڈ، اور فلاحی منصوبے تشکیل دیے جا رہے ہیں۔

راقم الحروف (محمد مظہر رشید چودھری) سے گفتگو کرتے ہوئے بانی ٹرسٹ چودھری شاہد عباس آرائیں، صدر پنجاب محمد عمار اجمل چودھری آرائیں، چیئرمین پنجاب محمد وسیم چودھری آرائیں نے کہا کہ آرائیں برادری ملک کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی محافظ ہے۔

بھارتی جارحیت ہو یا اندرونی سازشیں، آرائیں برادری پاک فوج کے ساتھ ہے۔ ملک کی سلامتی، ترقی اور امن کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہے

دلوں کے فیلڈ مارشل کو خوش آمدید

جنرل سید عاصم منیر، جواب فیلڈ مارشل بھی ہیں، پاکستان کی حالیہ تاریخ میں ایک مرکزی شخصیت کے طور پر ابھرے ہیں اور ان کی قیادت نے اندرونی اور بیرونی دونوں محاذوں پر قوم کی سمت پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ فیلڈ مارشل کے ممتاز عہدے پر ان کی ترقی، جو پاکستان کی تاریخ میں اس سے پہلے صرف ایک بار دی گئی، ایک نادر اعزاز ہے اور سنگین قومی بحران کے وقت ان کی غیر معمولی سٹریٹجک بصیرت اور بہادرانہ کمان کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت کا امتحان اس وقت شروع ہوا جب بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران بھارتی میزائل اور ڈرون حملوں کی صورت میں پاکستانی فضائی اڈوں اور شہروں پر حملے ہوئے۔ اس جارحیت کے پیش نظر، جنرل عاصم منیر کی صلاحیتوں کا فوری امتحان ہوا۔ جوابی حملوں سے پہلے بھی انہوں نے غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا اور عوامی سطح پر پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ ان کے طاقتور بیانات، جو اکثر قرآن پاک سے متاثر تھے اور اللہ کی مدد سے چھوٹی افواج کی بڑی افواج پر تاریخی فتوحات پر زور دیتے تھے، حکمت عملی کے تحت ملکی مورال کو بڑھانے اور دشمن کو ایک واضح پیغام دینے کے لیے بنائے گئے تھے اور ان کا مقصد یہ تھا کہ دنیا کو بتا دیا جائے کہ پاکستان کو ڈرایا نہیں جا سکتا۔ روحانی طاقت اور انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے ٹھوس اعلانات کا یہ امتزاج پاکستان کے مضبوط اور فیصلہ کن جواب کے لیے میدان کو احتیاط سے تیار کرنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ سب سے اہم بات یہ کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت نے پاکستانی مسلح افواج کو ہائی الرٹ پر رکھا، جو فوری اور مؤثر جوابی کارروائی کے لیے تیار تھی۔ انہوں نے پوری صورتحال کی باریک بینی سے نگرانی کی، جس سے ان کی کمانڈ میں اعلیٰ ترین سطح پر ہموار ہم آہنگی اور تیز رفتار فیصلہ سازی کا مظاہرہ ہوا۔ آپریشن بنیان مرصوص کے دوران جنرل عاصم منیر کا سب سے اہم کردار جوابی منصوبے کو تشکیل دینے اور اس کی نگرانی میں ان کی سٹریٹجک ذہانت تھی۔ آپریشن کی شاندار کامیابی کئی اہم عناصر پر منحصر تھی اور یہ سب ان کی بصیرت افروز قیادت کے نمایاں اثرات ہیں۔ بھارتی حملوں کے بعد انتہائی کم وقت کے اندر ایک بڑے پیمانے پر مربوط حملہ شروع کرنے کا فیصلہ ان کی دور اندیشی اور ان کی کمانڈ میں فوج کی غیر معمولی تیاری کا ثبوت تھا۔ یہ تیز رفتار ردعمل جلد بازی میں نہیں تھا بلکہ یہ ایک گہرائی سے پلاننگ والا منصوبہ تھا، جسے شہری ہلاکتوں سے بچتے ہوئے اور ایک مکمل جنگ سے گریز کرتے ہوئے متناسب نقصان پہنچانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ ایک پہلے سے قائم تیز رفتار ردعمل کے منصوبے کی فوری سرگرمی، جو مبینہ طور پر ایسے حالات کے لیے خاص طور پر تیار کیا گیا تھا، ان کے دور کی خصوصیت بننے والی فعال سٹریٹجک سوچ کے بارے میں بہت کچھ کہتی ہے۔ آپریشن بنیان مرصوص ایک پیچیدہ اور کثیر جہتی حملہ تھا، جس میں فتح II-بیلسٹک میزائل، پاکستان ایئر فورس (پی اے ایف) سے درست رہنمائی والے گولہ بارود، طویل فاصلے تک جانے والے قاتل گولہ بارود اور درست اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے توپ خانے شامل تھے۔ فضائی، میزائل اور زمینی اثاثوں پر مشتمل یہ جامع طریقہ کار جدید جنگ کی گہری سمجھ اور متنوع صلاحیتوں کو مؤثر طریقے سے استعمال کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ جنرل عاصم منیر کی غیر متزلزل نگرانی نے مسلح افواج کی مختلف شاخوں کے درمیان ہموار ہم آہنگی کو یقینی بنایا جو آپریشن کی فاتحانہ کامیابی کا ایک اہم عنصر تھا۔ شمالی بھارت میں 26 مخصوص مقامات کو نشانہ بنانا، جن میں فضائیہ کے اہم اڈے، فوجی لاجسٹک ہب اور S-400 بیٹری جیسے جدید فضائی دفاعی نظام شامل تھے، درستگی اور سٹریٹجک اثر پر گہری توجہ کو نمایاں کرتا ہے۔ یہ بے ترتیب بمباری نہیں تھی بلکہ بھارت کی جارحانہ صلاحیتوں کو کمزور کرنے اور اس کی نام نہاد فوجی برتری کو چیلنج کرنے کی ایک حساب کتاب والی کوشش تھی۔ S-400 نظام کی مبینہ تباہی، جو ایک انتہائی قیمتی اثاثہ ہے، جنرل عاصم منیر کی فیصلہ کن ہدایات کے تحت اعلیٰ ذہانت اور ہدف بندی کی براہ راست عکاسی ہے۔ رپورٹ شدہ جامع اور مؤثر سائبر آپریشنز جو عارضی طور پر اہم بھارتی انفراسٹرکچر اور خدمات کو مفلوج اور خراب کرنے کے لیے کیے گئے، جنگ کے لیے ایک آگے کی سوچ کے نقطہ نظر کی نشاندہی کرتے ہیں۔ روایتی فوجی کارروائیوں میں سائبر صلاحیتوں کا یہ ہموار انضمام جدید تنازعہ کے بدلتے ہوئے منظرنامے اور اس اہم ڈومین میں پاکستان کی جدید تیاری کے بارے میں جنرل عاصم منیر کی گہری سمجھ کو ظاہر کرتا ہے۔ جسمانی تباہی سے ہٹ کر جنرل عاصم منیر کی حکمت عملی کا مقصد ایک طاقتور پیغام دینا تھا۔ مقبوضہ جموں و کشمیر سے گجرات تک بشمول نئی دہلی، بھارتی شہروں پر پاکستانی ڈرونز کا علامتی طور پر منڈلانا ایک طاقتور نفسیاتی چال تھی۔ اس نے بلاشبہ پاکستان کی رسائی اور اس کے مزید بڑھنے کے امکانات کو ظاہر کیا، جس سے بھارت کو مزید جارحیت کے شدید نقصانات پر سنجیدگی سے غور کرنے پر مجبور کیا گیا۔ آپریشن کے دوران بھی جنرل عاصم منیر نے بحران کو سنبھالنے اور کشیدگی میں کمی کو آسان بنانے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان کے اپنے دفاع کے حق پر سختی سے زور دیتے ہوئے ان کی بصیرت افروز قیادت نے جنگ بندی کے حتمی معاہدے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ حقیقت کہ دونوں ممالک کے ڈائریکٹر جنرلز ملٹری آپریشنز (ڈی جی ایم اوز) نے پہلا براہ راست رابطہ کیا، جس سے دشمنی کا خاتمہ ہوا، یہ ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان کی فوج، ان کی کمانڈ میں، ایک بار جب اس کے فوجی مقاصد حاصل ہو گئے اور ایک مضبوط پیغام بھیجا جا چکا، تو سفارتی چینلز میں شامل ہونے کے لیے تیار تھی۔ آپریشن بنیان مرصوص میں جنرل عاصم منیر کے اہم کردار کا فوری اور گہرا اعتراف انہیں فیلڈ مارشل کے بے مثال عہدے پر ترقی سے ملا۔



میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

اشرافیہ کا انداز تقسیم؟

تحریر؛ الیاس محمد حسین

شنید ہے ایک عرب بدو کسی شہری بابو کا مہمان ہوا۔ میزبان نے ایک بڑی مرغی ذبح کی مصالے لگا کر تندور میں چرغہ بنا لیا۔ جب دسترخوان بچھایا گیا تو سب کھانے کے دسترخوان پر آموجود ہوئے۔ میزبان کے گھر میں کل چھ (6) افراد موجود تھے؛ دو میاں بیوی، دو ان کے بیٹے اور دو بیٹیاں۔ میزبان نے دل ہی دل میں بدو کا مذاق اڑانے کا فیصلہ کر لیا

میزبان: آپ ہمارے مہمان ہیں اس لئے کھانا آپ تقسیم کریں۔

بدو نے مسکرا کر کہا: مجھے اس کا کوئی تجربہ نہیں لیکن اگر آپ کا اصرار ہے تو کوئی بات نہیں لائیے! میں ہی تقسیم کر دیتا ہوں۔

''جو باقی بچ گیا ہے وہ مہمان کے لئے ہے'' یہ کہہ کر وہ مزے سے کھانے لگا اور میزبان اس کا منہ دیکھتے رہ گئے یہ صورتِ حال دیکھ کر میزبان کا شرمندگی سے برا حال ہو گیا۔ اگلے میزبان نے اپنی بیوی کو کہا کہ آج پانچ مرغیاں ذبح کرو کل کی طرح مزیدار تندوری چرغہ بناؤ کل ذرا مزا نہیں آیا ہم نے کھانا بھی تھوڑا کھایا تھا آج سب مزے سے کھائیں گے۔ میزبان کی بیوی نے ایسا ہی کیا اور جب دسترخوان لگا تو اس پر پانچ بھنی ہوئی مرغیاں موجود تھیں۔ میزبان نے سوچا کہ دیکھتے ہیں کہ آج یہ بدو پانچ مرغیوں کو کس طرح تقسیم کرے گا؟

میزبان نے مسکرا کر کہا جناب: ان مرغیوں کو سب افراد میں برابر تقسیم کر دو۔

پیٹو بدو نے بھنی ہوئی مرغیاں دیکھیں تو

بعد تیسری مرغی اٹھائی اور کہا'' آپ کی دو بیٹیاں اور ایک مرغی ؛ کل ملا کر یہ بھی تین ہو گئے ''۔ اب تھال میں دو مرغیاں باقی تھیں۔ اس نے وہ مرغیاں اپنے سامنے رکھیں اور کہنے لگا'' یہ دو مرغیاں اور ایک میں ؛ یہ بھی تین ہو گئے ''۔ میزبان بدو کی یہ تقسیم دیکھ کر ہکا بکا رہ گیا آج پھر بدو نے مزے لے لے کر کھانا کھایا اور اللہ کا شکر ادا کیا۔ اس نے اگلے دن پھر پانچ مرغیاں روسٹ کیں۔ جب سب لوگ دسترخوان پر بیٹھ گئے تو میزبان نے بھنی ہوئی پانچوں مرغیاں بدو کے سامنے رکھیں۔

میزبان: آج بھی تقسیم تم ہی کرو گے لیکن آج تقسیم کی نوعیت جفت ہونی چاہیے۔

بدو نے بڑی سنجیدگی سے کہا: لگتا ہے کہ تم لوگ میری پچھلی تقسیم سے ناراض

بیٹے اور ایک مرغی؛ یہ بھی کل ملا کر چار ہوئے''۔ پھر تھال میں موجود باقی تین مرغیاں اپنی طرف کھسکاتے ہوئے بولا'' میں اور یہ تین مرغیاں ؛ یہ بھی کل ملا کر ہو گئے چار''۔ اس کے بعد مسکرایا، یہ تقسیم دیکھ کر میزبان نے اپنا سر پیٹ لیا چالاک مہمان بے بسی کی تصویر بنے اپنے میزبانوں کی طرف دیکھا اور آسمان کی طرف منہ کرتے ہوئے کہنے لگا'' یا اللہ! تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تو نے مجھے تقسیم کرنے کی اعلیٰ صلاحیت سے نوازا ہے اور مزے مزے سے بھنی ہوئی مرغیاں کھانے لگ گیا۔ پاکستان کی بیوروکریسی، اشرافیہ اور سیاستدان ملکی وسائل کی تقسیم اسی انداز سے کرنے کے عادی ہیں اور عام آدمی میزبان کی طرح بے بسی کی تصویر بنے ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ پاکستان میں بھی اشرافیہ کمال مہارت سے وسائل اسی انداز سے تقسیم کر رہی ہے صدر، وزیر اعظم، ججز، ارکان

شاید یہی فارمولا رائج کر دیا گیا ہے اسی وجہ سے عوام کے حصہ میں کچھ نہیں آتا اور اشرافیہ چوپڑی اور دو دو روٹیوں کے مزے لے رہی ہے۔

پیٹو بدو نے بھنی ہوئی مرغیاں دیکھیں تو اس کی رال ٹپکنے لگی اس نے بڑی محبت سے پوچھا میں تقسیم: جفت کروں یا پھر طاق؟

میزبان: طاق انداز میں تقسیم کرو۔

بدو نے میزبان کی بات سن کر سر ہلایا، تھال سے ایک مرغی اٹھائی، میاں بیوی کے سامنے رکھی اور بولا'' آپ اور آپ کی بیوی دو اور ایک یہ مرغی، کل ملا کے تین۔ پھر دوسری مرغی اٹھائی اور کہا'' آپ کے دونوں بیٹے اور ایک مرغی، کل ملا کے یہ بھی تین''۔ اس کے بعد تیسری مرغی اٹھائی اور کہا'' آپ کی دو بیٹیاں اور ایک مرغی ؛ کل ملا کر یہ بھی تین ہو گئے ''۔ اب تھال میں دو مرغیاں باقی تھیں۔ اس نے وہ مرغیاں اپنے سامنے رکھیں اور کہنے لگا'' یہ دو مرغیاں اور ایک میں ؛ یہ بھی

نئے سیاسی افق کی ابھرتی ہوئی کرن:



پابند سلاسل

نبیلہ اکبر

rubbasnabeela@gmail.com

پاکستان کے سیاسی منظرنامے پر ایک نئی جماعت "عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان" کے نام سے ابھری ہے، جو نہ صرف الیکشن کمیشن آف پاکستان میں باضابطہ رجسٹرڈ ہو چکی ہے بلکہ عوامی مقبولیت اور تنظیمی قوت کے اعتبار سے کئی پرانی جماعتوں کو پیچھے چھوڑتی نظر آ رہی ہے۔ وہ دن دور نہیں جب عوام اپنی امنگوں، خوابوں اور جدوجہد کو عملی جامہ پہنتی دیکھیں گے، پاکستانی قوم، جو ایک عرصے سے انتشار، بدعنوانی اور وعدہ خلافیوں کی سیاست کا شکار رہی، اب ایک نئی سمت میں دیکھ رہی ہے۔ اب عوامی امیدیں ایک تازہ سیاسی جماعت سے وابستہ ہو چکی ہیں جس کا نام عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان ہے۔ یہ محض ایک نام نہیں بلکہ ایک نظریہ ہے۔ ایک ایسی سیاسی تحریک جو پاکستانی عوام کی دیرینہ خواہشات، میں بھی اس سیاسی تحریک کا بھرپور ساتھ دینے کا اعلان کیا ہے۔ ایسی مستحکم سماجی بنیاد کسی بھی جماعت کے لیے سیاسی کامیابی کی ضمانت کہی جا سکتی ہے۔ اسکی قیادت اور کارکنان وہ اثاثہ ہیں جو خوابوں کو تعبیر دیتا ہے، عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان کی سب سے نمایاں خوبی اس کے کارکنان کا جذبہ، تعداد اور نظم وضبط ہے۔ پارٹی کے ابتدائی دنوں میں ہی کارکنان کی جو تعداد منظر عام پر آئی ہے، وہ ملک کی بڑی بڑی جماعتوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ اس جماعت کے کارکن نہ صرف منظم ہیں بلکہ ملک وقوم کی خدمت کا خلوص لیے ہر وقت سرگرم نظر آتے ہیں۔ اسکی قیادت استحکام، شعور اور دیانت کا حسین امتزاج نظر آتی ہے، اس جماعت کی قیادت ایک ایسی شخصیت کے ہاتھ میں ہے جو نہ صرف سیاسی طور پر بالغ، معاملہ فہم اور دوراندیش ہے، بلکہ معاشی طور پر بھی خودمختار، صاف شفاف اور نڈر اور نظریہ پاکستان کی سچی علمبردار ہے، اور جس کی سیاست کا محور ذاتی مفادات نہیں بلکہ قومی بقا اور عوامی خدمت ہے۔ عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان کا منشور دیگر جماعتوں سے واضح طور پر مختلف ہے۔ یہ جماعت نظام کی تبدیلی کی داعی ہے۔ تعلیم، صحت، روزگار، انصاف، شفاف حکمرانی، معاشی خودمختاری اور داخلی امن اس جماعت کے مرکزی نکات ہیں۔ جماعت کا واضح مؤقف ہے کہ صرف بیانات سے نہیں، عمل سے تبدیلی آتی ہے، اور وہ عمل اس نے شروع کر دیا ہے۔ اس جماعت کی قیادت کا پاکستانی عوام، اپنی برادری اور افواجِ پاکستان کے ساتھ لازوال رشتہ ہے، حالیہ دنوں میں جس انداز سے پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، وہ قابلِ فخر اور قابلِ تحسین ہے۔ عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان نے اس موقع پر اپنے بیانیے کے ذریعے نہ صرف پاک فوج کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا بلکہ یہ ثابت کیا کہ یہ جماعت قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے . . پاکستانی قوم اور افواجِ پاکستان سے محبت اس جماعت کی شناخت ہے۔ ملک کی موجودہ سیاسی تھکن، معاشی بے سمتی، اور عوامی محرومیوں نے جو خلا پیدا کیا ہے، اس خلا کو پر کرنے کی یہ جماعت صلاحیت رکھتی ہے۔ اس جماعت کی تیز رفتار عوامی مقبولیت، اس کا تنظیمی ڈھانچہ، مالی شفافیت، اور قومی بیانیے سے ہم آہنگ منشور اس کے روشن مستقبل کی گواہی دے رہے ہیں۔ یہ کہنا قبل از وقت نہ ہوگا کہ اگر یہی رفتار اور خلوص جاری رہا تو آئندہ انتخابات میں عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان ایک فیصلہ کن سیاسی قوت بن کر ابھر سکتی ہے، ایک ایسی قوت جو صرف اقتدار کے لیے نہیں بلکہ پاکستان کو بدلنے کے لیے میدان میں آئی ہے۔ عوامی متحدہ موومنٹ پاکستان زندہ باد پاکستان زندہ باد ...! پاک فوج پائندہ باد!

تخلیق نامہ

تخلیق صدیقی

زندگی کا اصل سفر —— خالی ہاتھ آنا، خالی ہاتھ جانا*

واقعی زندگی ایک عجیب اور گہرا سفر ہے۔ انسان خالی ہاتھ اس دنیا میں آتا ہے —— نہ کوئی مال، نہ جائیداد، نہ شہرت، نہ تعلقات۔ مگر جیسے ہی اسے شعور ملتا ہے، وہ دنیا کو حاصل کرنے کی جدوجہد میں لگ جاتا ہے۔ ساری زندگی وہ کچھ پانے، کچھ بننے، کچھ جمع کرنے میں گزارتا ہے۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اسے احساس بھی نہیں ہوتا کہ یہ سب کچھ عارضی ہے۔ پھر ایک دن ایسا آتا ہے جب موت دروازے پر آ کھڑی ہوتی ہے، اور انسان کو وہ سب کچھ یہیں چھوڑ کر واپس لوٹ جانا ہوتا ہے —— بالکل ویسے ہی خالی ہاتھ، جیسے وہ آیا تھا۔ یہی حقیقت انسان کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے، کہ وہ ساری عمر جن چیزوں کو اصل سمجھتا رہا، وہ دراصل عارضی تھیں۔ وہ دولت، شہرت، رتبے اور تعلقات جو زندگی میں بڑی اہمیت رکھتے تھے، موت کے لمحے کسی کام کے نہیں ہوتے۔ اس دنیا کی ساری چمک دمک بس ایک خواب کی مانند ثابت ہوتی ہے، جو بیدار ہوتے ہی ختم ہو جاتا ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ بار ہا ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ دنیا کی زندگی صرف کھیل، تماشہ، دھوکہ اور فریب ہے۔ فرمایا گیا:

(الحدید:20)

ترجمہ: "دنیا کی زندگی محض دھوکے کا سامان ہے۔"

یہی پیغام ہمیں بار بار ملتا ہے، چاہے وہ کسی بزرگ کے قول سے ہو، یا کسی جنازے کے منظر سے، یا کسی اپنے کے اچانک بچھڑ جانے سے۔ مگر افسوس کہ انسان ان نشانیوں کو جلدی بھلا دیتا ہے اور دوبارہ اسی دنیاوی دوڑ میں لگ جاتا ہے، جیسے کبھی کچھ ہوا ہی نہ ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں انسان کے ساتھ کچھ نہیں جاتا، سوائے اس کے اعمال کے۔ جس نے نیکی کمائی، سچ بولا، کسی کا دل خوش کیا، اللہ کے قریب رہا، وہی دراصل کامیاب ہے۔ اور جو صرف دنیا کی رنگینیوں میں کھویا رہا، وہ اگر دنیا میں بڑا کچھ حاصل بھی کر لے، تو موت کے بعد خالی ہاتھ رہ جاتا ہے۔ اصل کامیابی وہ ہے جو آخرت میں کام آئے۔ وہ نماز، روزے، صدقات، حسنِ اخلاق، صبر اور تقویٰ جنہیں ہم بسا اوقات معمولی سمجھتے ہیں، وہی قیامت کے دن ہماری نجات کا ذریعہ بنیں گے۔ دنیا میں جو وقت، صلاحیتیں، علم اور وسائل ہمیں دیے گئے ہیں، وہ سب ایک امتحان ہیں۔ ان کا صحیح استعمال ہی ہمیں کامیابی کی طرف لے جاتا ہے۔ یہ پیغام دراصل ہماری ترجیحات درست کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ ہمیں سوچنا ہوگا کہ کیا ہم اپنی ساری توانائیاں صرف دنیا کے پیچھے لگا رہے ہیں، یا ہم اپنی آخرت کی فکر بھی کر رہے ہیں؟ کیا ہم اپنے دن کا کوئی لمحہ ایسا نکالتے ہیں جس میں ہم اپنے رب سے تعلق مضبوط کریں؟ کیا ہم دوسروں کے لیے آسانی کا ذریعہ بن رہے ہیں؟ کیا ہم اپنی زندگی میں مقصد اور معنی تلاش کر رہے ہیں؟ یہاں ایک اور پہلو بھی قابلِ غور ہے —— اگر آپ کسی محکمے کے چیئرمین ہیں، کسی ادارے کے سی ای او، کسی شعبے کے ڈی جی یا آئی جی، کوئی معروف سیاست دان، وزیر، وزیر اعلیٰ یا وزیر اعظم ہیں —— اگر آپ کے پاس اختیار ہے مگر آپ انسانیت کی خدمت نہیں کر رہے، تو آپ کی زندگی بے معنی ہے۔ اگر آپ صرف اپنے مفادات کے لیے کام کر رہے ہیں، دوسروں کے حقوق پامال کر رہے ہیں، اور عوامی ذمہ داری کو ذاتی فائدے کے لیے استعمال کر رہے ہیں، تو یہ عہدہ آپ کے لیے باعثِ فخر نہیں، بلکہ جوابدہی کا بوجھ ہے۔ اگر آپ کا اخلاق اچھا نہیں، زبان بدزبان ہے، دل میں رحم نہیں، اور عمل سے انصاف غائب ہے —— تو یہ زندگی محض ایک دھوکہ ہے، جس کا انجام افسوسناک ہو سکتا ہے۔ زندگی بہت مختصر ہے، اور ہر دن ہمیں موت کے قریب لے جا رہا ہے۔ ہر سانس، ہر لمحہ، اللہ کی دی ہوئی ایک اور مہلت ہے —— کچھ بہتر کرنے کی، کچھ سیکھنے کی، کچھ سچ بولنے کی، کچھ نیکی کرنے کی۔ اگر ہم آج اپنی سمت درست کر لیں، تو کل کا پچھتاوا نہیں ہوگا۔ زندگی ایک خالی ہاتھ آغاز سے شروع ہو کر خالی ہاتھ انجام پر ختم ہو جاتی ہے۔ اصل دولت وہ نہیں جو دنیا میں جمع ہو، بلکہ وہ ہے جو انسان اپنے ساتھ قبر میں لے کر جائے۔ آئیں، اس حقیقت کو سمجھیں، اپنی زندگی کو اللہ کی رضا کے مطابق ڈھالیں، اور اپنی آخرت کی تیاری کریں۔ کیونکہ آخرکار، جو باقی رہے گا وہ صرف ہمارے اعمال ہوں گے —— اور وہی ہماری اصل کامیابی یا ناکامی کا سبب بنیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بصیرت عطا فرمائے، اور ہمیں وہ عمل کرنے کی توفیق دے جو دنیا و آخرت دونوں میں ہمارے لیے کامیابی کا ذریعہ بنیں۔ آمین۔

قوت

SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

کراچی نیشنل وومن ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں ٹاس سے قبل اسٹارز اور کنکیورز کی کپتان میچ ریفری کے ہمراہ موجود ہیں

فاسٹ بولر کاشف علی پاکستان ٹیسٹ ٹیم کا مستقل حصہ بننے کیلئے پُر امید

ٹیسٹ ڈیبیو ہوا اس کے فوراً بعد مجھے کینٹ کی طرف سے کھیلنے کا موقع ملا، نئی کنڈیشنز کے ساتھ ایڈجسٹ ہونا آسان نہیں، گفتگو

لندن (این این آئی) پاکستان کے ابھرتے ہوئے فاسٹ بولر کاشف علی پُر امید ہیں کہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں شاندار کارکردگی اور کاؤنٹی چیمپئن شپ میں کینٹ کاؤنٹی کرکٹ کلب کے ساتھ ان کا پہلا سیزن، ان کیلیے پاکستان کی ٹیسٹ ٹیم میں مستقل جگہ بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف ہوم سیریز میں ٹیسٹ ڈیبیو کرنے سے لے کر انگلینڈ میں پہلی بار کاؤنٹی کرکٹ کھیلنے تک 30 سالہ کاشف گزشتہ چند ماہ کو اپنے کیریئر کا سب سے خوش قسمت مرحلہ قرار دے رہے ہیں۔ راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے 30 سالہ کاشف نے لارڈز کے تاریخی کرکٹ گراؤنڈ میں کینٹ اور مڈل سیکس کے لیے کھیلنے کے بعد نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ! یہ سال میرے لیے خاص رہا ہے، میرا ٹیسٹ ڈیبیو ہوا اور اس کے فوراً بعد مجھے کینٹ کی طرف سے کھیلنے کا موقع ملا، نئی کنڈیشنز کے ساتھ ایڈجسٹ ہونا آسان نہیں، موسم، پچز اور ماحول اب تک سب کچھ بہت اچھا جا رہا ہے۔ پاکستان کے ڈومیسٹک سرکٹ میں مستقل کارکردگی دکھانے والے کاشف علی کا ماننا ہے کہ کاؤنٹی کرکٹ کھیلنا ان کے کیریئر کے لیے ایک بڑا اہم موڑ ہے، وہ اب تک کھیلے گئے 5 چیمپئن شپ میچز میں 11 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہاں کی سہولتیں، ڈھانچہ اور سپورٹ سسٹم بالکل الگ معیار کے ہیں، کرکٹ تو ہر جگہ ایک جیسی ہوتی ہے لیکن یہاں کا پروفیشنل ماحول آپ کو اپنی بہترین کارکردگی دکھانے کا موقع دیتا ہے۔ کینٹ کاؤنٹی کرکٹ کلب کے ہیڈ کوچ ایڈم ہولیوک ہیں جو ماضی میں پاکستان کی قومی ٹیم کے ساتھ بھی کام کر چکے ہیں، کاشف کے لیے ان کے تحت کھیلنا ایک خوشگوار تجربہ رہا ان کے حوالے سے کاشف کا کہنا ہے کہ ایڈم بہت دوستانہ اور حوصلہ افزا شخصیت کے مالک ہیں، صرف دو تین ٹریننگ سیشنز کے بعد ہی ہماری بہترین انڈر اسٹینڈنگ بن گئی تھی۔ کسی بھی کرکٹر کے لیے لارڈز میں کھیلنا کیریئر کا ایک یادگار لمحہ ہوتا ہے اور کاشف کے لیے بھی ایسا ہی تھا، راولپنڈی میں بچپن کے دنوں میں لارڈز کے بارے میں سنا کرتا تھا۔

راولپنڈی میں پی ایس ایل کے ایک میچ میں کراچی کنگز اور پشاور زلمی کا میچ)اے ایف پی(

حسن نواز، خواجہ نافع مستقبل میں پاکستان کیلئے کھیل سکتے ہیں، سعود شکیل

ہم نے پورے پی ایس ایل میں کافی اچھی کرکٹ کھیلی ہے، اس وقت سارا دھیان کوالیفائر پر ہے' میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان سعود شکیل نے کہا ہے کہ حسن نواز اور خواجہ نافع مستقبل میں پاکستان کے لیے کھیل سکتے ہیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں سعود شکیل نے کہا کہ ہم نے پورے پی ایس ایل میں کافی اچھی کرکٹ کھیلی ہے، اس وقت سارا دھیان کوالیفائر پر ہے تاکہ فائنل میں جگہ پکی کرلیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر شعبے میں بہتری کی گنجائش ہوتی ہے، لیگ اسٹیج میں ٹاپ پر فنش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ اچھی کرکٹ کھیلے ہیں۔ سعود شکیل نے مزید کہا کہ ٹورنامنٹ کے شروع میں اچھا اسٹارٹ نہیں لیا لیکن بعد میں بیٹنگ میں اچھی واپسی کی، خواجہ نافع کو موقع ملا اور انہوں نے اچھا پرفارم کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ہم فن ایلن کے ساتھ پورا ٹورنامنٹ کھیلے، ابھی فائنل الیون پر ڈسکس نہیں کیا کہ کون کس نمبر پر کھیلے گا۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان نے یہ بھی کہا کہ حسن نواز کو جب پک کیا تو ان پر یقین تھا، ابتدا میں حسن نواز کے بیٹنگ آرڈر پر واضح نہیں تھے، حسن کو جتنا کریڈٹ دیا جائے کم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حسن نواز نے ہر طرح کے شاٹس کھیلے اور ٹیم کی جیت میں رول ادا کیا، ان کھلاڑیوں کا پرفارم کرنا پاکستان کرکٹ کے لیے اچھا سائن ہے۔ سعود شکیل نے کہا کہ حسن نواز اور خواجہ نافع دونوں ایسے کھلاڑی ہیں جو مستقبل میں پاکستان کیلیے کھیل سکتے ہیں۔

پی ایس ایل کی کارکردگی دیکھتے ہوئے ٹیم میں شاداب خان کی جگہ بنتی ہے' کامران اکمل

کراچی (این این آئی) شاداب خان کی قومی ٹیم میں شمولیت کے معاملے میں سابق کرکٹرز کامران اکمل اور باسط علی میں شدید اختلافات سامنے آیا ہے۔ ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں جب کامران اکمل نے کہا کہ پی ایس ایل کی کارکردگی دیکھتے ہوئے ٹیم میں شاداب خان کی جگہ بنتی ہے تو باسط علی نے ان سے شدید اختلاف کرتے ہوئے موقف اپنایا کہ پی ایس ایل کی کارکردگی پر سینئر کھلاڑی قومی ٹیم میں آنے لگے تو نئے بچے کہاں جائیں گے؟۔ باسط علی کا کہنا ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 10 کی اس وقت سب سے تگڑی ٹیم اسلام آباد یونائیٹڈ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد دوسرے نمبر کی ٹیم کوئٹہ نہیں بلکہ لاہور قلندر ہے۔ اس حوالے سے کامران اکمل نے بھی اس بات کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کی ٹیم نئے اور غیر ملکی کھلاڑیوں کے آنے سے مزید بہتر ہوئی ہے۔ خاص طور پر ایلکس ہیلز کی شمولیت سے کافی فائدہ ہوا۔ ایک سوال کے جواب میں کامران اکمل نے کہا کہ پی ایس ایل کی کارکردگی دیکھتے ہوئے ٹیم میں شاداب خان کی جگہ بنتی ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ سلیکٹرز ان کی کون سی پرفارمنس دیکھتے ہیں۔ بحیثیت سلیکٹر میں کبھی بھی شاداب خان کو ٹیم میں نہیں رکھوں گا۔

پی ایس ایل 10' جارح مزاج بیٹر جارج منسے نے کراچی کنگز کو جوائن کرلیا

کراچی (این این آئی) جارح مزاج بیٹر جارج منسے نے پاکستان سپر لیگ 10 کیلئے کراچی کنگز کو جوائن کرلیا، انھوں نے اپنے لیے اسے بہترین موقع قرار دیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے اسکاٹش اوپنر نے کہا کہ ڈیوڈ وارنر کی قیادت میں کراچی کنگز کیلئے پی ایس ایل میں کھیلنا میرے لیے ایک بہترین موقع ہے، کراچی کے ساتھ سفر کا آغاز کرنا آسان رہا کیونکہ کوچنگ اسٹاف اور مینجمنٹ نے میری کافی مدد کی۔ اوپنر ڈیوڈ منسے کا کہنا تھا کہ اب تک کا میرا تجربہ کافی خوشگوار رہا ہے، میں وارنر کی قیادت میں کھیلنے کا منتظر ہوں۔ اپنے سوئپ شاٹ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے منسے نے کہا کہ مجھے نہیں پتہ کہ ریورس سوئپ شاٹ کو مجھ سے کیسے منسوب کیا گیا مگر میں یہ شاٹ کھیلنا پسند کرتا ہوں، جب موقع ملے تو اس شاٹ کو استعمال کرتا ہوں۔ انھوں نے کہا کہ میں نے ماضی میں جو بھی انٹرنیشنل اور فرنچائز کرکٹ کھیلی ہے میں اس تجربے کو یہاں کراچی کنگز کیلیے بروئے کار لانے اور میچ جیتنے کی کوشش کروں گا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جارج منسے کرکٹ میں آنے سے قبل ایک گالفر تھے، تاہم اپنے کرکٹ کیریئر کے آغاز کے بعد انھوں نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 2 سنچریاں اور 11 نصف سنچریاں اسکور کی ہیں۔

ناک آؤٹ مرحلہ، بڑا میچ، پریشر ہوگا مگر لیں گے نہیں، آصف علی

سلیکٹرز کو اگر ضرورت ہوتی تو بلا لیتے، میرا خیال ہے انہیں ضرورت نہیں ہے' لاہور میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) لاہور قلندر کے بیٹر آصف علی نے کہا کہ ناک آؤٹ مرحلے میں بڑا میچ ہے، جس کا پریشر ہوگا، سارے پروفیشنل کھلاڑی ہیں، میرا نہیں خیال کہ پریشر لیں گے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں آصف علی نے کہا کہ جیسا کمبی نیشن بنا ہے امید ہے اچھی کرکٹ ہوگی، اگر آپ میچ ہارے ہیں تو غلطیوں پر پلان کرتے ہیں، اس پر کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے میچز میں بیٹنگ نہیں آرہی تھی، ٹیم کا کمبی نیشن بنائے، امید ہے اسی کمبی نیشن سے جائیں گے، کرکٹ کھیل رہا ہوں کم بیک کا نہیں سوچا، اور نہ ہی گول ہے۔ لاہور قلندرز کے بیٹر نے مزید کہا کہ ناک آؤٹ اسٹیج ہے اس میں پریشر ہوتا ہے، سلیکٹرز کو اگر ضرورت ہوتی تو بلا لیتے، میرا خیال ہے انہیں ضرورت نہیں ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ ہر کھلاڑی کا گول ہوتا ہے، میرا فوکس آگے آنے والی کرکٹ پر ہے، اگر پاکستان کو یا سلیکٹرز کو میری ضرورت ہوتی ہے تو حاضر ہوں۔ آصف علی نے یہ بھی کہا کہ سیم بلنگز پرفارم کر رہا تھا، جب اس طرح کا کھلاڑی جاتا ہے تو کمبی نیشن پر فرق پڑتا ہے، عاجزی میں رہتا ہوں، اس دن سلیبریشن موقع پر کردی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد یونائیٹڈ میں 8 سال کھیلا ہوں، خود ہی کھلاڑی تھا اور مینجمنٹ بھی، ڈیبیو شاہین کے ساتھ ہوا، تمیں بھائی نے بولا ہے۔

بنگلا دیش کیخلاف ٹی 20 سیریز، پاکستانی اسکواڈ کا اعلان، شاہین، بابر، رضوان آؤٹ

لارڈ کرکٹ گراؤنڈ کا ایک منظر)اے ایف پی(

فاسٹ بولر حسن علی، فخر زمان اور صائم ایوب کی قومی ٹیم میں واپسی'

حسین طلعت، صاحبزادہ فرحان اور فہیم اشرف بھی شامل

لاہور (این این آئی) بنگلادیش کے خلاف تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کیلیے پاکستان کے 16 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا۔ سلمان علی آغا بنگلادیش کے خلاف سیریز میں قومی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ سیریز کے تینوں میچز لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے جبکہ میچز کے شیڈول کا اعلان مقررہ وقت پر کیا جائے گا۔ فاسٹ بولر حسن علی، فخر زمان اور صائم ایوب کی قومی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے جبکہ حسین طلعت، صاحبزادہ فرحان اور فہیم اشرف کو بھی اسکواڈ میں شامل کیا گیا۔ فاسٹ بولر نسیم شاہ اور محمد وسیم جونیئر بھی اسکواڈ میں جگہ بنانے پر کامیاب ہوگئے۔ عبدالصمد، جہانداد خان، عباس آفریدی کو اسکواڈ سے ڈراپ کر دیا گیا جبکہ فاسٹ بولر شاہین آفریدی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں جگہ نہ بنا سکے۔ محمد علی، عمیر بن یوسف، سفیان مقیم اور عثمان خان کو بھی ڈراپ کر دیا گیا اور سابق کپتان بابر اعظم اور محمد رضوان بھی اسکواڈ کا حصہ نہیں ہیں۔ پاکستان اسکواڈ میں سلمان علی آغا (کپتان)، شاداب خان (نائب کپتان)، ابرار احمد، فہیم اشرف، فخر زمان، حارث روف، حسن علی، حسن نواز، حسین طلعت، محمد عرفان خان، خوشدل شاہ، محمد حارث (وکٹ کیپر)، محمد وسیم جونیئر، نسیم شاہ، صاحبزادہ فرحان (وکٹ کیپر) اور صائم ایوب شامل ہیں۔ فاسٹ بولر حسن علی، فخر زمان اور صائم ایوب کی قومی ٹیم میں واپسی' حسین طلعت، صاحبزادہ فرحان اور فہیم اشرف بھی شامل

کراچی نیشنل وومن ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں ٹاس سے قبل چیلنجرز اور اسٹرائیکرز کی کپتان میچ ریفری کے ہمراہ موجود ہیں

نیشنل/انٹرنیشنل

NATIONAL/INTERNATIONAL

2nd Ministerial Meeting of the
OIC-15
تہران OIC-15 ڈائیلاگ پلیٹ فارم کی دوسری وزارتی ملاقات کے موقع پر مندوبین کی گروپ تصویر

یورپی یونین کا اسرائیل سے شراکت داری کا معاہدے پر نظرثانی کا اعلان

اسرائیل کی طرف سے جو تھوڑی بہت امداد دی جا رہی ہے، وہ سمندر میں قطرے کے برابر ہے، کایا کالاس

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ کایا کالاس نے کہا ہے کہ یورپی یونین اور اسرائیل کے درمیان تجارتی معاہدے پر غزہ میں جاری صورتحال کے پیش نظر نظرثانی کی جائے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے غزہ کی صورت حال کو ایک تباہ کن انسانی بحران قرار دیا۔ کایا کالاس نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غزہ کی صورتحال انتہائی سنگین ہے۔ اسرائیل کی طرف سے جو تھوڑی بہت امداد دی جا رہی ہے، وہ یقیناً خوش آئند ہے، لیکن یہ سمندر میں ایک قطرے کے برابر ہے۔ امداد کا وسیع پیمانے پر، فوری اور بلا رکاوٹ پہنچنا ناگزیر ہے۔ فرانسیسی وزیر خارجہ ژاں نوئل بارو نے پارلیمان میں اس پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے بتایا کہ 27 میں سے 17 رکن ممالک نے اس اقدام کی حمایت کی ہے۔ کالاس نے یہ بھی انکشاف کیا کہ یورپی یونین نے ان اسرائیلی آبادکاروں پر پابندیاں تیار کر رکھی ہیں جو فلسطینی علاقوں میں تشدد کے مرتکب ہو رہے ہیں، تاہم ایک رکن ملک اس عمل درآمد کی راہ میں رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ انہوں نے اس ملک کا نام ظاہر نہیں کیا۔ اسی دوران برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی نے اعلان کیا کہ اسرائیل کی بڑھتی ہوئی فوجی کارروائیوں کے باعث لندن نے تل ابیب کے ساتھ تجارتی معاہدے پر بات چیت معطل کر دی ہے۔ برطانوی حکومت نے مزید بتایا کہ اسرائیلی سفیر تسیپی حوتوفلی کو طلب کیا گیا ہے

برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی 20 مارچ 2025 کو لندن میں ہاس آف کامنز میں غزہ کی صورتحال پر بیان دیتے ہوئے)اے ایف پی(

امریکی صدر کا گولڈن ڈوم دفاعی نظام سے متعلق اہم اعلان

کینیڈا گولڈن ڈوم میزائل دفاعی نظام کا حصہ بننا چاہتا ہے، امریکا کینیڈا کی مدد کرے گا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گولڈن ڈوم دفاعی نظام سے متعلق اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ گولڈن ڈوم میری مدت کے اختتام تک فعال ہو جانا چاہیے۔ اس پر 175 ارب ڈالر خرچ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈا گولڈن ڈوم میزائل دفاعی نظام کا حصہ بننا چاہتا ہے، امریکا کینیڈا کی مدد کرے گا۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ہماری ٹیکنالوجی اسرائیل سے زیادہ جدید ہے، گولڈن ڈوم کے لیے ہر چیز امریکا میں بنائی جائے گی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ روسی صدر کے ساتھ گولڈن ڈوم یا خلا پر بات نہیں کی، گولڈن ڈوم دفاعی نظام کے کچھ حصے زمین کے گرد مدار میں بھی ہوں گے۔ امریکی صدر نے کہا کہ اس نظام میں سیٹلائیٹ ٹریکنگ اور اسپیس انٹرسیپٹرز بھی شامل ہوں گے۔ اس نظام میں سیٹلائیٹ ٹریکنگ اور اسپیس انٹرسیپٹرز بھی شامل ہوں گے، ٹرمپ

غزہ میں ہم ان بچوں کو کھو رہے ہیں جنھیں بچایا جاسکتا ہے، برطانوی سرجن

ہمیں امداد کی ضرورت ہے، قطع نظر اس کے کہ غزہ میں سیاسی طور پر کیا ہو رہا ہے، وکٹوریا روز

غزہ (این این آئی) غزہ کے ناصر اسپتال میں خدمات انجام دینے والی برطانوی سرجن وکٹوریا روز نے کہا ہے کہ غزہ میں ہم ان بچوں کو کھو رہے ہیں جنھیں بچایا جاسکتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے بتایا کہ میں نے 2 رات قبل ایک 4 سالہ بچے کو کھو دیا، جو شدید انفیکشن کا شکار ہو گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ واقعہ برطانیہ میں ہوتا تو ایسا نہیں ہوتا، کیونکہ وہاں میرے پاس بنیادی ٹیسٹ جیسے مکمل خون کے تجزیے ور گردوں کی فعالیت کا ٹیسٹ کرنے کی سہولت موجود ہوتی لیکن یہاں میرے پاس ان میں سے کچھ بھی نہیں، یہاں ہمارا بلڈ بینک مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے۔ برطانوی سرجن وکٹوریا روز نے کہا ہے کہ یہ سب ایسی چیزیں ہیں جن کا علاج ممکن ہے، ہمیں امداد کی ضرورت ہے، قطع نظر اس کے کہ غزہ میں سیاسی طور پر کیا ہو رہا ہے، یہ ایک انسانی مسئلہ ہے اور ہمیں ان لوگوں کو خوراک اور طبی امداد فراہم کرنی چاہیے۔

شام پر اقتصادی پابندیوں کا خاتمہ عالمی اور علاقائی حمایت کا مظہر ہے، وزیر خارجہ

آج کے بعد جو بھی شام میں سرمایہ کاری کرنا چاہتا ہے اس کے لیے دروازے کھلے ہیں، بیان

دمشق (این این آئی) شام کے وزیر خارجہ اسعد الشیبانی نے ایک پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ شام پر سے اقتصادی پابندیوں کا خاتمہ، خطے اور دنیا کی جانب سے شام کی حمایت کے مضبوط ارادے کی عکاسی کرتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بیان انہوں نے دارالحکومت دمشق میں اردن کے وزیر خارجہ ایمن الصفدی کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پابندیوں کا ہٹایا جانا دراصل شام کی حمایت کے لیے علاقائی اور بین الاقوامی ارادے کا ثبوت ہے۔ الشیبانی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ آج شامی عوام کے پاس اپنے ملک کو دوبارہ تعمیر کرنے کا ایک تاریخی اور نہایت اہم موقع موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا منصوبہ یہی ہے کہ ہم ان مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ جو بھی شام میں سرمایہ کاری کرنا چاہتا ہے اس کے لیے دروازے کھلے ہیں اور جو تعاون کرنا چاہتا ہے، اس کے سامنے اب کوئی پابندی نہیں۔

فلسطینیوں کو اپنے ہاں بسانے کے لیے مختلف ملکوں سے بات چل رہی ہے، امریکا

یہ جبری وطن بدری نہیں ہوگی کیونکہ کوئی ملک انہیں لینا چاہتا ہے تو اسکی مرضی ہے، وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے امریکہ نے کئی ملکوں سے رابطہ کیا ہے کہ وہ رضاکارانہ طور پر فلسطینیوں کو اپنے ہاں بسانا قبول کرلیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مارکو روبیو نے یہ بات اس وقت کہی جب غزہ میں اسرائیلی جنگی جارحیت جاری ہے اور فلسطینی دربدر ہو رہے ہیں۔ سینیٹ کی خارجہ تعلقات کمیٹی کے سامنے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا یہ فلسطینیوں کی جبری وطن بدری نہیں ہوگی۔ کیونکہ اگر کوئی ملک انہیں لینا چاہتا ہے اور کوئی فلسطینی چاہتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے یا اپنے علاج کے لیے دوسرے ملک چلا جائے یا اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے کسی ایسی جگہ جاتا ہے جہاں سکول موجود ہوں تو اس میں کیا حرج ہوسکتا ہے۔ یہ تو رضاکارانہ اور اپنی مرضی سے کہیں جانے والی بات ہوگی کہ کوئی کہتا میں بیمار ہوں اور ایسی جگہ جانا چاہتا ہوں جہاں علاج ممکن ہو، جہاں ہسپتال ہوں تو اس میں جبر کیسا۔ پھر کوئی ملک انہیں خاص مدت کے لیے قبول کر لیتا ہے تو اس میں کیا قباحت ہوگی۔

غزہ کے لیے امدادی ٹرک رفح کراسنگ پر رکے ہوئے ہیں، مصر

ہماری طرف سے کراسنگ کھلی جبکہ دوسری طرف سے بند ہے، حکام کی گفتگو

قاہرہ (این این آئی) ایک طرف اقوام متحدہ نے غزہ کے لیے تقریباً 100 امدادی ٹرکوں کی آمد کی منظوری کا اعلان کیا ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ مزید ٹرکوں کو بھی داخلے کی اجازت دی گئی ہے، ساتھ ہی تمام رکے ہوئے ٹرکوں کو غزہ میں داخلے کی اجازت دینے کی بھی بات کی گئی ہے، تاہم زمینی صورتحال اس سے مختلف دکھائی دیتی ہے۔ شمالی سینا کے گورنر لیفٹیننٹ جنرل ڈاکٹر خالد مجاور نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ رفح کراسنگ مصر کی جانب سے کھلا ہے، مگر دوسری طرف سے بند ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب تک کراسنگ رفح کے ذریعے کوئی بھی امداد غزہ میں داخل نہیں ہوئی۔ انہوں نے واضح کیا کہ آئندہ چند گھنٹوں میں مصری سرحد سے امداد کے داخلے کے حوالے سے کسی قسم کی پیش رفت یا اشارہ موجود نہیں۔ ان کے مطابق مصر کا مذاکراتی وفد قطر میں موجود مختلف فریقین کے ساتھ مل کر سیز فائر اور امداد کے داخلے کی بحالی کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہا ہے۔ گورنر نے بتایا کہ امدادی سامان متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کی طرف سے مصر پہنچ چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ رفح گذرگاہ امداد کی ترسیل کے لیے مکمل تیار ہے، صرف سیاسی اتفاق رائے کا انتظار ہے تاکہ امداد اندر بھیجی جا سکے۔ مزید تفصیلات بتاتے ہوئے جزیرہ نما سینا کے گورنر نے کہا کہ امدادی ٹرک سینا میں لاجسٹک زون اور ہلال احمر کے گوداموں میں موجود ہیں اور مکمل طور پر تیار کھڑے ہیں۔

غزہ: ایک رشتہ دار ایک روتے ہوئے بچے کو تسلی دیتا ہے جبکہ فلسطینی صحافی محمد امین ابودھکا کی لاش، جو کہ اباسان الکبیرہ پر اسرائیلی فضائی حملے میں ہلاک ہوئے، ناصر ہسپتال سے خان یونس میں دفن کرنے کے لیے منتقل کی جا رہی ہے

بے گھر فلسطینی شمالی غزہ میں جبالیہ میں بطور امداد تقسیم کیا جانے والا پکا ہوا کھانا لینے کے لیے جمع ہیں)اے ایف پی(

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے جمعرات کی صبح ڈی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ کیا

دورے کے دوران انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے جمعرات کی صبح ڈی ایچ کیو ہسپتال کا اچانک دورہ کیا جس کے دوران انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرکے ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی اور دیگر انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو سخت ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ گرم موسم کے پیش نظر تمام ایئرکنڈیشنڈ درست حالت میں رکھنے اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی ایم ایس ڈاکٹر اشتیاق احمد، ڈی ایم ایس ڈاکٹر صدام حسین اور دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ہسپتال کے دورے کے موقع پر ایمرجنسی وارڈز، زنانہ مردانہ اور بچگانہ وارڈز، فارمیسی سمیت مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کر کے ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی اور متعلقہ انتظامی امور کے بارے میں دریافت کیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے مریضوں کی عیادت کر کے ان سے علاج معالجہ کی سہولیات کے بارے میں بھی دریافت کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے تاکید کی کہ ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور انتظامی امور کی کارکردگی کا مطلوبہ معیار یقینی بنایا جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری ایم سی سکول کا معائنہ کیا اور کلاس رومز میں جا کر تدریسی عمل، صفائی اور روشنی کے انتظامات کا بغور جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے طالبات سے سہولیات بارے دریافت کیا اور ان سے مختلف نصابی سوالات بھی پوچھے۔ انہوں نے سکول انتظامیہ و اساتذہ کو تاکید کی کہ حکومت پنجاب کے فروغ تعلیم پروگرام کی ترجیحات پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے عمدہ معیار تعلیم برقرار رکھا جائے اور تدریسی سرگرمیوں میں بچوں کی ذہنی صلاحیتوں کو نکھارنے پر بھی یکساں توجہ مرکوز رکھی جائے۔

خضدار میں آرمی پبلک سکول کی بس پر حملہ افسوسناک ہے: چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

بزدل دشمن اوچھی حرکتوں پر اتر آیا ہے دہشتگردی کے اس واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) خضدار میں آرمی پبلک سکول کی بس پر حملہ افسوسناک ہے بزدل دشمن اوچھی حرکتوں پر اتر آیا ہے دہشتگردی کے اس واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہیں شہداء کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہیں دعاگو ہیں کہ اللہ کریم زخمیوں کو جلد صحتیاب کرے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ دہشتگردی کو شکست دی ہے اس طرح کی بزدلانہ کارروائیوں سے نہ پہلے ڈرے اور نہ ہی اب ڈریں گے بزدلوں کو اس بار بھی عبرتناک شکست دیں گے سکول کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے بدترین درندے ہیں ان کیلئے کوئی رعایت نہیں ہوگی اس واقعے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں: چوہدری صہیب گورائیہ

دوران ڈیوٹی ترقی ملنا افسران کی اعلی کارکردگی کا اعتراف ہوتا ہے: چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں جنرل عاصم منیر نے مثالی کردار ادا کیا ہے عالمی سطح پر پاکستان کا امیج بہتر ہوا پاکستان اور ہمارے دفاع کو نئی طاقت ملی فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی ملنا ان کی خدمات کا اعتراف ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ دوران ڈیوٹی ترقی ملنا افسران کی اعلی کارکردگی کا اعتراف ہوتا ہے جنرل عاصم منیر کی کارکردگی کی نا صرف پاکستان بلکہ عالمی دنیا بھی معترف ہے فیلڈ مارشل پوری قوم اس عظیم سپہ سالار کو مبارکباد پیش کرتی ہے۔

ملک اظہر حسین کی بطور ممبر BOG جم خانہ کلب جھنگ کی مکمل حمایت کا اعلان کردیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران نے جھنگ کی معروف کاروباری شخصیت ملک اظہر حسین کی بطور ممبر BOG جم خانہ کلب جھنگ کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا۔ ملک اظہر حسین جو کہ بیک وقت الیکٹرونکس مارکیٹ کے صدر انجمن تاجران جھنگ کے نائب صدر ممبر ضلع امن کمیٹی سمیت مختلف ایسوسی ایشن کے ساتھ وابستہ ہیں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ 24 مئی کا سورج اللہ کے فضل وکرم سے میری فتح کی نوید لے کر طلوع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ انجمن تاجران ضلع جھنگ کے صدر حاجی دلدار علی ہکلہ برادری ڈاکٹر صاحبان چیمبر آف کامرس، لینڈ لارڈز کمیونٹی سمیت دیگر کاروباری شخصیات جو کہ جم خانہ کلب جھنگ سے وابستہ ہیں ان احباب کی جانب سے مجھے مکمل حمایت کی یقین دہانی کروائی گئی ہے۔ اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ مجھے کسی بھی فورم پر انسانیت کی خدمت کر کے دلی مسرت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے بورڈ آف گورنرز جم خانہ کلب جھنگ میں بحیثیت آزاد امیدوار حصہ لیا ہے۔ میری خدمات چاہے ڈی ایچ کیو ہسپتال سمیت دیگر مقامات پر صاف وشفاف پانی کے لئے فلٹریشن پلانٹ کے حوالے سے ہوں یا شہر بھر میں امن وامان قائم رکھنے کے لئے ضلعی امن کمیٹی کے کردار بارے ہوں میرے روزمرہ کے کاموں کا حصہ ہیں۔

ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام

ہیڈ تریموں پر جامع فلڈ موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (یورو رپورٹ) ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ہیڈ تریموں پر جامع فلڈ موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر و دیگر ضلعی افسران نے محکموں کی جانب سے پیشگی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ فلڈ موک ایکسرسائز کا مقصد سیلابی صورتحال میں دستیاب وسائل کی کارکردگی اور ان کے بروقت استعمال کو یقینی بنانا ہے۔ موک ایکسرسائز میں پی ڈی ایم اے، لائیو اسٹاک، محکمہ انہار، ایجوکیشن، سول ڈیفنس، ایگریکلچر اور ہیلتھ کے افسران و اہلکاروں نے بھی شرکت کی۔ تمام اداروں نے اپنے وسائل اور صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے معلوماتی اسٹالز بھی لگائے۔ ریسکیو ٹیم نے کشتی رانی، سکوبا ڈائیونگ، اور ڈوبنے والے افراد کو ریسکیو کرنے کی عملی مشق بھی کی۔ ایمرجنسی کمیونیکیشن نظام کی فعالیت کے لیے وائرلیس سیٹس کے استعمال پر بھی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ریسکیو 1122 اور دیگر محکموں کی تیاریوں کو اطمینان بخش قرار دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کا کہنا تھا کہ تمام اداروں کو باہمی رابطے کو مزید بہتر بنانا ہوگا تاکہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال میں عوام کو بروقت اور مؤثر مدد فراہم کی جا سکے۔

ضلع نارووال میں "کلینک آن ویلز" پروگرام کامیابی سے جاری

شکرگڑھ (عمران عارف سے) سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر محمد شہباز نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر کی طرح ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر نگرانی ضلع نارووال میں بھی "کلینک آن ویلز" پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ اس پروگرام کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے، تاکہ عام شہری خصوصاً خواتین، بزرگوں اور بچوں کو اسپتال جانے کی زحمت کے بغیر معیاری علاج مہیا ہو۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر نارووال کی سربراہی میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی نگرانی میں کلینک آن ویلز کی موبائل ٹیمیں شہر اور دیہی علاقوں میں دورہ کر رہی ہیں۔ یہ ٹیمیں ماہر ڈاکٹروں، لیڈی ہیلتھ ورکرز اور دیگر تربیت یافتہ عملے پر مشتمل ہیں، جو لوگوں کے گھروں میں جا کر چیک اپ، ادویات کی فراہمی، حفاظتی ٹیکے اور ابتدائی طبی امداد جیسی سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔ سی ای او ہیلتھ نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا یہ اقدام عوامی فلاح کا عملی مظہر ہے جس سے شہریوں کو صحت کی سہولیات با آسانی میسر آرہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کلینک آن ویلز پروگرام کو مزید موثر بنانے کے لیے ضلعی سطح پر بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں، یہ پروگرام عوام میں بے حد مقبول ہو رہا ہے اور شہری اس سہولت سے بھرپور استفادہ کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا تحصیل شاہکوٹ کا طویل دورہ

ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے تحصیل شاہکوٹ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا تحصیل شاہکوٹ کا طویل دورہ، ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے تحصیل شاہکوٹ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ بوائز کالج میں قائم امتحانی سنٹر کا دورہ کر کے انتظامات وسہولیات کا جائزہ بھی لیا ڈپٹی کمشنر نے شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ کرکے تجاوزات کے خاتمے اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا، تاجران سے ملاقات بھی کی۔ شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کے ناقص انتظامات پر ڈپٹی کمشنر برہم، ایل ڈبلیو ایم سی کو صفائی کے معاملات ایک ہفتے میں بہتر کرنے کی ڈیڈ لائن دوران وزٹ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دورے کا مقصد ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور شہریوں کو دی جانے والی سرکاری سروسز کا جائزہ لینا ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر شہریوں کو سرکاری سروسز کی فراہمی جاری ہے، ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت، پائیداری اور بروقت تکمیل اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے تمام شہروں میں نئی سیوریج لائنوں کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں، تعلیمی درسگاہوں میں معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں مفت اور فوری علاج معالجے کی فراہمی اہم ذمہ داری ہے۔ دوران وزٹ اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ شاہ شرافت، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کامران واجد سمیت دیگر افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے۔

ورلڈ ماسٹرز ہاکی یورپین چیمپئن شپ یورپی براعظم چیمپئن شپ جون 2025ء سے سپین میں شروع ہوگی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ورلڈ ماسٹرز ہاکی یورپین چیمپئن شپ یورپی براعظم چیمپئن شپ جون 2025ء سے سپین میں شروع ہو گی۔ جس میں یورپین ممالک کی پندرہ ہاکی ٹیمیں چیمپئن شپ میں حصہ لیں گیں۔ تفصیلات کے مطابق بیس جون سے سپین کے شہر ویلنسیاء میں ورلڈ ماسٹرز ہاکی یورپین چیمپئن شپ منعقد ہو رہی ہے یورپین چیمپئن شپ میں انگلینڈ، سپین، ویلز، سکاٹ لینڈ، الائنس انٹرنیشنل، نیدرلینڈ، جرمنی، فرانس، اٹلی اور آئرلینڈ ہاکی ٹیمیں شرکت کریں گی یورپین ہاکی چیمپئن شپ کا افتتاحی میچ بیس جون کو کھیلا جائے گا جبکہ آخر میں کوالیفائیڈ ٹیموں کا فائنل میچ انتیس جون کو کھیلا جائے گا الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز نے میڈیا نمائندگان سے ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران کہا الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم جس میں سابقہ لیجنڈز اور نامور کھلاڑی شرکت کریں گے اولمپین شہباز احمد سینئر، اولمپین شہباز جونیئر، اولمپین عرفان محمود، محمد عرفان انٹرنیشنل، احسان اللہ خان انٹرنیشنل، محمد عدنان اشرف انٹرنیشنل، شبیر حسن انٹرنیشنل، عامر شہزاد انٹرنیشنل، خرم شہزاد انٹرنیشنل محمد ریاست انٹرنیشنل، معاذ منیر، سمیع اللہ خان، نور رانا کینیڈین انٹرنیشنل سمیت دیگر کھلاڑی شرکت کریں گے ٹیم فزیو ڈاکٹر محمد عامر فاروق ہوں گے انہوں نے کہا کہ میرے لیے یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ میں الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کی نمائندگی کرتے ہوئے بطور کپتانی کے فرائض سرانجام دے رہا ہوں ہماری ٹیم کے کھلاڑیوں کے حوصلے بلند ہیں اور ہم یورو کانٹینینٹل چیمپئن شپ میں نمایاں کامیابی حاصل کریں گے

لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ شہریوں کے مسائل سننے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے تھانہ لنگرانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں ڈی ایس پی سرکل بھوانہ، تفتیشی افسران، میڈیا نمائندگان اور علاقہ کے لوگوں کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او نے لوگوں کے مسائل سنے اور حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے کے لیے ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ضلعی انتظامیہ چنیوٹ صحت کی معیاری سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ چنیوٹ صحت کی معیاری سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہیں اس ضمن میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چنیوٹ میں 60 بیڈز پر مشتمل سرجیکل ٹاور تکمیل کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے زیر تعمیر سرجیکل ٹاور کا دورہ کیا اور تعمیراتی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ٹاور کے مختلف حصے دیکھے اور کام کی رفتار مزید تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ افسران موقع پر موجود رہ کر نگرانی کریں اور بقیہ کام بلاتاخیر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 60 بیڈز کے اضافہ سے مریضوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی جبکہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال کی نئی پرشکوہ عمارت کا تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے مختلف شعبوں کا بھی دورہ کیا اور مریضوں سے گفتگو کر کے علاج معالجہ اور ادویات ملنے کے بارے میں دریافت کیا۔

اسسٹنٹ کمشنر یوٹی رب دینو میتلو کا بنیادی مرکز صحت 53/2 میں طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر یوٹی رب دینو میتلو کا بنیادی مرکز صحت 53/2 میں طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے مرکز صحت میں مریضوں کی عیادت کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر نے ادویات کے سٹاک اور میڈیکل ریکارڈ کی بھی چیکنگ کی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر یوٹی رب دینو میتلو نے مرکز صحت کے انچارج کو مریضوں کے علاج معالجہ کے سلسلہ میں تمام تر اقدامات کی موثر انداز میں نگرانی بارے بھی ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ مریضوں کو میڈیکل سروسز کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کا میڈیکل ریکارڈ بھی درست انداز میں مرتب کیا جائے۔

CHIEF MINISTER CLINIC ON WHEELS FOR URBAN SLUMS
Life Care
وزیر اعلیٰ پنجاب
Clinic on Wheels
دستک... آپ کی دہلیز پر

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپالپور کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ

ایمرجنسی، او پی ڈی، میڈیکل وارڈ سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں مریضوں کی عیادت کی

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپالپور کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا دورہ، انہوں نے ایمرجنسی، او پی ڈی، میڈیکل وارڈ سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں مریضوں کی عیادت کرتے ہوئے انہیں دستیاب طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے دو ڈاکٹرز کی دوپہر کی شفٹ سے قبل عدم موجودگی کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ایم ایس ڈاکٹر عادل رشید کو متعلقہ ڈاکٹرز کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے انہیں شوکاز نوٹس جاری کرنے کے احکامات جاری کر دیے، موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ہسپتال میں مریضوں کو کوالٹی سروسز کی فراہمی پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس سلسلہ میں فرائض میں غفلت برتنے والے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔

خضدار میں اسکول بس پر حملہ انسانیت سوز، بزدلانہ عمل ہے۔ سید تجمل حسین نقوی

سکول بس حملے میں شہادتوں پر دل آزردہ ہے۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خضدار میں بے رحم دہشت گردوں کیجانب سے سکول بس پر حملے کے افسوسناک واقعے پر شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے ایکسائز نارکوٹکس اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سیالکوٹ سید تجمل حسین نقوی نے اپنے بیان میں شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے دہشت گردوں کی بزدلانہ، سفاک اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ یہ انسانیت کے خلاف کھلی جنگ ہے۔ معصوم اور بے گناہ بچوں پر حملہ ایک ایسا دل دہلا دینے والا سانحہ ہے، جس نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ اس حملے سے ثابت ہوتا ہے کہ دہشت گرد کسی مذہب، قانون یا انسانیت کے قائل نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ایسے بزدل عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے انہیں قانون کے کٹہرے میں لا کر نشان عبرت بنانے کیلئے فوری اقدامات کرے۔ اس موقع پر انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم بارے اجلاس منعقد ہوا

اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران سمیت دیگر تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان بھی موجود تھے

جھنگ (یورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم بارے اجلاس منعقد ہوا اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران سمیت دیگر تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان بھی موجود تھے۔ رواں ماہ 26 مئی سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کی تیاریوں بارے بریفنگ دی گئی۔ محکمہ صحت کے افسران نے بتایا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ لاکھ 80 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ 2343 ٹیمیں انسداد پولیو مہم میں حصہ لیں گی محکمہ صحت کے افسران و سٹاف کی ٹریننگ کو مکمل کر لیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کے خاتمے اور بچوں کے صحت مند مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے حکومت پرعزم ہے۔ انسداد پولیو مہم کے دوران تمام ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی فیلڈ میں ٹیموں کی نگرانی کریں گے اور انسداد پولیو مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کے لئے ہیلتھ ورکرز کی تربیت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے اور اس ضمن میں دیگر متعلقہ محکموں سے روابط کو بھی موثر بنایا جائے۔ انہوں نے سماجی تنظیموں اور دیگر عوامی حلقوں پر زور دیا ہے کہ پولیو جیسی موذی وباء کو جڑ سے اکھاڑنے کے لئے حکومت کو شہریوں کا بھرپور تعاون بھی درکار ہے۔ والدین محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ اس ضمن میں محکمہ صحت کی طرف سے انسداد پولیو کی خصوصی مہم کو مائیکرو پلان کے مطابق ذمہ دارانہ طریقے سے انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ مہم میں سو فیصد بچوں کو قطرے پلانے کا ٹارگٹ ہر صورت پورا کیا جائے گا اس ضمن میں مانیٹرنگ کا کڑا نظام بھی فعال رکھا گیا ہے۔ محکمہ صحت کے افسران انسداد پولیو مہم کے کیچ اپ ڈیز کے دوران پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر کسی وجہ سے رہ جانے والے بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ٹارگٹ مکمل کریں گے تاکہ مطلوبہ اہداف کے حصول میں کوئی رکاوٹ نہ رہے۔

CRIME & COURT
جرم وسزا

پولیس تھانہ مصطفی آباد نے گھر سے لاپتہ ہونے والے بچے کو گھر پہنچا دیا

پولیس تھانہ مصطفی آباد نے اپنی تحویل میں لیکر والدین کی تلاش شروع کردی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پولیس تھانہ مصطفی آباد نے گھر سے لاپتہ ہونے والے بچے کو گھر پہنچا دیا، سات سالہ بچہ گھر سے بچھڑ گیا جسے پولیس تھانہ مصطفی آباد نے اپنی تحویل میں لیکر والدین کی تلاش شروع کر دی، چند گھنٹوں کی تلاش کے بعد بچے کو والد کے حوالے کر دیا گیا، والد کی قصور پولیس کو دعائیں، تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ مصطفی آباد کو ایک سات سالہ کمسن بچہ ملا جو گھر سے بچھڑ گیا تھا، کمسن بچہ اپنا نام اور گھر کا ایڈریس بتانے سے قاصر تھا، جس پر ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد علی اکبر نے ایک ٹیم تشکیل دی جس نے گلی محلوں میں بچے کو ساتھ لیکر چکر لگائے، مساجد میں اعلانات کروائے، چند گھنٹوں کی کاوش کے بعد پولیس ملازم فرحان نے والدین کو تلاش کرنے میں کامیابی حاصل کر لی اور سات سالہ بچے زین کو والد فریاد کے حوالے کر دیا، فریاد نے کہا کہ قصور پولیس نے میرے بچے کو میرے حوالے کر کے مجھ پر جو احسان کیا ہے اسے کبھی فراموش نہیں کر سکوں گا، قصور پولیس کا اپنوں کو اپنوں سے ملانے کا سلسلہ قابل تحسین ہے، اس بات کا اندازا وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کے بچے ان سے بچھڑ جاتے ہیں، بچوں کی واپسی پر انہیں ملنے والی خوشی کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔

محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے حیاتیاتی ماحول کے تحفظ کا عالمی دن منایا گیا

اسسٹنٹ ڈائریکٹر نوید احمد اور انسپکٹر محمد زمان کی قیادت میں عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک کی گئی



International Day for BIOLOGICAL DIVERSITY
Environment Protection Agency, Punjab, Hafizabad
MAP RICE MILLS (PVT) LIMITED

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے حیاتیاتی ماحول کے تحفظ کا عالمی دن منایا گیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نوید احمد اور انسپکٹر محمد زمان کی قیادت میں عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک کی گئی اور فیملی پارک میں حیاتیات کے تحفظ اور صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات نوید احمد کا کہنا تھا کہ آلودگی سے پاک، شفاف اور خوشگوار ماحول جس قدر انسانوں کے لیے ضروری ہے اسی طرح دیگر جانداروں کے لیے ماحول کا صاف ستھرا ہونا بے حد ضروری اور لازمی ہے۔ اس لیے سیکرٹری تحفظ ماحولیات پنجاب، ڈائریکٹر جنرل محکمہ ماحولیات ڈاکٹر عمران حامد شیخ اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے حیاتیاتی ماحول کے تحفظ کا عالمی دن منایا گیا۔ انکا کہنا تھا کہ اس دن کو منانے کا مقصد عوام میں یہ شعور اور آگاہی فراہم کرنا ہے کہ صاف ستھرا اور صحت مند ماحول جتنا انسانوں کے لیے ضروری ہے اتنا ہی دیگر جانداروں کے لیے ضروری ہے۔ اس لیے ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے ماحول کو تروتازہ اور خوشگوار بنائیں اسی طرح دیگر جانداروں کے لیے بھی ماحول کو صحت افزاء بنانے کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ انکا کہنا تھا کہ آلودگی کے خاتمہ اور ماحول کو تروتازہ اور صحت مند اور خوشگوار بنانے کے لیے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی جائے کیونکہ یہ درخت اور پودے انسانوں اور جانوروں کے لیے۔ بہت ضروری ہیں۔

موجودہ دور میں جمہوریت کے فروغ اور ملک میں جمہوری استحکام کے لیے طلباء وطالبات کا انتخابی عمل کا حصہ بننا بہت ضروری ہے

ملک میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد اپنے نمائندوں کے انتخاب، شفاف انتخابات اور جمہوری عمل کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے: الیکشن آفیسر عارفہ اصغر

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر حافظ آباد خالد رشید اور الیکشن آفیسر عارفہ اصغر کا کہنا ہے کہ موجودہ دور میں جمہوریت کے فروغ اور ملک میں جمہوری استحکام کے لیے طلباء وطالبات کا انتخابی عمل کا حصہ بننا بہت ضروری ہے کیونکہ ملک میں نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد اپنے نمائندوں کے انتخاب، شفاف انتخابات اور جمہوری عمل کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جس طرح مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے کو ووٹ کی اہمیت بارے شعور اور آگاہی دی جارہی ہے اسی طرح الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے طلباء و طالبات کو انکے ووٹ کی اہمیت بارے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ووٹر ایجوکیشن کے سلسلہ میں گورنمنٹ کالج میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز پروفیسر اظہر جنجوعہ و دیگر نے بھی ووٹ کی اہمیت بارے اظہار خیال کیا۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اور الیکشن آفیسر کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان ملک میں رہنے والے تمام پاکستانیوں کو برابری کی سطح پر ووٹ کا حق دیتا ہے تاکہ عوام اپنی رائے شماری اور شفاف طریقہ سے ملک میں جمہوری حکومتوں کے قیام اور اپنے نمائندوں کا انتخاب کرسکیں۔

تین اوباشوں کی نرس سے زبردستی زیادتی، ویڈیو بنا کر بلیک میل کرتے رہے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت) تین اوباشوں کی نرس سے زبردستی زیادتی، ویڈیو بنا کر بلیک میل کرتے رہے۔ بعد میں وائرل کر دی، تفصیلات کے مطابق دفتوہ کی رہائشی سعدیہ جو کہ مصطفی آباد کے نجی کلینک میں کام کرتی ہے۔ اسی گاؤں کا رہائشی ماجد اپنی قریبی عزیزہ کے چیک اپ کیلیے سعدیہ کو ساتھ لے کر گیا۔ جہاں پہلے سے فیصل اور سخاوت پہلے سے موجود تھے۔ جہاں پر ملزمان نے پہلے لڑکی کو تشدد کا نشانہ بنایا اس کے بعد ملزم ماجد نے سعدیہ کے ساتھ زیادتی کی جس کی دوسرے ملزمان ویڈیو بناتے رہے۔ اس کے بعد فیصل اور سخاوت نے بھی باری باری سعدیہ کے ساتھ جنسی زیادتی کی۔ گینگ ریپ کے نتیجے میں سعدیہ بے ہوش ہوگئی۔

2 مختلف واقعات میں دو خواتین سمیت تین افراد اغواء

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف واقعات میں دو خواتین سمیت تین افراد اغواء صفدر علی کی بیوی (پ) اپنے بیٹے کے ہمراہ بازار گئی جس کو نامعلوم ملزمان کیری ڈبہ میں اغوا کر کے لے گئے اگوچک کے محمد سرفراز اپنے بیوی بچون کے ہمراہ گھر میں سویا ہوا تھا کہ اس کی بیٹی 17 سالہ (س) اپنی چارپائی پر موجود نہیں تھی پتہ جوئی پر علم ہوا کہ ملزمان زبردستی کیری ڈبہ میں اغوا کر کے لے گئے پولیس نے مقدمات درج کر لئے

پانچ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز و دیگر سامان سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پانچ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز و دیگر سامان سے محروم۔ سرانوالی کا محمد عمران گھر کے صحن میں سویا ہوا تھا کہ نامعلوم ملزمان سرہانے کے نیچے سے نقدی 22 ہزار روپے اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے محمد آشان موٹر سائیکل پر سوار ستراہ جا رہا تھا کہ ٹلی نوشہرہ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 30 ہزار روپے اور دو عدد موبائل فون چھین لئے سرانوالی کے آصف نواز کے گھر کی دیوار پھلانگ کر نامعلوم ملزمان گھر کی سیف الماری سے نقدی 10 ہزار روپے، تین موبائل فون و دیگر قیمتی سامان چوری کر کے لے گئے۔

ہیٹ سٹروک سے بچانے کیلئے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں سیمینار و واک کا اہتمام

سیمینار ڈاکٹر سارہ بن نسیم کی زیر نگرانی منعقد ہوا جبکہ وفاقی وزیر مملکت کے کوارڈینیٹر ملک خالد عمر بھی موجود تھے

کوٹ رادھاکشن (نامہ نگار) ہیٹ سٹروک سے بچانے کیلئے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں سیمینار و واک کا اہتمام، سیمینار ڈاکٹر سارہ بن نسیم کی زیرنگرانی منعقد ہوا جبکہ وفاقی وزیر مملکت کے کوارڈینیٹر ملک خالد عمر ایڈووکیٹ اور اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھاکشن سہیل ریاض چھینہ نے خصوصی شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تحصیل کوٹ رادھاکشن ڈاکٹر سارہ بن نسیم کی زیرنگرانی گرمیوں کی شدت کے لحاظ سے ہیٹ سٹروک سے بچانے کیلئے ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس میں ڈاکٹر اعجاز الحسن سندھو، ڈاکٹر توقیر احمد، ڈاکٹر سرمد سلیم رانا نے ہیٹ سٹروک سے بچانے، حفاظتی تدابیر وغیرہ کے حوالہ سے سیمینار کے شرکا کو آگاہی دی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مملکت کے کوارڈینیٹر ملک خالد عمر ایڈووکیٹ نے ہسپتال میں موجود سہولیات و دیگر انتظامی امور کے حوالہ سے بات چیت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر حضرات نے کہا کہ لو لگنا ہیٹ سٹروک کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیٹ سٹروک کے متاثرین میں سب سے زیادہ تعداد بچوں اور ضعیف العمر افراد کی ہو سکتی ہے جبکہ دھوپ میں کام کرنے والوں کو بھی حفاظتی تدابیر اختیار کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہیٹ سٹروک سے متاثرہ مریضوں کو جبکہ ان پر غنودگی طاری ہونے لگے۔

خضدار بلوچستان میں سکول بس پہ دہشت گردی کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ رانا لیاقت علی

خضدار بلوچستان میں آرمی پبلک سکول کی بس کو نشانہ بنایا گیا جس میں معصوم بچوں کے شہید ہونے کی اطلاعات ہیں



پسرور (عبدالرزاق چوٹہ سے) خضدار بلوچستان میں سکول بس پہ دہشت گردی کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ رانا لیاقت علی سابق ایم پی اے پسرور۔ سابق ایم پی اے رانا لیاقت علی بھلور نے خضدار بلوچستان میں سکول بس پہ ہونے والی دہشت گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ خضدار بلوچستان میں آرمی پبلک سکول کی بس کو نشانہ بنایا گیا جس میں معصوم بچوں کے شہید ہونے کی اطلاعات ہیں، جس سے ظاہر ہو رہا ہے کہ ہندوستان جنگ ہارنے کے بعد اپنے زخم چاٹ رہا ہے اور حسب عادت پاکستان میں دہشت گردی کو ہوا دینا چاہ رہا ہے۔ دہشتگردوں کے خلاف قومی یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے، ہمیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دست و بازو بن کر اس دہشت گردی کے خلاف کھڑا ہونا ہوگا اللہ تبارک وتعالی شہداء کے درجات بلند فرمائے اور انکے لواحقین کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

جنرل سید عاصم منیر قوم کے سچے محسن ہیں: ڈاکٹر حافظ عبدالکریم

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ سے) دیپالپور اوکاڑہ جنرل سید عاصم منیر قوم کے سچے محسن ہیں۔ ان کی قیادت، دلیری اور تدبر نے ملک وقوم کو ناقابل فراموش کامیابیاں عطا کیں ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے ناظم اعلیٰ ڈاکٹر حافظ عبدالکریم نے ضلع اوکاڑہ کے ناظم قاری ابوبکر صدیق نائب ناظم سوشل میڈیا پنجاب حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی قیادت میں ملنے والے وفد سے ملاقات کے دوران کیا ملاقات میں مرکزی نائب امیر ڈاکٹر عبدالغفور راشد بھی موجود تھے وفد میں نائب امیر ضلع ملک محمد سلیم محمد جنید بغدادی بابا فرید احمد بھی شامل تھے انہوں نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر پوری قوم کی جانب سے مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز نہ صرف ایک فرد کے لیے بلکہ پوری قوم کے وقار، فخر اور یکجہتی کی علامت ہے انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز عوام کے دلوں میں جنرل عاصم منیر کے لیے موجود محبت، اعتماد اور احترام کا مظہر ہے وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے زبردست فیصلہ کیا ہے انہوں نے اس فیصلے کو پاکستانی عوام کے جذبات کی بھرپور عکاسی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے سپہ سالار فیلڈ مارشل عاصم منیر پر فخر ہے۔ ان کی قیادت، تدبر، اور دشمن کی سازشوں کے خلاف حکمت عملی نے وطن عزیز کو مضبوط تر کیا ہے انہوں نے جنرل عاصم منیر کی عسکری اور قومی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی ولولہ انگیز قیادت نے نہ صرف افواج پاکستان کو مزید منظم کیا بلکہ عوام اور فوج کے درمیان رشتہ مزید مضبوط کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنرل سید عاصم منیر نے معرکہ حق کے دوران آپریشن 'بنیان مرصوص' میں اپنی قائدانہ اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا۔ ان کی قیادت، دلیری اور تدبر نے ملک وقوم کو ناقابل فراموش کامیابیاں عطا کیں۔

منشیات فروشی میں ملوث 02 کس منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں: مقدمات درج

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ہے: سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی صدر شاہنواز وڑائچ کی زیر نگرانی، ڈی ایس پی وزیر آباد ملک فیاض کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ سٹی وزیر آباد سب انسپکٹر اورنگزیب و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث دو کس منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار کیے گئے ملزمان کے قبضہ سے دس کلو دو سو گرام چرس اور ایک کلو ایک سو بیس گرام آئس برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان میں سلمان اور ارسلان شامل ہیں۔ دوران تفتیش منشیات فروشوں نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لاتے اور ضلع بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتے تھے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ سٹی وزیر آباد سب انسپکٹر اورنگزیب اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

چوری اور ڈکیتی اور اغواء کے واقعات میں شہری دو قیمتی آئی فون اور لاکھوں روپے نقدی سے محروم

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی اور اغواء کے واقعات میں شہری دو قیمتی آئی فون اور لاکھوں روپے نقدی سے محروم تفصیل کے مطابق مرید کے کا رہائشی امانت گندم خریدنے نارنگ آ رہا تھا سدھانوالی کے قریب 4 ڈاکوؤں نے دو لاکھ 65 ہزار روپے نقدی اور راڈو گھڑی چھین لی آئی فون 11 پرو چھین کر کھیتوں میں پھینک دیا نواحی گاؤں شریف پورہ میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے دوران نامعلوم نے جیب سے آئی فون 16 نکال لیا مرید کے کے رہائشی شبیر وغیرہ کھنڈا جا رہے تھے ڈاکوؤں نے تین موبائل فونز اور 27 ہزار روپے نقدی چھین لی جبکہ لاہور سے نارنگ والدہ کو ملنے کے لئے آنے والی ڈیزی مسیح کو نامعلوم ملزمان نے اغواء کر لیا اور گاڑی میں فرار ہو گئے نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کا آغاز کر دیا ہے۔

موٹروے پولیس بیٹ 15 اور پٹرولنگ پولیس کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر میں ریت اور مٹی سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالیاں شہریوں کیلئے عذاب بن گئیں

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) موٹروے پولیس بیٹ 15 اور پٹرولنگ پولیس کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر میں ریت اور مٹی سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالیاں شہریوں کیلئے عذاب بن گئیں اڑنے والی گرد وغبار اور مٹی سے شہری سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے اعلی حکام سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال کے ضلعی انتظامیہ موٹروے پولیس بیٹ 15 اور پٹرولنگ پولیس کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر شہر مین جی ٹی روڈ اور نورشاہ روڈ پر مٹی اور ریت کے ٹرالی ٹریکٹروں شہریوں کے لیے عذاب بن گئے لاؤڈ سپیکر کی سرعام خلاف ورزی کم عمر ڈرائیور۔ اوور سپیڈ کرتے ہوئے شہریوں کے لیے وبال جان بن گئے۔ پنجاب حکومت نے مٹی سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالیوں کو بغیر ڈھانپے لے جانے پر پابندی عائد کر رکھی ہے مگر گیمبر نورشاہ روڈ اور گرد و نواح میں ٹریکٹر ٹرالیوں کے ڈرائیورز نے احکامات کو مذاق سمجھ کر ہوا میں اڑا دیا، متعلقہ حکام کی جانب سے قانون شکنوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جا رہی۔ گیمبر نورشاہ روڈ سمیت شہروں کو آنے والی ہر سڑک پر ٹریکٹر ٹرالیوں کی بھرمار ہے، جب ریت اور مٹی سے اوور لوڈ ٹرالیاں سڑکوں سے گزرتی ہیں تو وہ سڑکوں پر بہت سی ریت اور مٹی گراتی ہیں جس کی وجہ سے دوران ٹریفک سڑکوں سے اڑنے والی مٹی اور گرد وغبار اس حد تک ہوتی ہے کہ وہاں سے گزرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

جہلم شہر میں ترقیاتی کاموں اور تجاوزات کے خاتمے کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر میثم عباس کی زیر صدارت اجلاس

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں ترقیاتی کاموں اور تجاوزات کے خاتمے کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر میثم عباس کی زیر صدارت اجلاس وقت ہوا اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے ضلع جہلم میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ دی جبکہ میونسپل کمیٹی افسران نے ڈی سی جہلم کو تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن پر تفصیلات سے آگاہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جہلم نے ہدایت کی کہ مالی سال 2025 کے ترقیاتی منصوبوں کو 30 جون سے پہلے پہلے خرچ مکمل کیا جائے۔

پسرور عرصہ دراز سے یتیمی کا شکار تھا: محمد میثم رضا علوی

جب بھی بھارت کی جانب سے دہشتگردی کی گئی سب سے پہلے پسرور چاروہ سیکٹر کی عوام اس کا نشانہ بنتی ہے



پسرور (عبدالرزاق چوٹہ سے) محمد میثم رضا علوی کی قوت سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پسرور عرصہ دراز سے یتیمی کا شکار تھا۔ جب بھی بھارت کی جانب سے دہشتگردی کی گئی سب سے پہلے پسرور چاروہ سیکٹر کی عوام اس کا نشانہ بنتی ہے۔ متعدد بار فائرنگ کی زد میں آ کر شہری زخمی ہوتے لیکن بنیادی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے بھاری نقصان کا سامنا ہوتا تھا۔ ریسکیو 1122 کا انعقاد بارڈر ایریا خصوصاً علاقہ سلہری کی عوام کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال یا حادثہ کی صورت میں ریسکیو عملہ کا فوری ایکشن لینا اور مثل فرشتہ موقع پر آنا قابل تعریف ہے۔ اہلیان علاقہ کو سابق ایم پی اے رانا لیاقت علی نے ریسکیو سینٹر دے کر بہترین کردار ادا کیا۔ اسی طرح شہداء کشمیر کرکٹ اسٹیڈیم بھی نوجوان نسل کو بہترین تحفہ ہے۔ قوم وہی کامیاب ہوتی ہے جن کے گراؤنڈ آباد ہوتے ہیں۔ اہلیان پنڈی بھاگو اور رانا لیاقت علی کی ان تھک محنت کا نتیجہ ہے کہ آج نوجوان نسل کو کھیلنے کیلئے کرکٹ اسٹیڈیم جیسی سہولت میسر ہے۔

ایس پی انویسٹی گیشن حافظ آباد محمد عمران کالرو نے "انصاف آپ کی دہلیز پر" کھلی کچہریاں منعقد کیں



حافظ آباد: (نمائندہ خصوصی) ایس پی انویسٹی گیشن حافظ آباد محمد عمران کالرو نے "انصاف آپ کی دہلیز پر" کھلی کچہریاں منعقد کیں۔ سپرنٹنڈنٹ انویسٹی گیشن حافظ آباد محمد عمران کالرو نے تھانہ سٹی حافظ آباد اور تھانہ صدر حافظ آباد میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا۔ ان کھلی کچہریوں کے دوران شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل وشکایات براہ راست ایس پی انویسٹی گیشن کے سامنے پیش کیں۔ محمد عمران کالرو نے تمام شکایات بغور سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ پولیس افسران کو ان کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے * ایس پی انویسٹی گیشن حافظ آباد محمد عمران کالرو * نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کے مسائل کو فوری اور مؤثر انداز میں حل کرنا اور پولیس وشہریوں کے درمیان اعتماد کی فضا کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ سائلین کی ہر درخواست کو کمپلینٹ مینیجمنٹ سسٹم (CMS) پر فوری طور پر ریکارڈ کیا جائے تاکہ شکایات پر بروقت کارروائی ممکن ہو اور ان کا باقاعدہ فالو اپ لیا جاسکے۔ * "انصاف آپ کی دہلیز پر" کے عوام کے ساتھ پولیس حافظ آباد عوامی خدمت کا یہ سلسلہ جاری رکھے گی

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ چند دن پہلے ایسی جنگ چھڑی جو کسی لمحے انتہائی خطرناک رُخ اختیار کر سکتی تھی، اس جنگ کے نتائج بھیانک ہو سکتے تھے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعہ کی آڑ میں بے بنیاد الزامات کی بوچھاڑ کر دی، پاکستان نے دنیا کو باور کرایا کہ بھارت کے الزامات جھوٹ پر مبنی ہیں، پہلگام واقعہ افسوسناک تھا، عالمی تحقیقات کی پیشکش کے باوجود بھارت نے حملہ کر دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے واضح کیا کہ پہلگام واقعہ بھارت کی سازش کا حصہ ہے، بھارتی جارحیت میں آزاد کشمیر اور ملک کے دیگر علاقوں میں 33 افراد شہید ہوئے، ہم نے دفاع کا حق استعمال کرتے ہوئے بھارت کے 6 جہاز گرائے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ افواج پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، مسلح افواج نے شہری آبادی کو نشانہ بنانے کے بجائے بھارتی جہاز گرائے، مسلح افواج نے معرکہ حق میں بھارت کو چھٹی کا دودھ یاد دلایا، اب مودی سرکار پاکستان پر دوبارہ حملہ آور ہونے کیلئے سو بار سوچے گی۔ انہوں نے کہا کہ فیصلہ کیا کہ 10 مئی کی صبح بھارت کو بھرپور جواب دیا جائے گا، بھارت کے خلاف جوابی کارروائی سے پہلے میری سپہ سالار سے بات ہوئی، سپہ سالار کی آواز میں بلا کا اعتماد، جوش اور ولولہ تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیصلہ کیا بھارت کو ایسا تھپڑ رسید کیا جائے جو قیامت تک نہ بھولے، پاکستان کی جوابی کارروائی نے کئی ممالک کا ابہام دور کر دیا، یہ جنگ شائد تاریخ کی مختصر ترین جنگ تھی۔ شہباز شریف نے کہا کہ سپہ سالار نے جنگ میں فرنٹ سے لیڈ کیا، پاکستان نے روایتی جنگ میں بھارت کی برتری کا تاثر غلط ثابت کر دیا، بھارت کو ایسا سبق سکھایا جو کبھی بھلا نہیں پائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے جواب پر بھارت گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوا، وزیراعظم وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کو اتفاق اور اتحاد کی طاقت سے آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں پوری قوم مسلح افواج کے پیچھے کھڑی رہی، 24 کروڑ عوام کی دعاؤں کی بدولت معرکہ حق میں عظیم فتح نصیب ہوئی، انہوں نے کہا کہ سپہ سالار کی قیادت میں اللہ نے بے پناہ کامیابیاں عطا فرمائیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ مظفر آباد آمد کا مقصد شہدا کے ورثا سے اظہار یکجہتی کرنا ہے، شہدا کی قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں، لواحقین کے معاشی مسائل کا حل ضروری ہے، شہدا کے ورثا کو فی کس ایک کروڑ، زخمیوں کو 10 سے 20 لاکھ روپے دیئے جائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ افواج پاکستان کے شہدا کے ورثا کو رینک کے حساب سے 1 کروڑ سے 1 کروڑ 80 لاکھ دیئے جائیں گے، شہدا کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ تک ورثا کے لیے تنخواہ اور الاؤنسز جاری رہیں گے، افواج پاکستان کے زخمیوں کو 20 لاکھ سے 50 لاکھ روپے فی کس دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا اور زخمیوں کے لیے امدادی پیکیج حکومت کی ذمہ داری ہے، 24 کروڑ عوام کی دعائیں مقبوضہ کشمیر کے مظلوم بہن بھائیوں کے ساتھ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

کہا کہ جو کچھ 9 مئی کو ہوا اور جو کچھ بھارت نے کیا اس میں زیادہ فرق نہیں، شخصیت سے اختلاف ہو سکتا ہے مگر 9 مئی کو فوجی تنصیبات کو نذر آتش کیا گیا، ان کا نشانہ بھی ہماری فوج تنصیبات تھیں، اس جماعت نے وہ کیا جو دشمن دہائیوں میں نہ کر سکا۔ انہوں نے کہا کہ جو 9 مئی کو ایک جماعت نے کیا اور کچھ لوگوں نے بہکاوے میں کیا وہی دہشتگرد کرتے ہیں، اس سیاسی شخصیت کا ٹارگٹ بھی ہماری مسلح افواج تھیں، جن تنصیبات کو آگ لگائی گئی تھی اسی فضائیہ نے دشمن کے 5 جہازوں کو مار گرایا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ نوجوانوں بھی فتنہ فساد کا ایندھن نہ بننا، کبھی اپنے وطن کے خلاف زبان نہیں چلانا، نقصان نہیں پہنچانا، دھرتی ماں کے خلاف قدم نہ اٹھانا، اپنے ملک کی آہنی دیوار بنو۔

بقیہ بقیہ جات 3

لیا گیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ ہم بیرونی جارحیت، دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف جاری اپنی مشترکہ جدوجہد میں عوام کے اعتماد اور امیدوں پر پورا اترنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل نے پاکستانی عوام کی غیر متزلزل حمایت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام ہماری طاقت کا سرچشمہ ہیں۔ کانفرنس کا آغاز آپریشن بنیان مرصوص اور بلوچستان کے ضلع خضدار میں دہشت گردانہ حملے کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی سے ہوا، فورم کے مطابق بھارت ایک جانب خود کو دہشت گردی کا شکار ظاہر کرتا ہے جبکہ درحقیقت وہ خود دہشت گردی کا مرتکب اور علاقائی عدم استحکام کا مرکز ہے، بھارتی حمایت یافتہ ملک دشمن عناصر کو نیست و نابود کیا جائیگا۔ شرکاء کانفرنس کا کہنا تھا کہ یہ سفاکی بھارت کی پشت پناہی سے چلنے والی پراکسیز کے ذریعے کی گئی، جس کے نتیجے میں چار معصوم بچے اور دو بے گناہ افراد شہید ہوئے، فورم نے نہتے شہریوں، بالخصوص معصوم بچوں کو دانستہ نشانہ بنانے کو انسانیت کے بنیادی اصولوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریحاً اور قابل مذمت خلاف ورزی قرار دیا۔ فورم نے معرکہ حق کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے بھارت کی بلا اشتعال جارحیت کے دوران اپنی جانوں کا قیمتی نذرانہ پیش کیا، فورم نے اعادہ کیا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، پاکستان کے عوام کا تحفظ مسلح افواج کی اولین ترجیح رہے گا۔ شرکاء کانفرنس نے فیلڈ مارشل کے سٹریٹجک وژن، غیر متزلزل قیادت اور قومی دفاع کے لیے اُن کی مؤثر اور گراں قدر خدمات کا بھی اعتراف کیا، فورم نے آرمی چیف کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر مبارکباد پیش کی۔ فورم نے اندرونی اور بیرونی سلامتی کے درپیش چیلنجز اور مجموعی سکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا، خاص طور پر معرکہ حق کے ایک اہم اور فیصلہ کن مرحلے، آپریشن بنیان مرصوص کی کامیاب تکمیل کو سراہا۔ شرکا کانفرنس نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ وارانہ مہارت، باہمی ہم آہنگی، بلند حوصلے اور قوم کی غیر متزلزل حمایت کو سراہا، فورم نے پاکستانی میڈیا اور "انفارمیشن واریئرز" کو سراہا جو بھارتی پروپیگنڈے، جعلی خبروں اور جنگی جنون کیخلاف ریاست کے ساتھ قدم ملا کر کھڑے رہے۔ شرکا کانفرنس کا کہنا تھا کہ پاکستانی میڈیا نے حقائق اور اعداد و شمار کو درست طریقے سے پیش کرتے ہوئے عوامی اعتماد کو فروغ دیا اور غلط معلومات کا تدارک کیا۔ فورم نے پاکستانی نوجوانوں کے جذبے اور متحرک شراکت کو تہہ دل سے سراہا، جن کی قومی حب الوطنی اور جوش و جذبے نے نہ صرف قومی روح کو اُجاگر کیا بلکہ قومی بیانیہ کو مؤثر انداز میں پیش کیا۔ شرکا کانفرنس نے سیاسی قیادت کو ان کی دور اندیشی، معرکہ حق کے دوران بے مثال قیادت، پختہ یقین اور غیر متزلزل عزم کے ساتھ قوم کی رہنمائی پر سلام پیش کیا اور بھارتی مسلح جارحیت کے خلاف کامیابی کو ان عوامل کی مرہون منت قرار دیا۔ فورم نے پاکستان کے مؤثر اور بروقت دفاعی رسپانس کو مثالی قرار دیا اور پاکستان کی بھرپور جوابی دفاعی کارروائی کو بہترین اور واضح تزویراتی حکمت عملی کا عکاس قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

تاکہ دہشت گردی کی لعنت کو مناسب طریقے سے جڑ سے اکھاڑ پھینکا جا سکے۔ خضدار میں سکول بس پر حملے سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم بلوچستان کے علاقے میں دہشت گردی کی کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے دشمن ملک کا ہاتھ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو پولیس فورس کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے تاکہ دہشت گردی کے واقعات کو موثر انداز میں روکا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے کچھ اضلاع میں انسداد دہشت گردی کے محکمے کو بھی فعال کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کیلئے کالعدم تنظیموں کی سپورٹ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دہشت گردوں کا پیچھا کریں گے اور صوبوں کے ساتھ مل کر اجتماعی کوششوں سے ملک سے دہشت گردی کا صفایا کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 5

ہوا جس میں آٹو پارٹس انڈسٹری کے ٹیرف مسائل پر بات چیت کی گئی۔ اجلاس میں پاکستان آٹوموٹو پارٹس اینڈ ایکسیسریز مینوفیکچررز (PAAPAM)، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR)، انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ، وزارت صنعت و پیداوار کے سیکرٹری سیف انجم اور سیکرٹری کامرس جواد پال کے شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران ہارون اختر خان نے زور دیا کہ آٹو پارٹس انڈسٹری کی شکایات باقاعدہ طور پر ٹیرف پالیسی بورڈ کے سامنے پیش کی جائیں گی۔ انہوں نے (PAAPAM) کو ہدایت دی کہ وہ صنعت کو درکار تحفظ کی مکمل تفصیل اور تجزیہ پیش کریں تاکہ یہ شعبہ مقابلہ بازی اور پائیداری کے قابل رہے۔ وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق، ان صنعتوں کو مراعات دی جائیں گی جو پیداوار میں اضافہ دکھائیں گی۔ اس اقدام کا مقصد شعبے کی ترقی کو فروغ دینا اور اس کی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے تاہم آٹو پارٹس کے صنعت کاروں نے خدشہ ظاہر کیا کہ تجویز کردہ 15 فیصد کسٹم ڈیوٹی صنعت کی ترقی اور مسابقت پر منفی اثر ڈالے گی۔ ہارون اختر خان نے صنعت کاروں کو یقین دلایا کہ وہ وزیراعظم شہباز شریف پر اعتماد کریں کیونکہ ان کا مقدمہ ٹیرف پالیسی بورڈ میں مضبوطی سے لڑا جائے گا۔ مزید برآں، انہوں نے (PAAPAM) کو ہدایت دی کہ وہ آئندہ اجلاس میں مختصر رپورٹس پیش کریں تاکہ ان مسائل پر مسلسل بات چیت اور پیش رفت جاری رہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

نے کہا کہ بھارتی ناظم الامور گیتکا سری واستو کو وزارت خارجہ طلب کیا گیا، بھارتی ناظم الامور کو احتجاجی مراسلہ تھمایا گیا۔ شفقت علی خان نے بتایا کہ بھارتی ناظم الامور کو سفارتی اہلکاروں کو سفارتی آداب کے منافی سرگرمیوں سے روکنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

مطلوب دہشتگردوں کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سندھ رینجرز کا بتانا ہے کہ کورنگی کے علاقے مہران ٹاؤن میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 3 انتہائی مطلوب دہشت گرد گرفتار کیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ سندھ رینجرز کے ترجمان کے مطابق ملزمان کا تعلق فتنہ الخوارج کمانڈر رحمان رئیس اور اسلام دین گروپ سے ہے، ملزمان عسکری تربیت یافتہ ہیں، ملزمان کو فتنہ الخوارج کے کمانڈر نے بھتا وصولی، ٹارگٹ کلنگ اور دہشتگردی کے لیے کراچی بھیجا تھا۔ ترجمان سندھ رینجرز نے بتایا کہ ملزم نعمت اللہ نے اعتراف کیا ہے کہ وہ فتنہ الخوارج کا انتہائی سرگرم رکن ہے، ملزم 2018 میں فتنہ الخوارج مفتی نور ولی گروپ میں شامل ہوا، ملزم نے افغانستان سے عسکری تربیت حاصل کی اور خیبر پختونخوا میں دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث رہا، 2019 میں دہشت گردی کی کارروائی کے دوران گرفتار ہو کر جیل بھی جا چکا ہے۔ گرفتار ملزم نور محمد 2022 میں فتنہ الخوارج اسلام الدین کے گروپ میں شامل ہوا، ملزم نور محمد بھتا وصولی، ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی کے لیے منصوبہ بندی کر رہا تھا جبکہ ملزم نور محمد نے اکثر اہم مقامات کی ریکی بھی کر رکھی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 8

آذربائیجان کی جانب سے بھرپور حمایت پر شکر گزار ہیں، وزیراعظم شہباز شریف آذربائیجان کی سپورٹ کی قدر کرتے ہیں۔ سفیر خضر فرہادوف نے پاکستان کے ساتھ معاشی اور توانائی کے شعبے میں تعاون پر زور دیا، وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک باکو انرجی ویک میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ آذربائیجان کی سرکاری کمپنی سوکار اپ اسٹریم پاکستانی حکام کے ساتھ تیل و گیس کی تلاش کے شعبے میں تعاون پر بات چیت کر رہی ہے۔ سفیر فرہادوف نے پاکستان کے ساتھ معاشی اور توانائی کے شعبے میں تعاون کو گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا اور توانائی کے رابطے اور ترقی کے مشترکہ وژن پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ آذربائیجان پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

اور زمین پر جو حالت ہوئی اس پر ان کو سبق سیکھنا چاہیے، ہمیں دہشتگردی کے مسئلے پر بیٹھ کر لائحہ عمل متعین کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی ایس واقعہ میں بھی ہم نے دلخراش مناظر دیکھے، بلیم گیم میں نہیں پڑنا چاہتا، ماضی میں ہم نے بارڈرز کھول کر 40 ہزار لوگوں کو آنے دیا، ماضی میں یہاں دہشتگردوں کو لا کر بسایا گیا، پاکستان اور اس خطے سے دہشتگردی ختم کرنا بہت ضروری ہے، دورہ چین کے دوران بھی دہشتگردی کا معاملہ زیر بحث آیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے افریقہ فرینڈشپ سے متعلق قرارداد پیش کی اور کہا کہ افریقی ممالک نیا بنی آزادی کی کامیاب تحریکیں چلائیں، پاکستان افریقی ممالک کی آزادی کی تحریک کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کی امن فورس کا اہم رکن ہے، پاکستان امن دستوں نے افریقہ میں قیام امن کیلئے اہم کردار ادا کیا، روانڈا، گھانا، ایوری کوسٹ سمیت مختلف ممالک میں افریقی برادرز کی خدمت کی، 25 مئی کو پاکستان۔ افریقہ دوستی کے دن کے طور پر منایا جائے گا، پاکستان اور افریقہ کے درمیان پارلیمانی سفارتکاری کو فروغ دیا جائے گا۔ سینیٹر عرفان صدیقی کا کہنا تھا کہ خضدار حملے کے پیچھے بھارت ہے، بھارت دہشتگردوں کو پیسہ اور ٹریننگ دے رہا ہے، بھارت کو سبق مل گیا وہ ہمیں زیر نہیں کر سکتا، بھارت کو ہم نے جواب دیا ہے، بھارت کے تمام حربے ناکام ہو چکے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے خون سے جو انقلاب اٹھے گا وہ بھارت کیلئے اور زیادہ نقصان دہ ہوگا۔ عرفان صدیقی کا مزید کہنا تھا کہ دہشتگردوں کو کچلنے میں کوئی دورائے نہیں ہونی چاہیے، دہشتگردوں کو کچلیں گے، ان کو مذاکرات کی میز پر نہیں لا سکتے، اختلاف کا مطلب یہ نہیں کہ دشمن سے رابطے کر کے جنگ کریں، بھارت وہ دشمن ہے جسے دشمنی کا بھی سلیقہ نہیں، نام نہاد ناراض لوگ حقوق کی جنگ نہیں لڑ رہے۔ سینیٹر شیری رحمان نے سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ خضدار واقعے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، معصوم بچوں کو نشانہ بنانا غیر انسانی فعل ہے، معصوم بچوں کو سکول جاتے ہوئے شہید کیا گیا، خضدار میں اے پی ایس جیسا دوسرا واقعہ کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ 2008 میں شہید بینظیر بھٹو کے قافلے پر بھی دہشتگردی کا بڑا واقعہ کیا گیا، ٹی ٹی پی، بی ایل اے کو بھارت کی جانب سے فنڈنگ ہو رہی ہے، دہشتگردوں کے خلاف بے رحم آپریشن کی ضرورت ہے۔ شیری رحمان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ہمیشہ ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کی، بھارت پہلگام اور پلوامہ سمیت بہت سے دہشتگردی کے واقعات میں ملوث ہے، ہم ایک بہادر اور غیرت مند قوم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

کے مسئلے کو سیاست کے لیے استعمال کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مودی نے انتخابی جلسوں میں پلوامہ کے 'شہیدوں' کے نام پر ووٹ مانگے تھے، ابھی یہ جو کچھ بھی ہوا (پہلگام حملہ)، وہ بہار کے الیکشن کو ذہن میں رکھ کر سب کچھ کیا جا رہا ہے۔ میزبان نے سوال پوچھا کہ بھارتی وزیراعظم کہتے ہیں پاکستان کے ساتھ صرف 2 ہی ایشوز پر بات ہوگی، ایک پاکستانی کشمیر اور دوسرا دہشتگردی، اس پر یشونت سنہا نے کہا کہ پھر تو بات ہوگی ہی نہیں، ایسا ہو ہی نہیں سکتا۔ ایک اور انٹرویو میں یشونت سنہا نے کہا کہ مودی سرکار ہر واقعے سے صرف سیاسی فائدہ اٹھانا چاہتی ہے، مودی سرکار کہتی ہے کہ اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی پاکستان کی زبان بول رہے ہیں، اگر ایسا ہے تو پھر کانگریس کے ارکان کو سفارتی وفد میں کیوں شامل کیا گیا؟ انہوں نے کہا کہ ہم جانتے ہیں کہ کارگل میں ہم نے کتنے فوجی اہلکار کھوئے تھے، 65 اور 71 کی جنگوں میں بھی ہمیں نقصان ہوا تھا، جمہوریت میں یہ چیزیں چھپائی نہیں جاتیں، ہمارے وزیر خارجہ ہمیں کیوں نہیں بتاتے کہ حالیہ جنگ میں کتنا نقصان ہوا ہے؟ یشونت سنہانے کہا کہ بھارتی حکومت اپنے مبہم اور من گھڑت بیانات کے پیچھے نہیں چھپ سکتی، وزیراعظم مودی، وزیر خارجہ جے ایس شنکر، مشیر قومی سلامتی اجیت دوول پر جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، انہیں وہ پوری کرنی چاہئیں۔ میزبان نے سوال کیا کہ ایسی باتیں کرنے والوں کو بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت پاکستان کا ساتھی قرار دیتی ہے، تو وہ آپ کو بھی ایسا ہی کہہ دے گی، تو کیا کریں گے؟ یشونت سنہانے کہا کہ مجھے کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہے، میں یہ سوالات پوچھتا رہوں گا، یہ میرا اور بھارتی قوم کا حق ہے، ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہمیں کتنا نقصان ہوا، بھارت جمہوری ملک ہے، میرے حق سے مجھے کوئی محروم نہیں کر سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 11

حد کے تحت بجٹ تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر نے ترقیاتی بجٹ میں کمی کے تناظر میں مؤثر ترجیحات اپنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ پی ایس ڈی پی کیلئے ایک ہزار ارب روپے کی حد کے پیش نظر منصوبہ بندی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزارتوں کی ڈیمانڈ 3000 ارب اور وزارت منصوبہ بندی کی کم از کم مانگ 1600 ارب روپے ہے۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کا کہنا تھا کہ وزارتیں موجودہ مالی سال میں جاری فنڈز کا مکمل استعمال یقینی بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے منصوبوں کو "اڑان پاکستان" کے مطابق اہمیت کی بنیاد پر ترجیح دی جائے، دیامر بھاشا ڈیم کی جلد از جلد تکمیل کو اپنی ترجیح بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

زخمی طالبہ دم توڑ گئی جس سے شہداء کی تعداد 6 ہو گئی ہے۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق 12 سالہ زخمی طالبہ کو گزشتہ روز کوئٹہ منتقل کیا گیا تھا۔ دھماکے کے 35 زخمی زیر علاج ہیں جن میں سے 5 کی حالت تشویشناک ہے۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق بس پر حملے کے 36 زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کیا گیا تھا۔ دوسری جانب خضدار میں بس پر دہشت گرد حملے کا مقدمہ سی ٹی ڈی تھانہ خضدار میں درج کر لیا گیا۔ سی ٹی ڈی کے حکام کے مطابق مقدمہ پولیس کی مدعیت میں درج کیا گیا جس میں قتل، اقدام قتل اور انسداد دہشتگردی کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 13

عیدالاضحیٰ 7 جون 2025 کو ہونے کا امکان ہے۔ ذی الحجہ کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 27 مئی کو ہوگا، پاکستان میں ذی الحجہ کا چاند 27 مئی (بروز منگل) 29 ذیقعد کو نظر آنے کا امکان نہیں ہے۔ ماہر فلکیات پروفیسر ڈاکٹر محمد جاوید اقبال کا کہنا ہے کہ ذی الحجہ کے چاند کی پیدائش 27 مئی کی صبح 8 بجکر 2 منٹ پر ہوگی اور غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر تقریباً 11 گھنٹے 13 منٹ ہوگی جبکہ چاند کی رویت کے لئے اس کی عمر 16 سے 18 گھنٹے ہونا ضروری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 27 مئی کو غروب آفتاب 7 بج کر 14 منٹ پر ہوگا، ملک میں مطلع زیادہ تر صاف ہوگا لیکن چاند کی عمر کم ہونے کے باعث رویت ہلال کا امکان نہیں۔ ماہرین کے مطابق پاکستان میں عیدالاضحیٰ 7 جون کو ہونے کا قوی امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

چارے پر مبنی ہیں اور ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ رشتہ مزید مستحکم ہو رہا ہے۔ پاک۔ چین دوستی کے 74 سال مکمل ہونے پر اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے دونوں ممالک کے درمیان لازوال تعلقات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات باہمی اعتماد، احترام اور بھائی چارے پر مبنی ہیں، دونوں ممالک کی دوستی وقت کی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ رشتہ مزید مستحکم ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس لازوال دوستی کو پہاڑوں سے بلند، سمندر سے گہری اور شہد سے میٹھی قرار دیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاک۔ چین شراکت داری استحکام، ترقی اور علاقائی سلامتی کا مظہر بن چکی ہے، پاکستان کو چین کی معیشت، دفاع اور سائنس اور ٹیکنالوجی میں ترقی پر فخر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دفاعی شعبے میں چین کے ساتھ اشتراک پاکستان کی تزویراتی طاقت کی بنیاد ہے، جے ایف-17 تھنڈر، J-10C اور PL-15 میزائل پاکستان کی مضبوط دفاعی صلاحیتوں کا عکاس ہیں۔ ایاز صادق نے سی پیک منصوبے کو پاکستان۔ چین دوستی کی زندہ مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ ون بیلٹ ون روڈ منصوبہ پورے خطے کی ترقی کا ضامن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

کہ ہمیں اپنا پیٹ کاٹ کر دفاعی بجٹ کو بڑھانا پڑے گا، ہمیں ترقیاتی منصوبوں کی بجائے اب دفاع پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کی تنخواہوں کو دوگنا کرنا وقت کی ضرورت ہے اور بھارت کے مقابلے کیلئے حکمت عملی پر بھی سنجیدہ سرمایہ کاری کی ضرورت ہے، انہوں نے واضح کیا کہ بھارت سے جنگ کو منطقی انجام تک پہنچا کر ہی ہمیں ترقی کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ فوج نے کم وسائل کے باوجود بھارت کیخلاف معرکہ مارا، ہم محفوظ ہاتھوں میں ہیں اور قوم متحد ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ بجٹ کو کیسے دو یا تین گنا کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 16

رکھی ہوئی ہے، ہم کہہ رہے ہیں کہ پہلگام واقعے کی تحقیقات کرائی جائے۔ اُن کا کہنا تھا کہ حالیہ پاک بھارت جنگ میں ہم نے 3 سے 4 دن بہت تحمل کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 17

نے پاکستانی عوام کے مال پر نظریں گاڑھ لیں، فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں نے کھلے عام بھتہ خوری کو نیا لائحہ عمل بنا لیا۔ معصوم پاکستانیوں کو شہید کرنے والے فتنہ الخوارج اب مالی استحصال کے ذریعے عوام کو لوٹنے پر تُل گئے اور پاکستان میں خونریزی کے لیے پاکستانی عوام سے ہی بھتہ طلب کرنا شروع کر دیا۔ فتنہ الخوارج نے کان کنی کے کاروبار پر 5 فیصد بھتہ عائد کر دیا، کان کنی اور معدنیات کے شعبے سے وابستہ ٹھیکیداروں کو فتنہ الخوارج کی جانب سے دھمکی آمیز خط موصول ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج نے خط میں کان کنی کے ٹھیکیداروں کو دھمکاتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کان کنی اور معدنیات کے کاروبار سے منسلک افراد کو 5 فیصد بھتہ دینا ہوگا۔ فتنہ الخوارج کا کہنا ہے کہ معدنیات کی ترسیل کے فی ٹرک پر 5 ہزار روپے جمع کرانے ہوں گے، اگر ہمارے مطالبات پر عمل نہ کیا گیا تو نقصان کے ذمہ دار وہ افراد خود ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 18

نے اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل کے اجلاس سے خطاب میں کہا ہے کہ شام کے صدر احمد الشرع، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے درمیان ریاض میں ہونے والی تاریخی ملاقات نے شام کی تعمیر نو کی بنیاد رکھ دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ریاض خدرور نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے شام پر عائد پابندیاں ختم کرنے کے فیصلے کو بہادرانہ اور مثبت قدم "قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے سے شام میں بحالی اور تعمیر نو کا عمل تیز ہوگا اور ملک کے اندرونی حالات میں واضح بہتری آئے گی۔ نائب سفیر نے اپنے خطاب میں واضح کیا کہ شام نفرت انگیز بیانیے اور ملک کی تقسیم کے کسی بھی منصوبے کو مسترد کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نیا شام ایک پرامن اور شراکت دار ریاست بنے گی جو اختلافات اور تصادم کے میدان سے دور ہوگی۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیل پر دباؤ ڈالے کہ تا کہ وہ شامی سرزمین سے اپنی فوجیں واپس بلائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل مسلسل شام کی خودمختاری اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

نیتن یاہو سے صبر ختم "ہو جانا اسرائیل کے غیر ملکی تعلقات کو بڑا نقصان" پہنچا رہا ہے۔ اسرائیلی اخبار سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ کا نیتن یاہو سے صبر ختم ہونا ہمارے تمام غیر ملکی تعلقات کو بڑا نقصان پہنچا رہا ہے۔ برطانیہ، فرانس اور دیگر ممالک کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ اسی نقصان کا نتیجہ "ہے۔ لاپڈ نے یورپی رہنماؤں سے مطالبہ کیا کہ وہ نیتن یاہو کی پالیسیوں سے اپنی ناراضی کو اسرائیل پر حملے "میں تبدیل نہ کریں۔ انہوں نے کہا زیادہ پیچیدہ معاملات ہیں، پوری دنیا کو معلوم ہے کہ ہم نے امریکی چھتری کھو دی ہے اور ٹرمپ نیتن یاہو سے تنگ آ چکے ہیں۔ اسرائیلی اپوزیشن رہنما نے تل ابیب اور واشنگٹن کے درمیان تعلقات کو پہنچنے والے نقصان کو برفانی تودے "سے تعبیر کیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

تاکہ غزہ کے معصوم شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ ملالہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنی پوسٹ میں کہا "جب میں غزہ میں بھوکے بچوں، تباہ شدہ اسکولوں اور ہسپتالوں، روکی گئی انسانی امداد اور بے گھر خاندانوں کو دیکھتی ہوں تو میرا دل ٹوٹ جاتا ہے۔ اسرائیل کی ظالمانہ کارروائیاں ناقابل برداشت ہیں۔ ملالہ نے کہا کہ ہماری اجتماعی انسانیت عالمی اور فوری ردعمل کا تقاضا کرتی ہے۔ انہوں نے عالمی رہنماؤں سے اپیل کی کہ اسرائیلی حکومت پر زیادہ سے زیادہ دباؤ ڈالیں تاکہ اس ظلم کو روکا جا سکے اور معصوم شہریوں کی زندگیاں بچائی جا سکیں۔ انہوں نے اقوام متحدہ، فلسطینی پناہ گزینوں کی ایجنسی (UNRWA) اور فلسطین چلڈرن فنڈ جیسی تنظیموں کی حمایت پر بھی زور دیا، جو جنگ زدہ علاقوں میں انسانی جانیں بچانے کے لیے سرگرم ہیں

بقیہ بقیہ جات 21

ہائی ٹیک معاون کی خدمات حاصل کر سکیں گے جو مصنوعی ذہانت میں جدید ترین پیشرفت اور اسلامی روایات کو ایک دوسرے سے ملاتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مسجد الحرام اور مسجد نبوی ﷺ میں مذہبی امور کی صدارت نے اے آئی سے چلنے والے منار الحرمین روبوٹ کے اپ ڈیٹڈ دوسرے ورژن کی نقاب کشائی کی۔ اس اقدام کا مقصد حجاج کے روحانی تجربات کو بہتر کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کی طاقت سے فائدہ اٹھانا ہے۔ یہ روبوٹ مسجد الحرام میں مذہبی استفسارات کے لیے ایک معاون کے طور پر کام کرے گا۔ براہ راست ویڈیو کالز کے ذریعے یہ نمازیوں اور دیگر زائرین کو مفتیان سے ملا سکتا ہے جو ان کے کسی بھی سوال کا جواب دے سکتے ہیں۔ روبوٹ کے اپ ڈیٹ کیے گئے ورژن اور سافٹ ویئر میں حرمین الشریفین کے روایتی اسلامی نقوش اور فن تعمیر سے متاثر ڈیزائن شامل ہیں۔ ایوان صدر نے کہا، یہ صداقت، جدیدیت اور جدید ٹیکنالوجی کو یکجا کرتا ہے تاکہ معلومات تک آسان رسائی فراہم کر کے حجاج کے تجربات کو بہتر کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 22

داغے جانے والے ایک میزائل کا پتا چلا کر اسے فضا میں کامیابی سے روک دیا گیا۔ یہ بات برطانوی خبر رساں ایجنسی نے بتائی۔ فوج کے ترجمان اویخای ادرعی نے جمعرات کی صبح ایکس پلیٹ فارم پر اپنے بیان میں کہا یمن سے داغا گیا ایک میزائل روکا گیا، جس کے باعث ملک کے وسطی علاقوں میں کئی مقامات پر خطرے کے سائرن بجنے لگے۔ حوثیوں نے صعدہ شہر کے اطراف سے اسرائیل کی طرف ایک بیلسٹک میزائل فائر کیا، اور اس کے نتیجے میں بیت المقدس اور اس کے گرد و نواح، تل ابیب اور اس کے ارد گرد کے علاقوں میں سائرن بجنے لگے

بقیہ بقیہ جات 23

واقعہ ہوا، آخر کیوں یہ ہو رہا ہے، حالیہ پاک بھارت کشیدگی ہوئی اور پہلگام کا بہانہ بنا کر بھارت پاکستان پر حملہ آور ہوا۔ انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ ہندوتوا کی 100 سال کی نظریات میں لوگوں کو شدت پسند بنایا گیا، اس کے تانے بانے بین الاقوامی آرڈر کو چیلنج کرتے جا رہے ہیں، بی جے پی نے آر ایس ایس کا فلسفہ اپنایا، یہ آر ایس ایس کی فکری اساس بھارتی اداروں اور سیاسی جماعتوں میں پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان قائد اعظم اور علامہ اقبال نے تشکیل دی، حالیہ دنوں میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے دو قومی نظریے پر گفتگو کی، یہ ان کے ذہن کی چیز نہیں بلکہ ایک تاریخ تھی، اس کی آر ایس ایس کو بہت تکلیف ہوئی۔ انوار الحق کاکڑ نے مزید کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز دینا قابل تحسین ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

جین پال شپینز سے ملاقات کی ہے۔ مسٹر شپینز کی کمپنی چاول کی تجارت میں ایک عالمی کمپنی شمار کی جاتی ہے۔ اس ملاقات میں سفیر پاکستان نے مسٹر شپینز سے باسمتی چاول کی برآمدات کو مزید بہتر بنانے اور مارکیٹ تک رسائی بڑھانے کے طریقوں کے بارے میں دریافت کیا۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے شپینز اینڈ کمپنی اور پاکستانی برآمد کنندگان کے درمیان قریبی روابط کو مزید بہتر اور آسان بنانے کیلئے پاکستانی سفارتخانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ہیڈ آف مشن سید فراز زیدی، اکنامک منسٹر عمر حمید، ٹریڈ اور انوسٹمنٹ اتاشی بلال خان، سامر شیخ، نوید انجم اور اسد عباس اعوان بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 25

گئے، امریکی سکیورٹی چیف نے اسرائیلی سفارتی اہلکاروں کی ہلاکت کی تصدیق کر دی، پولیس نے ایک مشتبہ شخص کو گرفتار کر لیا، جس نے گرفتاری کے بعد فلسطین کو آزاد کرو کے نعرے لگائے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق واشنگٹن ڈی سی میں کیپٹل یہودی میوزیم میں منعقدہ ایک تقریب کے باہر فائرنگ کے واقعے میں اسرائیلی سفارت خانے کے عملے کے دو ارکان ہلاک ہو گئے جبکہ حکام و میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لے لیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق ایک مرد اور ایک خاتون کو تھرڈ اور ایف اسٹریٹس، نارتھ ویسٹ کے علاقے میں گولی مار کر ہلاک کیا گیا، یہ علاقہ یہودی میوزیم، ایف بی آئی فیلڈ آفس اور امریکی اٹارنی آفس کے قریب واقع ہے۔ واشنگٹن پولیس چیف پامیلا اسمتھ نے بتایا کہ تقریب سے پہلے میوزیم کے باہر چہل قدمی کرنے والے ایک شخص کو حراست میں لے لیا گیا، انہوں نے کہا کہ ملزم حراست میں فلسطین کو آزاد کرو کے نعرے لگا رہا تھا۔ واشنگٹن میں اسرائیلی سفارت خانے کے ترجمان تل نائیم کوہن نے بتایا کہ سفارت خانے کے عملے کے دو افراد کو میوزیم میں ایک یہودی تقریب کے دوران قریب سے گولی ماری گئی۔ اسرائیلی سفارت خانے نے حملہ آور، متاثرین یا حملے کے محرک کے بارے میں سوالات کا فوری طور پر جواب نہیں دیا۔ امریکی سکیورٹی چیف کا کہنا تھا کہ واشنگٹن میں فائرنگ سے دو افراد ہلاک ہوئے، دونوں اسرائیلی سفارت خانے کے عملے کے رکن تھے۔

بقیہ بقیہ جات 26

کے لئے خصوصی اینیمیشن سیریز کی پہلی قسط جاری کر دی ہے، مہم کم سن بچوں کے ساتھ جنسی بدسلوکی کے واقعات کی روک تھام کیلئے شروع کی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بچوں کو ذاتی حفاظت کے بارے میں آگاہی دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، درست تعلیم اور آگاہی کے بعد بچے نامناسب رویے کو پہچان کر رپورٹ کر سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ والدین اور اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ گھر یا باہر جنسی استحصال کو کیسے رپورٹ کیا جائے، بچوں کو محفوظ بنانا اور استحصال کرنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لانا ریاست کی ذمے داری ہے، آگاہی مہم بچوں کو بدسلوکی اور جنسی استحصال سے محفوظ رکھنے میں معاون ہوگی۔ سیکرٹری داخلہ نے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کو بچوں کیلئے آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ محکمہ داخلہ نے اس سے قبل گڈ ٹچ بیڈ ٹچ بارے آگاہی کو نصاب میں شامل کرنے کیلئے محکمہ سکول ایجوکیشن کو مراسلہ لکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

سے پاکستان کے زیر انتظام علاقوں میں پانی کی شدید قلت پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ سیکورٹی اور مقامی حکام کے مطابق بھارتی اقدام کے باعث دریائے نیلم میں پانی کا بہاؤ معمول سے تقریباً 40 فیصد کم ہو چکا ہے۔ بھارت کا کشن گنگا ڈیم جو متنازعہ پانی کے منصوبوں میں شمار ہوتا ہے، ایک بار پھر پاکستان کے لیے ماحولیاتی اور آبی چیلنج بن کر ابھرا ہے۔ ذرائع کے مطابق بھارت نے حالیہ کشیدگی کے دوران وقتی طور پر ڈیم سے پانی چھوڑا تھا، تاہم موجودہ صورتحال میں اچانک پانی کی بندش سے وادی نیلم کے مختلف علاقوں میں پانی کی قلت اور زرعی سرگرمیوں پر براہ راست اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بھارت نے دریائے چناب کو بیاس اور راوی کے نظام سے جوڑنے کے منصوبے پر کام تیز کر دیا ہے، جو بین الاقوامی سطح پر سندھ طاس معاہدے کی روح کے منافی تصور کیا جا رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ اقدام بھارت کے اس دیرینہ منصوبے کا حصہ ہے جس کے تحت وہ پاکستان کے حصے کے پانی کو محدود کر کے اسے ماحولیاتی و معاشی دباؤ میں لانا چاہتا ہے۔ واضح رہے کہ 23 اپریل 2025 کو بھارت کی جانب سے پہلگام حملے کے بعد سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کی دھمکی دی گئی تھی۔ اس کے بعد بھارت نے پانی کو بطور تزویراتی ہتھیار استعمال کرتے ہوئے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

آئینی ترمیم کو پہلے سننے کی درخواست بھی مسترد کر دی تاہم کیس کو براہ راست نشر کرنے سے متعلق درخواست منظور کر لی گئی ہے، عدالت نے مختصر فیصلہ سنایا جبکہ تفصیلی حکم نامہ بعد میں جاری کیا جائے گا۔ قبل ازیں سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں مخصوص نشستوں کی نظرثانی درخواستوں پر سماعت میں 12 جولائی کے فیصلے کی متاثرہ خواتین کے وکلا مخدوم علی خان نے دلائل دیئے۔ وکیل مخدوم علی خان نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 191 اے اور پریکٹس پروسیجر ایکٹ کے ہوتے ہوئے اس بینچ پر 1980 کے رولز کا اطلاق نہیں ہوتا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ آپ بتائیں سپریم کورٹ کے 1980 کے کونسے رولز نئی آئینی ترمیم سے مطابقت نہیں رکھتے؟ مخدوم علی خان نے کہا کہ نظرثانی درخواستوں کی سماعت کی حد تک 1980 کے رولز مطابقت نہیں رکھتے، نئی آئینی ترمیم میں آئینی بینچ کے دائرہ اختیار کا تعین کیا گیا ہے، 1980 کے رولز کے تحت نظرثانی پر سماعت پرانا بینچ کیا کرتا تھا، اب 26 ویں ترمیم کے بعد آئینی تشریح کے مقدمات کی نظرثانی آئینی بینچ کرے گا۔ مخدوم علی خان نے کہا کہ اس بینچ میں ججز کی تعداد کے حوالے سے اعتراض کیا، میری نظر میں یہ 11 نہیں 13 رکنی بینچ ہے، اس 13 رکنی بینچ میں سے 7 ججز کی اکثریت نظرثانی پر فیصلہ کرے گی۔ مخدوم علی خان نے کہا کہ اس کیس کی براہ راست نشریات کے حوالے سے درخواست دائر کی گئی، میری رائے میں یہ اس عدالت کا فیصلہ ہوگا کہ براہ راست نشریات ہونگی یا نہیں، اگر عدالت براہ راست نشریات کا فیصلہ کرے بھی تو کوئی اعتراض نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 29

کہا ہے کہ شکست کے بعد بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا نیٹ ورک فعال کر چکا ہے۔ جاری بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ امریکا، اسرائیل اور بھارت کا ایجنڈا ملت اسلامیہ کے خلاف ہے، اسرائیل اور بھارت بچوں کے بڑے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سکول بس پر دہشت گردانہ حملہ درندگی کی انتہا ہے، سکول بس پر دہشت گردانہ حملے میں یورپی ردعمل خوش آئند ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ سی پیک کی افغانستان تک توسیع وزارت خارجہ کا بہت اچھا فیصلہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے درخواست گزار کو متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کا حکم بھی دے دیا۔ قائم مقام چیف جسٹس نے کہا کہ درخواست گزار کو کتنی ایف آئی آرز میں چارج کیا گیا؟ اسد قیصر صاحب اس صوبے کے ساتھ کیا کریں گے، صوبے میں آپ کی تیسری حکومت ہے، نوجوانوں کیلئے کیا کریں گے۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ درخواست گزار کے خلاف 15 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ اسد قیصر بولے کہ ہم قومی اسمبلی میں آواز اٹھا رہے ہیں، ہم نے صوابی میں کالجز اور یونیورسٹیز بنائی ہیں، کامرس کالجز بنائے ہیں۔ قائم مقام چیف جسٹس نے کہا کہ اب تو ٹیکنالوجی کا زمانہ ہے، نوجوانوں کے لیے آئی ٹی کورس شروع کریں، آبادی کا 70 فیصد نوجوان ہے، ان کے مستقبل کیلئے کچھ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 31

کے انسانی سمگلر محمد سعید عرف سعید سنیارا کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزم سعید سنیارا جون 2023ء میں یونان کشتی حادثے کا مرکزی ملزم ہے، کشتی حادثے میں 300 پاکستانیوں سمیت 500 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ حکام کے مطابق لیبیا سے اٹلی جانے والی کشتی کو جون 2023ء میں حادثہ پیش آیا تھا، حادثے کے بعد تحقیقات میں میڈیا سعید سنیارا کا نام سامنے لایا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 32

کسی پاکستانی اور کشمیری نژاد شخصیت کو "لائف ٹائم اعزازی فری مین آف اولڈھم" کا اعزاز دیا گیا۔ اولڈھم کے سالانہ کونسل اجلاس میں تاریخی فیصلہ متفقہ طور پر ممتاز کشمیری نژاد پاکستانی شخصیت دو مرتبہ میئر منتخب ہونے والے ڈاکٹر زاہد چوہان کو "اعزازی فری مین آف دی بارو آف اولڈھم" مقرر کیا گیا۔ یہ اولڈھم کونسل کی طرف سے دیا جانے والا سب سے اعلیٰ شہری اعزاز ہے، جو اُن افراد کو دیا جاتا ہے جنہوں نے کمیونٹی کی مثالی خدمت کی ہو۔ یہ اعزاز نہ صرف ڈاکٹر زاہد چوہان کی دہائیوں پر محیط عوامی خدمت کا اعتراف ہے، بلکہ پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کے لیے بھی ایک قابل فخر لمحہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

حقوق فورم پر بول چکی ہوں، ایسے سیاسی ناراضگی کا اظہار نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ بی ایل اے پر بھارت کے نقش ہیں، کیا ہم بھی وہی کریں جو مودی کے بھارت نے کیا، ہمارے پاس فنگر پرنٹس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم امن پسند قوم ہیں، ہر کسی کو اس جنگ پر غصہ ہے جو ہم پر مسلط کی گئی، بھارت نے سویلینز پر حملہ کیا، ہم نے نہیں، کیا ہم جنگ کر دیں؟ شہریوں پر ہونے والے حملے پر بھارت کیوں خاموش ہے؟ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک میں دہشت گردی کیوں بڑھ رہی ہے، اس کو دیکھنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 34

میڈیا کا کردار اور غلط معلومات کا پھیلاؤ۔ ایک قومی چیلنج"، کے موضوع پر منعقدہ قومی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی، سیمینار میں طلباء، اساتذہ، میڈیا ماہرین، سول سوسائٹی اور جامعات کے نمائندوں نے شرکت کی۔ شعبہ تعلقات عامہ، بین الاقوامی تعلقات اور ابلاغیات کے اشتراک سے منعقد کیے گئے سیمینار کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین نے کی۔ ڈی جی پیمرا نے مزید کہا کہ ادارہ پیمرا جدید حکمت عملی کے تحت ڈیجیٹل میڈیا پر نگرانی کو موثر بنا رہا ہے تاکہ ذمہ دارانہ صحافت اور اطلاعات کا کلچر فروغ پا سکے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین نے کہا کہ یونیورسٹی صرف تعلیمی سرگرمیوں تک محدود نہیں بلکہ قومی و سماجی شعور کی بیداری، فکری بصیرت، تنقیدی سوچ اور تحقیقی رویہ کی تربیت دینا ہمارا مشن ہے، تاکہ وہ باخبر اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔ شعبہ بین الاقوامی تعلقات کی سربراہ محترمہ فاخرہ نے عالمی سطح پر سوشل میڈیا کے اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ گمراہ کن معلومات بعض اوقات ریاستی تعلقات کو بھی نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ ابلاغیات کے ماہر ڈاکٹر زاہد بلال نے طلبا پر زور دیا کہ وہ خبر کی صداقت کو پرکھنے کی عادت اپنائیں اور بغیر تحقیق معلومات شیئر نہ کریں۔ سیمینار کے اختتام پر پاک فوج کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے لیے ایک بھرپور ریلی نکالی گئی، جس میں طلبا اور اساتذہ نے جوش و خروش سے شرکت کی۔ بعد ازاں یونیورسٹی میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی، جہاں قومی پرچم سربلند کیا گیا اور یونیورسٹی کے گارڈز کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔

بقیہ بقیہ جات 35

افریقہ، ترکی، بنگلہ دیش، برازیل اور بھارت جیسے ممالک کے بین الاقوامی ماڈلز اور مورگیج فنانسنگ کے طریقہ کار کو اسٹڈی کرے۔ انہوں نے کہا کہ اس سکیم میں کرایہ داروں کو پہلی ترجیح دی جانی چاہیے اور اس سکیم کو سیاست سے پاک ہونا چاہیے تاکہ حق دار لوگ ترجیحی بنیادوں پر اس اسکیم سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ کوشش کی جائے کہ اس سکیم کی کم سے کم اور آسان ترین شرائط رکھی جائیں تاکہ کرایہ دار اس سے حقیقی معنوں میں استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے سوفیصد گارنٹی دیئے جانے کے بعد نجی بینک اس میں خوش دلی سے شامل ہوں گے اور اگر یہ منصوبہ کامیاب ہو جاتا ہے تو اس سے ہزاروں نہیں لاکھوں خاندانوں کا بھلا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 36

۔صدر کریانہ ایسوسی ایشن نے کہا کہ حکومت نے زائد اسٹاک نہ ہونے کے باوجود چینی کی برآمد کی اجازت دی، جس کا فائدہ صرف مخصوص عناصر نے اٹھایا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شوگر ملز مالکان بلا جواز ہمیں قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار قرار دے رہے ہیں جبکہ اصل کنٹرول اور ذخائر کا اختیار انہی کے پاس ہے۔ دوسری جانب شوگر ملز مالکان کی جانب سے تا حال باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا، تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ وہ قیمتوں میں اضافے کو عالمی منڈی میں نرخوں کے اتار چڑھاؤ اور حکومتی پالیسیوں کا نتیجہ قرار دے رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

2298، سٹی میں 1381 اور سول لائنز میں 562 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ بجلی چوری میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، ملکی وسائل کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کارروائیاں جاری ہیں۔ سی سی پی او نے ہدایت کی کہ فیلڈ افسران بجلی چوری کی شکایات پر بلا تاخیر کارروائی کیلئے متعلقہ محکمہ سے کوآرڈینیشن یقینی بنائیں، بجلی چوری کے درج مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاریاں ہر صورت یقینی بنائیں، بجلی چوری کے مقدمات کو یکسو کر کے چالان بروقت عدالتوں میں جمع کروائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

گئیں، درخواست گزار نے ٹیکس پیئرز کی معلومات لینے کی بھی استدعا کی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ محکمہ ایکسائز نے متعلقہ ٹیکس پیئرز کی ذاتی انفارمیشن دینے سے انکار کر دیا۔ محکمے کی جانب سے انفارمیشن کمیشن کے فیصلے کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا گیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے سنگل بنچ نے ایکسائز کی درخواست منظور کر لی اور انفارمیشن کمیشن کے احکامات کالعدم قرار دے دیے۔ عدالتی فیصلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ درخواست گزار نے سنگل بنچ کا فیصلہ انٹرا کورٹ اپیل کے ذریعے چیلنج کیا، رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت کوئی بھی شہری معلومات تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ بعد ازاں لاہور ہائی کورٹ نے غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار کو 10 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا اور 2 رکنی بنچ نے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 39

جو اپنے ویسٹ واٹر کو ٹریٹمنٹ کے بغیر کسی بھی نالے یا ڈرین میں ڈالے گا۔ یہ یونٹ کو ضلعی سطح پر ساعت کے اختیارات تفویض کیے گئے ہیں۔ ترجمان ادارہ ماحولیات پنجاب ساجد بشیر نے کہا کہ شمالی اضلاع میں ساعت کا اختیار ڈپٹی ڈائریکٹر ریگولیٹری کنٹرول کو جبکہ جنوبی اضلاع میں ساعت کا اختیار ڈپٹی ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ انویسٹی گیشن کو دیا گیا ہے، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کو ساعت کے نوٹس جاری کرنے کا اختیار دے دیا گیا، نیا یونٹ لاہور ای پی اے ہیڈکوارٹرز کے تحت کام کرے گا۔ یونٹ کے لیے گاڑیاں اور عملہ ڈائریکٹر جی اینڈ سی کی منظوری سے فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 40

سے ہوئی۔ جاں بحق بچی کی لاش اور زخمی بچے کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جاں بحق بچی کی شناخت 12 سالہ سیرل کے نام سے ہوئی جبکہ حادثے میں زخمی بچے کی شناخت 5 سالہ ایان سے ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 41

موسم اور برف دیکھنے کیلئے سیاحوں کی ملک بھر سے آمد کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کارروائی کے دوران 500 خالی بوتلیں، 50 لٹر ناقص سرکہ، 20 کلو ممنوعہ کیمیکل اجزاء، اور بھاری مقدار میں غیر معیاری پیکنگ میٹریل برآمد کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 200 لٹر ناقص سوڈا واٹر موقع پر تلف کر دیا گیا جبکہ دو فیکٹریوں کو بھاری جرمانے کیے گئے۔ جعل سازی ثابت ہونے پر ایک جوس پلانٹ اور اچار یونٹ کے مالکان کے خلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں، اور دو افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 43

ہوئے کہا کہ بیشک اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کے راستے میں اس طرح صف باندھ کر لڑتے ہیں جیسے کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں۔ ڈاکٹر عبدالعزیز نے کہا کہ یہ جہاد مقدس ہے، اور رسول خدا ﷺ، فرشتے اور انبیاء کرام آپ کے ساتھ ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اپنے سروں کو بلند رکھتے ہوئے خالد بن ولیدؓ کو یاد رکھو، صفوں میں متحد رہو، اپنے ٹینک تیار رکھو اور پرچم بلند رکھو، کیونکہ اب ہنود کے بعد یہود کی باری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پورا عالم اسلام افواج پاکستان کی طرف دیکھ رہا ہے اور ان کی بہادری اور قربانی تاریخ کے اوراق میں سنہرے حروف سے لکھی جائے گی۔ آخر میں انہوں نے سپہ سالار پاکستان اور ہر بہادر سپاہی کے لیے خوشبودار سلام پیش کرتے ہوئے دعا کی اللہ پاک پاکستان کو ہمیشہ محفوظ رکھے اور بلندی عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 44

اہلکاروں کے مطابق بے ہوش شخص کے سامان سے ایک خاتون کے نام کے دو بھارتی پاسپورٹ برآمد ہوئے ہیں۔ پاسپورٹس پر درج نام امجدی بیگم ہے، جب کہ دونوں پاسپورٹس کی میعاد 2028 تک ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں پاسپورٹ جدہ سے جاری ہوئے ہیں اور ان پر پتہ حیدرآباد، آندھرا پردیش بھارت کا درج ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ یہ جاننے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ مذکورہ شخص کون ہے اور بھارتی پاسپورٹس اس کے پاس کیسے پہنچے۔

بقیہ بقیہ جات 45

پولیس کی جانب سے مؤثر کارروائی کی گئی۔ فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکو زخمی ہوئے جنہیں حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق آپریشن خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کیا گیا، جس کے دوران کچے کے علاقے کو گھیرے میں لے کر مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرایا گیا۔ مغویوں کو فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کی بھاری نفری علاقے میں تعینات کر دی گئی ہے اور مزید سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

راشد ہدایت نے سخت نوٹس لیا جس پر ملزم رشید کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا گیا جبکہ بچی کو میڈیکل کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ڈی پی او نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی نیور اگین مہم کے تحت خواتین اور بچوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

۔ان کا کہنا تھا کہ سیز فائر پر عمل درآمد اہم ہے، لیکن اصل مسئلے کا حل تلاش کیے بغیر امن کی کوئی کوشش مکمل نہیں ہو سکتی۔ رضوان سعید شیخ نے واضح کیا کہ پاکستان امن میں سب کے مفاد کو دیکھتا ہے، تاہم اگر جارحیت مسلط کی گئی تو پاکستان اس کا بھرپور اور مؤثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت اور عزم رکھتا ہے۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر پر بین الاقوامی توجہ کو حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کو تسلیم کرتے ہوئے اپنا کردار ادا کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر کی حل طلبی پائیدار امن کی ہر کوشش کو متاثر کرتی رہے گی۔ رضوان سعید شیخ نے کشیدگی کم کرنے کے لیے امریکی قیادت کی مسلسل کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ امریکہ نے اس حوالے سے مؤثر کردار ادا کیا ہے اور ہم ان کے شکر گزار ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے سعودی عرب، ترکیہ اور دیگر دوست ممالک کی حمایت اور سفارتی کاوشوں پر بھی تشکر کا اظہار کیا۔ سفیر پاکستان کا یہ بیان نہ صرف خطے کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں اہم قرار دیا جا رہا ہے بلکہ یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی سطح پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے اور خطے میں امن و استحکام کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

آلات ضبط کر لیتے ہیں جس سے لوگ پریشان اور عدم تحفظ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بھارتی فورسز کے اہلکار گھروں پر چھاپوں اور تلاشی کارروائیوں کے دوران گھریلو سامان کی توڑ پھوڑ کرتے اور قیمتی اشیاء لوٹ لیتے ہیں۔ عام شہریوں کو ہراساں کرنے اور بلاجواز گرفتاریوں کا مقصد علاقے میں خوف و دہشت کا ماحول پیدا کرنا اور اختلاف رائے کو دبانا ہے۔ یہ کارروائیاں عام کشمیریوں کے ساتھ مجرموں جیسا سلوک کرنے اور تلاشی کی کارروائیوں کے بہانے ان کی زندگیوں میں خلل ڈالنے کی دانستہ کوششوں کی عکاسی کرتی ہیں۔ سرینگر میں جن لوگوں کے گھروں پر چھاپے مارے گئے ان میں نور محمد شیخ، وسیم طارق، انجم یونس، بلال احمد لون، فیضیاب شوکت دیوانی، بلال لون، منظور تولا، محمد ایوب ڈار، مشتاق احمد، ظہور احمد بٹ اور فردوس احمد ڈار شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

ہفتہ کے مختلف ایام میں لگا رہی ہے اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر ان منڈیوں کو عارضی سیل پوائنٹس میں منتقل کرنے اور تحصیل کی سطح پر میونسپل کمیٹیوں کے اضافی مویشی سیل پوائنٹس قائم کیے جائیں گے۔ کمشنر نے چاروں اضلاع ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ کیٹل مارکیٹ کمپنی افسران سے مل کر تمام انتظامات کو بروقت اور موثر طریقے سے مکمل کریں تاکہ شہریوں کو قربانی کے جانوروں کی خریداری میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران نے بتایا کہ عید کے تینوں ایام میں اضافی ورکرز، مشینری اور ڈسٹ بنوں میں صفائی کے انتظامات کیے جائیں گے۔ گھر گھر بائیوڈیگریڈیبل بیگز کی فراہمی کے ساتھ ساتھ شہر و دیہات میں جگہ جگہ عارضی کلیکشن پوائنٹس بھی قائم کیے جائیں گے۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ صفائی آپریشن کو مؤثر انداز میں ترتیب دیا جائے۔ اجلاس میں عوامی بہبود اور شہروں کی خوبصورتی سے متعلق اقدامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 50

ناپاک منصوبوں کے درمیان رکاوٹ ہیں اسی لیے تو مساجد و مدارس کو نشانہ بنایا۔ مولانا خزیمہ سمیع الحق نے واضح کیا کہ جب بھی ملک میں کوئی آفت آتی ہے یا کوئی جنگ کا ماحول پیدا ہوتا ہے تو وطن عزیز پاکستان کی حفاظت کے لیے سب سے پہلی صف میں علمائے کرام کھڑے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علمائے کرام اور دیندار طبقہ ہندوؤں کے نشانے پر بھی ہے، یہودیوں کے نشانے پر بھی ہے اور منافقین کے نشانے پر بھی ہے اس کے باوجود علمائے کرام و طلبا ثابت قدم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

دوسرے کے لیے بے پناہ عزت رکھتے ہیں"۔ انہوں نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی شخصیت کو سراہتے ہوئے کہا کہ چند سال قبل جب ان سے ملاقات ہوئی تھی تو کم عمری کے باوجود ان میں غیر معمولی فہم و فراست دیکھی۔ ٹرمپ نے سعودی عرب کو بیرون ملک دورے کی اپنی پہلی سرکاری منزل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس دورے کی نوعیت انتہائی اہم ہے اور سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ تعلقات مزید مستحکم ہو رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 52

کی جائے گی: اگر بچوں کی انگلی پر نشان نہیں ملا تو وہ ویکسین سے محروم بچہ تصور کیا جائے گا: عدیل تصور کے مطابق گرم موسم میں ورکر تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں: ویکسین کولڈ چین کو برقرار رکھا جائے، اضلاع کو ہدایت اگلی مہم دو ماہ بعد منعقد ہوگی، لہٰذا اس مہم کو انتہائی اہم ہے عدیل تصور نے کہا کہ مہم کے دوران 2 کروڑ 23 لاکھ سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے

بقیہ بقیہ جات 53

بہترین انویسٹی گیشن ایجنسی، اشتہاری ملزمان کی گرفتاری، چالاننگ اور سزا یقینی بنائے۔ ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ نے کہا کہ سی سی ڈی کے لئے نئے مالی سال کا بجٹ تشکیل اور گاڑیوں کی خریداری پائپ لائن میں ہے۔ فرنیچر اور فکچرز کی خریداری کے لئے آر اوز کو فنڈز فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے سی سی ڈی آر اوز کو فوری طور پر لیپ ٹاپ فراہم کرنے کا حکم دیا۔ آئی جی پنجاب نے آر او ساہیوال ساجد کھوکھر، آر او خانیوال، ڈی او ساہیوال اور ڈی او اوکاڑہ کو اچھی کارکردگی پر کیش ایوارڈ اور تعریفی لیٹرز دینے کا اعلان کیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سی سی ڈی اور ضلعی پولیس بہترین کوآرڈینیشن، ٹاسکنگ اور کوششوں سے پنجاب کو جرائم سے پاک کریں۔ سی سی ڈی کو دیئے گئے اہداف کے تحت کارکردگی کا جائزہ اور اکاؤنٹیبلٹی بھی کی جائے گی۔ اوکاڑہ، پاکپتن اور ساہیوال سمیت تمام دیہی علاقوں میں مویشی چوری کی لعنت کا خاتمہ یقینی بنائیں۔ ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص نذیر، ڈی آئی جی سی سی ڈی وقاص الحسن، ڈی آئی جی سی سی ڈی عمر فاروق سلامت اور اے آئی جی ایڈمن اسد اعجاز ملہی اجلاس میں موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 54

رہائی پانے والا یہ قیدی اب اپنے اہل خانہ کے پاس ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی مزاحمتی گروپ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ ایڈن الیگزینڈر کو امریکی حکام کے ساتھ بہت سنجیدہ اور مسلسل رابطوں کے بعد رہا کیا گیا ہے۔ یاد رہے اس رہائی کے لیے پہلی بار امریکہ کے اپنے نمائندہ برائے اسیران نے براہ راست حماس کے اعلیٰ ذمہ داروں کے ساتھ مذاکرات کرنا قبول کیا تھا۔ جس پر خود اسرائیل حیران ہو گیا تھا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ نیتن یاہو لوگوں کے سامنے گمراہ کن دعوی کر رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل اپنی تمام تر کوششوں اور ظالمانہ جنگ اور ہر طرح کی جارحانہ جنگی یلغار میں ناکام رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

قریب پہنچی تو تیز رفتاری کے باعث چلتی موٹر سائیکل سے گر گئی سر میں شدید چوٹ آنے پر بری طرح زخمی ہو گئی، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر تشویشناک حالت میں ہسپتال پہنچایا جہاں وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گئی۔ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 56

طور پر تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا، مگر وہ جانبر نہ ہو سکی اور دم توڑ گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی تفتیش جاری ہے تاکہ اس المیے کی وجوہات کا مکمل جائزہ لیا جا سکے۔ یہ افسوسناک سانحہ نہ صرف ایک قیمتی جان کا ضیاع ہے، بلکہ معاشرتی سطح پر بڑھتے ہوئے ذہنی دباؤ اور گھریلو مسائل کی سنگینی کی بھی واضح تصویر پیش کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

رقم کراچی کے صارفین کو نومبر سے جنوری تک ملنے والے ریلیف سے کاٹی گئی ہے۔ کے الیکٹرک نے درخواست میں مارچ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے ریلیف سے بھی رقم کٹوتی کی درخواست کی ہے۔ یاد رہے کہ کراچی کی مختلف 7 کاروباری تنظیمیں کے الیکٹرک کے مطالبے پر نیپرا کی طرف سے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے ریلیف میں کٹوتی کی مسلسل مخالفت کر رہی ہیں۔ ان کا موقف رہا ہے کہ پاور پلانٹس کے اسٹارٹ اپس کے خرچے صارفین پر نہیں ڈالے جا سکتے۔ نیپرا کے الیکٹرک کی درخواست پر 22 مئی کو سماعت کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 58

گئے۔ ننھے پہلوان شاگرد بھی اپنے استادوں کے ساتھ جشن میں شریک ہوئے۔ تقریب میں انعام بٹ نے کہا ہم افواج پاکستان کی اس شاندار کامیابی پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں، یہ جیت صرف میدان کی نہیں، قوم کے دلوں کی فتح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

ہوئی تو عدالت نے جبری طور پر لاپتہ افراد کے کیسز مسنگ پرسنز کے کمیشن میں بھیج دیے۔ کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد سے 23 سال کی لڑکی کی بازیابی سے متعلق درخواست مسترد کر دی گئی۔ عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ لڑکی کی گمشدگی کا کیس مسنگ پرسنز کی فہرست میں نہیں آتا۔ وہ کیس مسنگ پرسنز کی کیٹیگری میں آتے ہیں جنہیں مبینہ طور پر لاپتہ کیا گیا ہو۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ لڑکی کی گمشدگی کا مقدمہ درج ہو گیا، تفتیشی افسر کارروائی نہیں کر رہا، اس سے قبل ریگولر بینچ نے کیس آئینی بینچ کے پاس بھیج دیا تھا، آئینی بینچ نے کیس دوبارہ ریگولر بینچ میں بھیج دیا۔ عدالت نے ہدایت کی کہ اگر آپ کو انویسٹی گیشن پر اعتراض ہے تو متعلقہ مجسٹریٹ سے رجوع کریں۔

بقیہ بقیہ جات 60

کامن روم کے ملازمین، ججز لائبریری کے ملازمین بھی شامل ہیں۔ مزید برآں لوئر کورٹ برانچ، میکینکس برانچ کے ملازمین، رٹ برانچ، ارجنٹ سیل کے ملازمین، ٹریبونل اینڈ کوآرڈینیشن کے ملازمین، ٹرانسپورٹ برانچ کے ملازمین، ٹیلی فون ایکسچینج برانچ کے ملازمین بھی شامل ہیں، سافٹ ویئر اینڈ ویب سیکشن، سیکیورٹی برانچ، سکیننگ برانچ، سہولت سینٹر برانچ، آر کے جے برانچ، رجسٹرار آفس کے ملازمین بھی اس کا حصہ ہیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کا ویژن کام کے وقت بس کام ہو گا، مجاز اتھارٹی نے حکم صادر کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کو تین دن میں تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے، جواب جمع نہ کرانے پر تادیبی کارروائی کی جائے گی، گریڈ 20 اور 21 کے افسران سے بھی وضاحت طلب کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

شاہزیب چاچڑ کا کہنا ہے کہ 5 ملزمان شہری کو اغواء کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 ڈاکوؤں میں سے 2 کو ہلاک کر دیا جبکہ 3 فرار ہو گئے۔

بقیہ بقیہ جات 62

19 مئی تک ملتوی کر دی۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل مرزا نصر احمد مرزا پیش ہوئے، برطانوی قونصلیٹ کاؤنٹی سرے کی جانب سے تین بچوں کی حوالگی کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا گیا ہے، جبکہ عدالت نے برطانوی قونصلیٹ کے وکیل کو گارڈین کورٹ میں فائل کی گئی درخواست کی کاپی ساتھ لگانے کی ہدایت کر رکھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

نہ ہوئی تو امریکہ کی روس کے حوالے سے پالیسی بدل سکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

فہرستیں فراہم کر دی گئی ہیں، اشتہاری ملزمان کی گرفتاری اور سزا یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی نے بتایا کہ سی سی ڈی کے نئے مالی سال کا بجٹ تشکیل دے دیا گیا ہے اور گاڑیوں کی خریداری پائپ لائن میں ہے۔ اس حوالے سے آئی جی پنجاب کا سی سی ڈی آر اوز کو لیپ ٹاپ فراہم کرنے کا حکم صادر کیا۔

بقیہ بقیہ جات 65

سروس کے مطابق غلام احمد گلزار نے سرینگر میں ایک بیان میں پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ بھارت کا جنگی جنون، انتہاپسندی اور ہٹ دھرمی خطے میں بسنے والے لاکھوں انسانوں کے لیے تباہ کن اور مہلک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگی جنون نہ صرف غربت اور فاقہ کشی کا باعث بنے گا بلکہ اس سے اسلحے کی دوڑ کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور پاکستان ماضی میں کشمیر پر کئی جنگیں لڑ چکے ہیں اور یہ تنازعہ ایک خوفناک جنگ کا باعث بن سکتا ہے جس سے پوری دنیا متاثر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ تصادم سے ثابت ہوا ہے کہ کشمیر ایک جوہری فلیش پوائنٹ ہے جو بین الاقوامی برادری کے لیے چشم کشا ہے۔ حریت رہنما نے کہا کہ تنازعہ کشمیر کے پائیدار، باعزت اور منصفانہ حل کے بغیر کوئی امن اور ترقی ممکن نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

نقصان کا ازالہ حکومت اپنی ذمہ داری سمجھ کر کر رہی ہے۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امدادی اور بحالی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جو ہر متاثرہ گاؤں کا دورہ کر رہی ہیں تاکہ متاثرہ فرد محروم نہ رہے۔ سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ بھارتی گولہ باری سے متاثرہ تمام شہداء کے لواحقین کو ان کے گھر کی دہلیز پر مالی امداد پہنچائی جا رہی ہے جبکہ زخمیوں کو علاج معالجے کے لیے خصوصی تعاون دیا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

عرب دو ہیلی کاپٹر لائے گئے تھے۔ علاوہ ازیں مکمل فضائی عملہ اور تکنیکی معاونین بھی مشقوں میں شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 68

اس پناہ گاہ میں السنوار کی موجودگی کا پتا چلا، اور کارروائی بہت جلدی عمل میں لائی گئی۔ تاہم عہدے دار نے مزید کہا کہ حملے کے نتائج ابھی تک غیر واضح ہیں، اور اسرائیلی فوج اس بات کی جانچ کر رہی ہے کہ آیا حماس کے دیگر اعلیٰ عسکری رہنما بھی اس پناہ گاہ میں السنوار کے ساتھ موجود تھے یا نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 69

۔سیف سٹی فیصل آباد نے جدید ریکوگنیشن ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزم کی فوری شناخت کی اور نشاندہی پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 70

ملانے کیلئے آپریشن بنیان المرصوص کامیابی سے ہمکنار کر کے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے، جس نے تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کی فوج کے عزائم کو ناکام بناتے ہوئے اسے اس کے گھر میں گھس کر سبق سکھایا، پاک بھارت جنگ میں پاک فوج نے ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک پرانا متوفی اللہ دتہ ولد بدر دین

وارثان بدر دین والد، شریفاں بی بی والدہ، پروین بی بی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ

زندہ عبدالرزاق، احسان الحق، نوید اختر پسران، اکبری بیگم، فرخندہ کوثر، شاہدہ ذکاء اللہ آرائیں، گلشن بی بی، بشرا، رضیہ بی بی دختر متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق دار وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

سال کی تیسری قومی پولیو مہم کا 26 مئی سے آغاز کیا جا رہا ہے، عدیل تصور

انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس، سربراہ انسداد پولیو پروگرام عدیل تصور کی صدارت، 36 اضلاع کے محکمہ صحت افسران کی ویڈیو لنک پر شرکت

کوائف کی ہیر پھیر میں ملوث ورکروں کے خلاف کاروائی کی جائیگی، اگر بچوں کی انگلی پر نشان نہیں ملا تو وہ ویکسین سے محروم بچہ تصور کیا جائیگا: عدیل تصور

لاہور (خبر نگار) انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس سربراہ انسداد پولیو پروگرام عدیل تصور کی صدارت 36 اضلاع کے محکمہ صحت افسران کی ویڈیو لنک پر شرکت سال کی تیسری قومی پولیو مہم کا آغاز پیر 26 مئی سے کیا جا رہا ہے: عدیل تصور نے کہا کہ پولیو ٹیموں کی تربیت بروقت مکمل کی جائے تربیت کے بغیر کوئی ٹیم کو مہم میں شامل نا کیا جائے: گزشتہ مہم کے ویکسین سے محروم بچوں کو فالو اپ کیا جائے چیلنجز کو چھپانے کی بجائے سامنے لایا جائے، اضلاع کو ہدایت کوائف کی ہیر پھیر برداشت نہیں کی جائے گی: عدیل تصور نے کہا کہ کوائف کی ہیر پھیر میں ملوث ورکروں کے خلاف کاروائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

...ion Days (N
...min A
...t June 202
...zatio... (NIDs)
...6th ...st J...

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی قومی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

سی ٹی ڈی اشتہاری ملزمان کی گرفتاری اور سزا یقینی بنائے، آئی جی پنجاب

سی ٹی ڈی حکام کو سنگین جرائم کے اشتہاری مجرمان کی لسٹیں فراہم کی گئی ہیں، سی ٹی ڈی بہترین انویسٹی گیشن ایجنسی، اشتہاری ملزمان کی گرفتاری، چالاننگ اور سزا یقینی بنائے، آئی جی پنجاب

سی ٹی ڈی کے لئے نئے مالی سال کا بجٹ تشکیل اور گاڑیوں کی خریداری پائپ لائن میں ہے، فرنیچر اور فکسچرز کی خریداری کے لئے آر اوز کو فنڈز فراہم کر دیئے گئے ہیں، سہیل ظفر چٹھہ

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سی ٹی ڈی ملتان اور ساہیوال رینجز کی کارکردگی بارے اہم اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا۔ ملتان اور ساہیوال رینجز کے آر پی اوز، ڈی پی اوز، آر اوز اور ڈی اوز سی ٹی ڈی نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب نے سی ٹی ڈی ملتان اور ساہیوال کی کارکردگی کا جائزہ لیا جبکہ سی ٹی ڈی ملتان اور ساہیوال کے آر اوز نے حاصل کردہ اہداف بارے بریفنگ دی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سی ٹی ڈی حکام کو سنگین جرائم کے اشتہاری مجرمان کی لسٹیں فراہم کی گئی ہیں۔ سی ٹی ڈی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

KHANEWAL
OKARA
MULTAN
VEHARI

ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سی ٹی ڈی ملتان اور ساہیوال رینجز کی کارکردگی بارے سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارتی فوجیوں کی محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں اور چھاپوں کا سلسلہ جاری

غاصب اہلکار محاصرے اور تلاشی کی پرتشدد کارروائیوں کے دوران زبردستی رہائشی گھروں میں گھس جاتے ہیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز کے اہلکاروں نے سرینگر سمیت مختلف علاقوں میں گھروں پر چھاپوں اور محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فورسز کے اہلکار وادی کشمیر کے مختلف علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی پرتشدد کارروائیوں کے دوران زبردستی رہائشی گھروں میں گھس جاتے ہیں اور خواتین اور بچوں سمیت مکینوں کو ہراساں اور تشدد کا نشانہ بناتے ہیں اور بے گناہ نوجوانوں کو بلاجواز گرفتار کرتے ہیں جبکہ زمینوں اور مکینوں کی اہم دستاویزات، موبائل فون، لیپ ٹاپ اور دیگر ڈیجیٹل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

حجرہ شاہ مقیم: کباڑیے کی معصوم بچی سے درندگی، ملزم گرفتار

بچی گزر رہی تھی کہ اوباش دوکان میں لے گیا، ملزم حوالات جبکہ بچی ہسپتال منتقل

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) اوباش نوجوان نے 6 سالہ بچی کو بداخلاقی کا نشانہ بنا ڈالا، ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق چیز خریدنے کیلئے گھر سے نکلنے والی چھ سالہ معصوم بچی جب گلی میں موجود کباڑیے کی دوکان کے سامنے سے گزری تو ملزم بچی کو بہانے سے دوکان میں لے گیا اور مبینہ طور پر جنسی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، بصیر پور میں پیش آئے افسوسناک واقعہ کی اطلاع ملنے پر ڈی پی او اوکاڑہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

لاہور: محنت کش سائیکل پر فریج اور سلائی مشین کی چوکیاں فروخت کر رہا ہے

پاک بھارت جنگ سے ثابت ہوا کشمیر ایٹمی فلیش پوائنٹ ہے، غلام احمد گلزار

تنازعہ کشمیر کو حل کئے بغیر خطے میں پائیدار امن اور ترقی ممکن نہیں، رہنما حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے وائس چیئرمین غلام احمد گلزار نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان حالیہ جنگ نے ایک بار پھر دونوں ممالک کو ایٹمی جنگ کے دہانے پر پہنچا دیا، انہوں نے خبردار کیا کہ تنازعہ کشمیر کو مسلسل نظر انداز کرنے سے جنوبی ایشیا میں بڑے پیمانے پر ہلاکتیں اور تباہی ہو سکتی ہے۔ کشمیر میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

شہزادہ محمد بن سلمان سے گہری قربت اور پرخلوص تعلقات ہیں، ٹرمپ

ہم دونوں ایک دوسرے سے بے پناہ محبت کرتے اور ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز کے ساتھ اپنے قریبی اور پرخلوص تعلقات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے لیے دلی محبت اور احترام کا جذبہ رکھتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ریاض کے قصر الیمامہ میں ہونے والی ملاقات کے بعد ٹرمپ نے مختصر گفتگو میں کہا کہ "ہم ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

فیصل آباد، راہزنی کی وارداتیں کرنے والا گروہ گرفتار

ماموں کانجن (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے راہزنی کی وارداتیں کرنے والے گروہ کو گرفتار کر لیا۔ فیصل آباد پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کو سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گرفتار کر لیا۔ فیصل آباد سے مختلف وارداتوں کی کالز ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر موصول ہوئیں۔ ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے کالرز کی فراہم کردہ معلومات پر ملزمان کو ٹریس کرنا شروع کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

سرگودھا میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی پلان، عارضی مویشی منڈیوں کے قیام کیلئے خصوصی اجلاس

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں عید الاضحیٰ کے موقع پر صفائی پلان، عارضی مویشی منڈیوں کے قیام، شہروں کی خوبصورتی (بیوٹیفکیشن) اور وزیراعلیٰ پنجاب کے عوامی بہبود کے اقدامات پر زور دیتے ہوئے کمشنر ملک جہانزیب اعوان کی زیر صدارت اجلاس میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کیٹل مارکیٹ کمیٹی چاروں اضلاع میں مجموعی طور پر 14 مویشی منڈیاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

امریکی شہری کی رہائی اسرائیل کے فوجی دباؤ کی وجہ سے نہیں ہوئی، حماس

ایڈن الیگزینڈر کو امریکی حکام کے ساتھ بہت سنجیدہ اور مسلسل رابطوں کے بعد رہا کیا گیا، بیان

واشنگٹن (این این آئی) حماس نے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے اس دعوے کو مسترد کر دیا ہے جس میں کہا گیا تھا کہ امریکی شہریت کے حامل اسرائیلی قیدی ایڈن الگزینڈر کو حماس نے دباؤ کی وجہ سے رہا کیا ہے۔ حماس نے نیتن یاہو کے دعوے کے خلاف بیان منگل کے روز جاری کیا ہے۔ اس 21 سالہ امریکی شہری کو حماس کے بقول خیر سگالی کے جذبے کی وجہ سے چھوڑا گیا ہے۔ ایک روز قبل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

لیہ: ڈپٹی کمشنر امیرا بیدار ستھرا پنجاب اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

القسام بریگیڈز کے سربراہ محمد السنوار کو نشانہ بنانے کے لیے اسرائیلی فوج کا حملہ

محمد السنوار کو خان یونس میں ایک اسپتال کے نیچے واقع خفیہ پناہ گاہ میں فضائی حملے کا نشانہ بنایا، بیان

تل ابیب (این این آئی) تین اسرائیلی عہدے داروں نے انکشاف کیا ہے کہ اسرائیلی افواج نے حماس کے عسکری ونگ (القسام بریگیڈز) کے سربراہ محمد السنوار کو جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں ایک اسپتال کے نیچے واقع خفیہ پناہ گاہ میں فضائی حملے کا نشانہ بنایا۔ ایک اسرائیلی عہدے دار نے انگریزی نیوز ویب سائٹ کو بتایا کہ حکومت کو انٹیلی جنس معلومات موصول ہوئیں جن سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

متاثرہ خاندان کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا ہر مرحلے پر ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے، سردار عامر الطاف خان

راولا کوٹ (این این آئی) وزیر حکومت ٹیکنیکل ایجوکیشن ومسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سردار عامر الطاف خان نے کہا ہے کہ بھارتی جارحیت سے متاثرہ آزاد کشمیر کے شہریوں کی بحالی، امداد اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے لائن آف کنٹرول پر بھارتی افواج کی حالیہ بلا اشتعال گولہ باری اور فائرنگ سے شہریوں کو ہونے والے جانی و مالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

پاک بھارت جنگ میں پاک فوج نے ایک نئی تاریخ رقم کر دی، وزیر جنگلات

پاک فوج نے مودی کے عزائم کو خاک میں ملا کر ثابت کر دیا پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے وزیر جنگلات چوہدری اکمل حسین سرگالہ نے کہا کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے مکار دشمن غرور خاک میں ملا کر ثابت کر دیا ہے کہ پاک فوج دنیا کی کامیاب ترین فوج ہے، جس کا عالمی طاقتوں سمیت دنیا کے بڑے نشریاتی اداروں بھی مسلح افواج پاکستان کو دنیا کی مضبوط ترین فوج قرار دینے پر مجبور ہو گئے، پاک فوج نے مودی کے عزائم کو خاک میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

ترکیہ، بین الاقوامی فضائی مشقوں میں سعودی عرب کی رائل ایئر فورس کی شرکت

ریاض (این این آئی) بین الاقوامی مشقوں میں رائل سعودی ایئر فورس نے شرکت کی ہے۔ یہ جنگی صورت حال اور ریسکیو مشنز پر حاوی مشقیں ترکیہ کے قونیا ایئر بیس میں منعقد کی گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فضائی مشقوں میں سعودی عرب کی رائل ایئر فورس کے علاوہ بھی کئی ملکوں کی ایئر فورسز کے دستے شریک ہیں۔ مشقیں 11 دن جاری رہیں گی۔ سعودی فضائی دستے کے سربراہ لیفٹیننٹ کرنل پائلٹ عبدالرحمان المنصور کے مطابق تلاش اور ریسکیو کے مقاصد اور تیاری کے مقاصد کے لیے انعقاد پذیر ہونے والی ان مشقوں میں سعودی عرب دو ہیلی کاپٹر لائے گئے تھے۔ علاوہ ازیں مکمل فضائی عملہ اور تکنیکی معاونین بھی مشقوں میں شریک ہوئے۔

ہمارے ایئرپورٹ انٹرنیشنل تو بن گئے لیکن انٹرنیشنل معیار قائم نہ کر سکے
بچوں کے سامنے انکے ماں باپ کی تذلیل تھپڑوں گھونسوں سے پیٹنا اس
پہلے بھی کئی واقعات رونما ہو چکے ہیں کیا ایئرپورٹ سیکیوٹی فورس بارڈر سیکیوٹی فورس
گئی ہے انسان بنو عوام کے غضب سے بچو پولیس کا رویہ مت اپناؤ خادم بنو اوقات میں رہو
اداروں کی عزت نہیں کرتے تھانے ایئرپورٹ بس سٹینڈ ان میں اخلاق نام کی کوئی چیز نہیں

لاہور: سول سوسائٹی کے اراکین ایئرپورٹ پر اے ایس ایف اہلکار کے شہری پر تشدد کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں

کراچی کے صارفین کیلئے بجلی 5 روپے 2 پیسے سستی کرنے کی درخواست

فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کو 6 ارب 79 کروڑ روپے کے ریلیف کا تخمینہ

اسلام آباد (این این آئی) کے الیکٹرک نے مارچ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت کراچی کے صارفین کے لیے فی یونٹ بجلی 5 روپے 2 پیسے سستی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی۔ درخواست میں فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کو 6 ارب 79 کروڑ روپے کے ریلیف کا تخمینہ ہے۔ کے الیکٹرک نے ساتھ ہی یہ درخواست بھی کر دی کہ کے الیکٹرک کی پاور پلانٹس کے اسٹارٹ اپ سمیت مختلف مدوں میں 14 ارب 60 کروڑ روپے کی رقم زیر التوا ہے جس میں سے نیپرا نے نومبر سے جنوری کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹس میں سے 9 ارب 40 کروڑ روپے الگ کر لئے ہیں اور یہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

ساتویں کلاس کی دلبرداشتہ طالبہ نے خودکشی کر لی

13 سالہ بچی نے گھریلو جھگڑے پر ذہنی دباؤ کے باعث زہریلی گولیاں کھائیں

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ساتویں جماعت کی طالبہ نے گھریلو جھگڑے سے دلبرداشتہ ہو کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اللہ داد کالونی میں دل کو دہلا دینے والا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں محض 13 سالہ طالبہ نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے سے دلبرداشتہ ہو کر زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ پولیس کے مطابق متوفیہ عابدہ بی بی، جو ساتویں جماعت کی طالبہ تھی، کا گھر والوں سے کسی بات پر جھگڑا ہوا تھا۔ واقعے کے فوراً بعد جب بچی نے زہریلی گولیاں نگل لیں تو اسے فوری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں، پاکستانی سفیر

پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی مسئلہ جموں وکشمیر ہے، مسئلہ کشمیر کی جانب دنیا کی توجہ مبذول ہونا حوصلہ افزا ہے، رضوان سعید شیخ

پاکستان ایک امن پسند قوم ہے جو خطے میں ڈیڑھ ارب انسانوں کے مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے پائیدار امن کا خواہاں ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے ترک نشریاتی ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں کہا ہے کہ پاکستان ایک امن پسند قوم ہے جو خطے میں ڈیڑھ ارب انسانوں کے مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے پائیدار امن کا خواہاں ہے۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی مسئلہ جموں وکشمیر ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پورے جنوبی ایشیا کے استحکام کے لیے ناگزیر ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

لاہور: الحمراء میں تربیتی ورکشاپ کے موقع پر چیف انفارمیشن کمیشن محمد مالک بھلا کے ہمراہ پی آئی اوز کا گروپ فوٹو

سستے مکانات کیلئے بینکوں کو 100 فیصد حکومتی گارنٹی دینے کے فیصلے کا خیر مقدم

کرایہ داروں کو ترجیح، ترکی، بنگلہ دیش، برازیل جیسے ممالک کو اسٹڈی کیا جائے، پیاف عہدیدار

لاہور (این این آئی) پیاف کے پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین مدثر مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے وفاقی حکومت کی جانب سے سستے مکانات کیلئے مالی معاونت کے منصوبے میں بینکوں کو 100 فیصد حکومتی گارنٹی دینے کے فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے کے سو فیصد نتائج حاصل کرنے کیلئے وسیع تر مشاورت کا عمل شروع کیا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ منصوبے کو پیش نظر رکھتے ہوئے کم لاگت والے گھروں کے لیے قابل عمل پالیسی ماڈلز کو اپنایا جانا چاہیے۔ اس سلسلہ میں حکومت اس شعبے سے وابستہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو بھی مشاورت کے عمل میں شامل کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اس تناظر میں سنگاپور، جنوبی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

فیک نیوز قومی سلامتی کیلئے سنجیدہ خطرہ ہیں، ڈی جی پیمرا

نوجوانوں کو سچ اور جھوٹ میں فرق سکھانے کے لیے میڈیا لٹریسی کو فروغ دینا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، عائشہ منظور وٹو

سوشل میڈیا کا کردار اور غلط معلومات کا پھیلاؤ ایک قومی چیلنج“ کے موضوع پر منعقدہ قومی سیمینار سے خطاب

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کی ڈائریکٹر جنرل عائشہ منظور وٹو نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر جھوٹی معلومات اور فیک نیوز کا پھیلاؤ صرف معاشرتی انتشار کا باعث نہیں بلکہ قومی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ بن چکا ہے۔ نوجوانوں کو سچ اور جھوٹ میں فرق سکھانے کے لیے میڈیا لٹریسی کو فروغ دینا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ڈی جی پیمرا نے یہ بات یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں ”سوشل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

سرگودھا: شدید گرمی کے موسم میں پولیس اہلکار شہریوں کو ٹھنڈا پانی پلا رہا ہے

رواں سال بجلی چوری میں ملوث 11900 سے زائد ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کے مطابق رواں سال بجلی چوری میں ملوث 11900 سے زائد ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف شہر کے مختلف تھانوں میں 9900 سے زائد مقدمات کا اندراج کیا گیا، اقبال ٹاؤن میں بجلی چوری کے 1528، صدر میں 2282 اور کینٹ میں 3892 ملزمان کو حراست میں لیا گیا، ماڈل ٹاؤن میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

لاہور، چینی کی قیمت میں ہوشربا اضافہ، شوگر ملز اور کریانہ ایسوسی ایشن آمنے سامنے

اوپن مارکیٹ میں چینی کا ریٹ 164 سے بڑھ کر 175 تک پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں چینی کی قیمتوں میں ایک بار پھر نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس کے بعد شوگر ملز مالکان اور مرکزی کریانہ ایسوسی ایشن کے درمیان تنازع شدت اختیار کر گیا ہے۔ اوپن مارکیٹ میں چینی کی قیمت 164 روپے فی کلو سے بڑھ کر 175 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، جس نے عام صارفین کو شدید مالی دباؤ کا شکار کر دیا ہے۔ مرکزی کریانہ ایسوسی ایشن کے صدر نے اس صورتحال کی ذمہ داری براہ راست شوگر ملز مالکان اور متعلقہ بیوروکریسی پر عائد کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ فروری میں چینی کی قیمت 125 روپے فی کلو تھی، لیکن ایکسپورٹ کی اجازت ملنے کے بعد قیمتوں کو پر لگ گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

گوجرانوالہ کے پہلوانوں کا یوم تشکر، پاکستان کی فتح کا جشن منایا

کیک کاٹا گیا، افواج پاکستان کے حق میں فلک شگاف نعرے، روایتی بھنگڑے ڈالے گئے

گوجرانوالہ (این این آئی) بھارت کے خلاف پاکستان کی تاریخی فتح پر گوجرانوالہ کے پہلوانوں نے انعام بٹ پہلوان اکھاڑے میں یوم تشکر منایا۔ اس موقع پر کیک کاٹا گیا، افواج پاکستان کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے گئے اور وطن سے محبت کے اظہار میں روایتی بھنگڑے ڈالے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

افسران اور ملازمین کی بغیر اطلاع غیر حاضری پر ثبوت سمیت وضاحت طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے افسران اور ملازمین کی بغیر اطلاع غیر حاضری پر ثبوت سمیت وضاحت طلب کر لی۔ ملازمین میں اکاؤنٹ برانچ، اے جی سیل، آڈٹ سیل، بی اینڈ ایف ایم برانچ، بل برانچ، بلڈنگ لاہور ہائیکورٹ برانچ، کینٹین کے ملازم، کیس کمپلینٹ برانچ، کیس فکسچر برانچ، کازلسٹ سیکشن، سیول 1 اور سیول 2 برانچ کے ملازمین شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کمرشل اینڈ ٹیکسیشن برانچ، کاپی برانچ، کریمنل برانچ، ڈے کیئر سینٹر، ڈسپیچ برانچ، ڈی آر آر سیول برانچ وغیرہ کے ملازمین بھی شامل ہیں، جنرل برانچ، جنرل ایڈمنسٹریشن، ہیڈ ججمنٹ رائٹر، ایچ آر برانچ، آئی ٹی برانچ، جج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار کو 10 لاکھ جرمانہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ نے غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار پر 10 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا جبکہ سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل بھی مسترد کر دی گئی۔ درخواست گزار نے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت محکمہ ایکسائز سے ٹیکس پیئرز کی تفصیلات لینے کے لیے رجوع کیا تھا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ انفارمیشن کمیشن نے محکمہ ایکسائز کو متعلقہ معلومات فراہم کرنے کا حکم دیا، محکمے کی جانب سے ٹیکس پیئرز کی ذاتی انفارمیشن کے علاوہ باقی معلومات فراہم کر دی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

آبی آلودگی، پنجاب میں پہلی بار اسپیشل انسپکشن یونٹ قائم

تمام انڈسٹریل یونٹس اپنا گندہ پانی صاف کرنے کے پابند ہوں گے

لاہور (این این آئی) ڈی جی ماحولیات پنجاب عمران حامد شیخ نے پنجاب میں انڈسٹریل ویسٹ واٹر کے اخراج کی نگرانی کے لیے خصوصی یونٹ قائم کر دیا۔ ڈی جی ماحولیات عمران حامد شیخ کا ویسٹ واٹر کے اخراج کے خلاف اہم اقدام، تمام انڈسٹریل یونٹس اپنا گندہ پانی صاف کرنے کے پابند ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب سے ہر اس انڈسٹریل یونٹ کو چلنے نہیں دیا جائے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

سندھ ہائیکورٹ نے لاپتہ شہریوں کی واپسی پر درخواستیں نمٹا دیں

کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد سے 23 سال کی لڑکی کی بازیابی سے متعلق درخواست مسترد کر دی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سعود آباد سے لاپتہ محمد نوید اور عوامی کالونی سے لاپتہ احمد شمیم گھر واپس آ گئے ہیں۔ تفتیشی افسر نے دونوں شہریوں کی واپسی سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کروا دی ہے۔ عدالت عالیہ میں لاپتہ افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

نارووال: ڈپٹی کمشنر سید حسن ڈسٹرکٹ آفیسر نعیم اختر شہید کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

شکار پور میں پولیس مقابلے میں 2 مبینہ ڈاکو ہلاک

شکار پور (این این آئی) شکار پور میں آرائیں لنک روڈ پر پولیس مقابلے میں 2 مبینہ ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ایس ایس پی شاہزیب چاچڑ کا کہنا ہے کہ 5 ملزمان شہری کو اغواء کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 ڈاکو میں سے 2 کو ہلاک کر دیا جبکہ 3 فرار ہو گئے۔ ایس ایس پی کا کہنا ہے کہ ہلاک ملزمان کی شناخت نہیں ہو سکی، لاشیں اسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ ایس ایس پی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

شرقپور شریف: اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم نہر کے کنارے پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کر رہی ہیں

پاکستان کے دفاع کے قصے آج دنیا بھر میں گونج رہے ہیں، ڈاکٹر عبدالعزیز

پاکستان کی مسلح افواج پوری امت مسلمہ کی عزت و وقار کی علامت ہے، شامی اسکالر کا خراج تحسین

دمشق، اسلام آباد (این این آئی) شام کے معروف اسلامی اسکالر اور صوفی بزرگ ڈاکٹر عبدالعزیز الخطیب الحسنی الجیلانی نے افواج پاکستان کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے حالیہ کامیابی کو ایک تاریخی فتح قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نہ صرف ملک کی محافظ ہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کی عزت و وقار کی علامت بھی ہیں۔ ڈاکٹر عبدالعزیز نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کے دفاع کے قصے آج دنیا بھر میں گونج رہے ہیں۔ مسلح افواج ہماری شان اور لشکر ہماری قوت ہیں۔ آپ کی بنیاد سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہے، اور یہ فتح محض دو ملکوں کی نہیں بلکہ دو عقیدوں یعنی ایمان اور کفر کی جنگ تھی۔ انہوں نے افواج پاکستان کو سورۃ الصف کی آیت 4 کا حوالہ دیتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

فوڈ اتھارٹی کی بڑی کارروائیاں، ناقص مشروبات اور جعلی فیکٹریوں کا پردہ فاش

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری اور صحت کے لیے مضر مشروبات تیار کرنے والی متعدد فیکٹریوں کے خلاف بڑی کارروائیاں کی ہیں۔ ان کارروائیوں میں ویلج 38-ڈی، جواد ایونیو ڈی بلاک، اسٹیشن اسٹاپ اور کوٹ امیر علی شاہ کے علاقوں میں قائم مختلف جوس پلانٹس، سوڈا واٹر فیکٹریوں اور ایک کیچپ و سرکہ یونٹ کی تفصیلی انسپکشن کی گئی۔ ترجمان کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

کراچی، سرجانی ٹاؤن میں رکشہ الٹنے سے بہن جاں بحق، بھائی زخمی

جاں بحق بچی کی شناخت 12 سالہ سیرل جبکہ حادثے میں زخمی بچے کی شناخت 5 سالہ ایان سے ہوئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں رکشہ الٹنے سے بہن جاں بحق جبکہ بھائی زخمی ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق سرجانی ٹاؤن میں خدا کی بستی کے قریب تیز رفتار رکشہ الٹ گیا، حادثے میں بہن جاں بحق جبکہ بھائی شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جاں بحق بچی کی شناخت 12 سالہ سیرل کے نام سے ہوئی جبکہ حادثے میں زخمی بچے کی شناخت 5 سالہ ایان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

بالاکوٹ، وادی کاغان میں گلیشیئر ہٹا کر سڑک لولوسر جھیل تک بحال

سرد موسم اور برف دیکھنے کیلئے سیاحوں کی ملک بھر سے آمد کا سلسلہ جاری

بالاکوٹ (این این آئی) وادی کاغان میں گلیشیئر ہٹا کر سڑک لولوسر جھیل تک بحال کر دی گئی۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) حکام کے مطابق لولوسر سے بابوسر ٹاپ تک روڈ کھولنے کیلئے دو طرفہ کام جاری ہے، مئی کے آخری ہفتے تک سڑک بحال کر دی جائے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ جلکھڈ سے کشمیر کو ملانے والی رابطہ سڑک کو کھولنے کیلئے مشینری نے کام شروع کر دیا ہے۔ دوسری جانب سرد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

روسی صدر سے ملاقات کے لیے ہر ممکن کوشش کروں گا، یوکرائنی صدر

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اب تک اس ملاقات میں شرکت کی تصدیق نہیں کی، گفتگو

کیف (این این آئی) یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے زور دے کر کہا ہے کہ وہ روسی صدر ولادیمیر پیوتن سے براہ راست ملاقات کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ جنگ بندی کی کوئی بھی سنجیدہ کوشش صرف پوتین سے بات چیت کے ذریعے ہی ممکن ہے، کیونکہ صرف وہی اس پر عمل درآمد کا اختیار رکھتے ہیں۔ کیف میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے زیلنسکی نے کہا کہ "اگر جنگ بندی پر بات ہونی ہے تو صرف روسی صدر کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اب تک اس ملاقات میں شرکت کی تصدیق نہیں کی۔ یوکرینی صدر کو توقع ہے کہ اگر روس نے مذاکرات میں سنجیدگی نہ دکھائی تو امریکہ اور یورپی یونین کی جانب سے اس پر سخت پابندیاں عائد کی جائیں گی، خصوصاً اگر استنبول میں طے شدہ بات چیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

جسٹس فاروق حیدر کی برٹش شہریت کے حامل بچوں کی حوالگی سے متعلق کیس کی سماعت سے معذرت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے برطانوی قونصلیٹ کی جانب سے برٹش شہریت کے حامل بچوں کی حوالگی سے متعلق کیس کی سماعت سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیاء باجوہ پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کیس دوسرے ڈویژن بنچ میں بھجوانے کی سفارش کرتے ہوئے فائل چیف جسٹس کو بھجواتے ہوئے کیس کی مزید سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

کراچی، بیہوشی کی حالت میں ملنے والے بزرگ سے دو بھارتی پاسپورٹ برآمد

دونوں پاسپورٹ جدہ سے جاری ہوئے ہیں اور ان پر پتہ حیدرآباد، آندھرا پردیش بھارت کا درج ہے

کراچی (این این آئی) کراچی کے مصروف ترین علاقے صدر میں واقع اللہ والی مسجد کے قریب ایک بزرگ شہری بے ہوشی کی حالت میں پائے گئے، جنہیں فوری طور پر جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بے ہوش شخص کی شناخت 60 سالہ عبدالعزیز کے نام سے ہوئی ہے۔ تاہم ان کی اصل شناخت اور پس منظر کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

سکھر، کچے کے علاقے میں پولیس کی کارروائی، 12 مغوی بازیاب

بازیاب افراد میں وہ تین نوجوان بھی، گزشتہ رات بچل شاہ میانی کے علاقے سے اغوا کیا گیا تھا، پولیس

سکھر (این این آئی) سکھر پولیس نے کچے کے علاقے میں ایک کامیاب آپریشن کے دوران 12 مغویوں کو بازیاب کرا لیا۔ پولیس حکام کے مطابق بازیاب کرائے گئے افراد میں وہ تین نوجوان بھی شامل ہیں جنہیں گزشتہ رات بچل شاہ میانی کے علاقے سے اغوا کیا گیا تھا۔ ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ مغویوں کی بازیابی کے دوران ڈاکوؤں نے پولیس ٹیم پر فائرنگ کر دی، جس کے جواب میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

لاہور: ایک لڑکی سکوٹی پر اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

Ahmed Raza Juice Corner
ALWAN PAINTS

لاہور: گرمی کے ستائے شہری میکلوڈ روڈ پر شربت پی رہے ہیں